قرآنِ مجید
ایک مسیحی کی نظر میں

بے لاگ مطالعہ

بے لاگ تبصرہ

مصنف

جیمز رائٹ

اِنتساب

فاضل دوست

نبیؔل قریشی

کی یاد میں

اور اُن تمام متلاشیانِ حق کے نام جو دِیانتداری سے سچائی کی تلاش میں رہتے ہیں،

کیونکہ فرانس شیفؔر فرمایا کرتے تھے کہ دِیانتدارنہ سوال کرنے والے دِیانتدارانہ جوابات کے مستحق ہوتے ہیں۔

فہرست

اظہارِ تشکر

ماہِ رمضان میں مطالعہء قرآن

پہلا باب: الفاتحہ (اِبتداء) سورہ ۱

دوسرا باب: البقرہ (گائے) سورہ ۲

اِثباتِ نبوتِ حضرتِ محمد ﷺ (سورہ۲:۲۳۔۲۴)

اِنسان کا عروج وزوال (سورہ۲:۳۰۔۳۴)

اللہ کی مدد کا وعدہ

حق یا باطل (سورہ۲:۴۲)

آلِ اِبراہیمؑ (سورہ۲:۴۰)

اِحکامِ عشرہ (سورہ۲:۵۳)

محرفہ صحائف؟ (سورہ۲:۵۹)

مسلمان، یہودی، نصرانی و دیگر (سورہ۲:۶۲)

حضرت موسیٰؑ اور گائے کی قربانی (سورہ۲:۶۷۔۷۳)

جو کتاب نہیں جانتے (سورہ۲:۷۸)

پہلی کتابوں کی تصدیق (سورہ۲:۹۷)

نسخِ صحائف (سورہ۲:۱۰۶)

اجنبیوں اور دُشمنوں کے لئے دُعا کرنا (سورہ۲:۱۰۵)

لوگوں کو ایمان سے پھیرنا (سورہ۲:۱۰۹)

کیا یہود ونصاریٰ ایک ہی کتاب پڑھتے ہیں؟ (سورہ۲:۱۱۳)

اللہ نے بیٹا نہیں بنایا ہے (سورہ۲:۱۱۶۔۱۱۷)

مخالف فریقین کی خواہشوں کی پیروی (سورہ۲:۱۲۰)

الکعبہ (سورہ۲:۱۲۷)

اِیمانِ ابراہیمؑ، اِسماعیلؑ، اِسحاقؑ، داؤدؑ وعیسیٰؑ (سورہ۲:۱۳۵_۱۳۶)

تحویلِ قبلہ (سورہ۲:۱۴۲)

ماہِ رمضان (سورہ۲:۱۸۵)

قتال فی سبیل اللہ (سورہ۲:۱۹۰_۱۹۳)

حج (سورہ۲:۱۹۶_۲۰۳)

پاکیزگی (سورہ۲:۲۲۲)

طلاق اور نکاح (سورہ۲:۲۲۱_۲۴۱)

دِین میں جبر نہیں (سورہ۲:۲۵۶)

القیامۃ (سورہ۲:۲۵۹)

نیک اعمال اور گناہ (سورہ۲:۲۷۱)

قرضوں پہ سُود کھانا (سورہ۲:۲۷۵)

روحانی اجر (سورہ۲:۲۸۱)

تیسرا باب: آل عمران سورہ ۳

کتب اور معانی (سورہ۳:۳_۷)

جہنم اور عذاب (سورہ۳:۱۰)

روحانی یا مادی دولت؟ (سورہ۳:۱۴)

دِین اور دوستی (سورہ۳:۲۸)

اندر کی بُرائی (سورہ۳:۳۰)

حضرت ابراہیمؑ یہودی یا مسیحی نہیں تھے

بت پرستی کا گناہ (سورہ۳:۸۰)

غلط راہ کا اِنتخاب (سورہ۳:۱۰۰)

خطرناک دُشمن (سورہ۳:۱۱۱)

اچھا کون ہے؟ (سورہ۳:۱۳۳۔۱۳۴)

ایک رسول سے زیادہ نہیں (سورہ۳:۱۴۴)

غزوۂ اُحد (سورہ۳:۱۳۰۔۱۸۰)

تلوار سے دُوری

صلیبی جنگوں کا کیا؟

چوتھا باب: النساء سورہ ۴

یتیم اور بیویاں (سورہ۴:۳)

ضرورتمندوں کے ساتھ اِنصاف (سورہ۴:۹۔۱۰)

جنسی بے حیائی کی سزا (سورہ۴:۱۵۔۱۶)

شوہروں کو بیویوں کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے (سورہ۴:۳۴)

گمراہی میں تجارت (سورہ۴:۴۴)

ناقابلِ معافی گناہ (سورہ۴:۴۸)

شفاعت کرنے والے (سورہ۴:۶۴)

ابراہیمؑ خلیل اللہ (سورہ۴:۱۲۵)

یہودیوں نے عیسیٰؑ کو قتل نہیں کیا (سورہ۴:۱۵۳۔۱۶۱)

تین مت کہو! (سورہ۴:۱۷۱)

پانچواں باب: المائدۃ سورہ ۵

حرام اور حلال (۵:۱۔۵)

غسل (سورہ۵:۶)

اللہ المسیح ہے؟ (سورہ۶:۱۷۔۱۸)

اللہ کے بیٹے (سورہ۵:۱۸)

دوسروں کے گناہ پر کے لئے جان دینا (سورہ۵:۲۹)

قتل کرنا کس صورت میں جائز ہے؟ (سورہ۵:۳۲۔۳۳)

فساد یا اعتماد؟ (سورہ۵:۴۷-۴۸)

یہودیوں اور مسیحیوں سے دوستی (سورہ۵:۵۱)

ایک جیسی آیت (سورہ۵:۵۹)

زندگی کی روٹی (سورہ۵:۶۸-۱۲۰)

چھٹا باب: الانعام (مویشی) سورہ ۶

کفر پر فیصلہ (سورہ۶:۱-۱۵)

کیا ثبوت اہم ہے؟ (سورہ۶:۱۹)

سمندر پر موت؟ (سورہ۶:۶۳-۶۴)

اپنے بچوں کو قتل نہ کرو (سورہ۶:۱۵۱)

قرآن کیوں دیا گیا؟ (سورہ۶:۱۵۵-۱۵۶)

ساتواں باب: الاعراف (بلندیاں) سورہ ۷

اچھے اور برے کا پیمانہ (سورہ۷:۸-۹)

سوئی کا ناکہ (سورہ۷:۴۰)

اللہ زمین پر آتا ہے (سورہ۷:۱۴۳)

دس احکام کے ذریعے فیصلہ کیا گیا (سورہ۷:۱۴۵)

تورات، انبیاء اور انجیل حضرت محمدﷺ کی پیشن گوئی؟ (سورہ۷:۱۵۷)

اللہ کے خوبصورت نام (سورہ۷:۱۸۰)

آٹھواں باب: الانفال (جنگ کی غنیمت) سورہ ۸

کس قسم کی جنگ؟ (سورہ۸)

نواں باب: التوبہ یا البرأت (بیزاری) سورہ ۹

کافروں کے ساتھ معاہدوں کے احکام (سورہ۹:۱-۲۹)

قرآن کے قدیم ترین نسخے

یہود و نصاریٰ سے جنگ کیوں؟ (سورہ ۹:۳۰۔۳۱)

جھوٹے مومن (سورہ ۹:۵۶)

ایک نیا دشمن متعارف کرایا گیا (سورہ ۹:۷۳)

اپنے قائد کی پیروی (سورہ ۹:۸۶۔۸۸)

جعلی مساجد (سورہ ۹:۱۰۷۔۱۱۰)

اللہ کی مہربانی کتنی عظیم ہے؟ (سورہ ۹:۱۱۳)

دسواں باب: یونس سورہ ۱۰

سیدھا راستہ (سورہ ۱۰:۲۵)

نبوتی کُتب (سورہ ۱۰:۳۷۔۴۰)

نوح کی کشتی (سورہ ۱۰:۷۳)

اہلِ کتاب سے پوچھو (سورہ ۱۰:۹۴)

گیارہواں باب: ہود (نبی ہود) سورہ ۱۱

فضل کیا ہے؟ (سورہ ۱۱:۳)

سارہ کی ہنسی (سورہ ۱۱:۷۱)

بارہواں باب: یوسف (پیغمبر یوسف) سورہ ۱۲

ہدایت دینے والی کہانیاں (سورہ ۱۲)

تیرہواں باب: الرعد (گرج) سورہ ۱۳

ابتدا میں (سورہ ۱۳:۱۶)

مزید فیصلہ (سورہ ۱۳)

چودھواں باب: ابراہیم (پیغمبر ابراہیم) سورہ ۱۴

عربوں میں ایک رسول (سورہ۱۴:۴)

انسانیت کا حقیقی جوہر؟ (سورہ۱۴:۳۴)

پندرھواں باب: الحجر سورہ ۱۵

اللہ اپنے پیغام کی حفاظت کرتا ہے (سورہ۱۵:۹)

قرآن پر حملہ (سورہ۱۵:۹۱)

سولھواں باب: النحل سورہ ۱۶

اللہ کی صورت پہ پیدا کیا؟ (سورہ۱۶:۱۷)

آخری قیامت (سورہ۱۶:۳۸)

ایک مسیحی سے پوچھئے (سورہ۱۶:۴۳)

دوخدا نہ بناؤ (سورہ۱۶:۵۱)

کوئی بھی اچھا نہیں (سورہ۱۶:۶۱)

غلامی (سورہ۱۶:۷۱۔۷۶)

ہر ایک شخص اپنا اپنا گواہ (سورہ۱۶:۸۹)

ذہن میں تبدیلی (سورہ۱۶:۱۰۶۔۱۰۷)

اسلام کو پھیلاؤ (سورہ۱۶:۱۲۵)

سترھواں باب: الاسراء (شب کا سفر) یا بنی اسرائیل (آلِ اسرائیل) سورہ ۱۷

القدس کی زیارت (سورہ۱۷:۱)

اٹھارھواں باب: الکھف (غار) سورہ ۱۸

غار میں سونے والے (سورہ۱۸:۹۔۲۶)

''کوئی اس کے کلام کو نہیں بدل سکتا'' (سورہ۱۸:۲۷)

اللہ کا فضل کمانا (سورہ۱۸:۴۶۔۵۳)

ابلیس فرشتہ تھا یا جن؟ (سورہ۱۸:۵۰)

ذوالقرنین دو سینگوں والا (سورہ۱۸:۸۳۔۹۹)

سورج کہاں غروب ہوتا ہے؟ (سورہ۱۸:۸۶)

اُنیسواں باب: مریم سورہ ۱۹

حضرت یحییٰ (سورہ۱۹:۱۔۱۵)

عیسیٰ کی موت (سورہ۱۹:۳۳)

بیسواں باب: طٰہٰ سورہ ۲۰

موسیٰ اور جلتی ہوئی جھاڑی (سورہ۲۰)

آدم کی شرم (سورہ۲۰:۱۱۵۔۱۲۳)

اکیسواں باب: الانبیاء سورہ ۲۱

محمد کے نام (سورہ۲۱:۱۰۷)

بائیسواں باب: الحج (حج) سورہ ۲۲

جہالت سے جھگڑا (سورہ۲۲:۸)

جہنم (سورہ۲۲:۱۹۔۲۲)

تخلیق کی طاقت (سورہ۲۲:۷۳)

تیئسواں باب: المؤمنون (مومنین) سورہ ۲۳

انسانوں کی تخلیق (سورہ۲۳:۱۲۔۱۴)

چوبیسواں باب: النور (روشنی) سورہ ۲۴

جنسی قوانین (سورہ۲۴:۲۔۳۳)

پچیسواں باب: الفرقان (جانچ) سورہ ۲۵

کیا اللہ کو محبت کرنے والا کہنا کفر ہے؟ (سورہ ۲۵:۶۰)

چھبیسواں باب: الشعراء (شاعر) سورہ ۲۶

واضح معنی (سورہ ۲۶:۲)

ستائیسواں باب: النمل (چیونٹیاں) سورہ ۲۷

اللہ کی مرضی کے آگے جھکنا (سورہ ۲۷:۹۱)

اٹھائیسواں باب: القصص (بیان) سورہ ۲۸

اللہ کس سے محبت کرتا ہے؟ (سورہ ۲۸:۷۶)

اُنتیسواں باب: العنکبوت (مکڑی) سورہ 29

ہم کچھ بھی اچھا کیسے کر سکتے ہیں؟ (سورہ 29:7)

وہی اللہ؟ (سورۃ 29:46)

تیسواں باب: الروم (رومی) سورہ ۳۰

اسلامی فرقے (سورہ ۳۰:۳۲)

اِکتیسواں باب: لقمان سورہ 31

زمین کو الفاظ سے بھرنا (سورہ ۳۱:۲۷)

بتیسواں باب: السجدہ (سجدہ) سورہ ۳۲

جہنم کا مقدر (سورہ ۳۲:۱۳)

تینتیسواں باب: الاحزاب سورہ ۳۳
حیاتِ محمد ﷺ (سورہ۳۳)

چونتیسواں باب: سبا(سبع) سورہ ۳۴
مزید تنبیہات (سورہ۳۴)

پینتیسواں باب: فاطر(موجدِ خلقت) سورہ ۳۵
کسی جان کو زندہ نہیں چھوڑا (سورہ۳۵:۴۵)

چھتیسواں باب: یٰسں سورہ ۳۶

سینتیسواں باب: الصفات (جو درجات میں ہیں) سورہ ۳۷
قیمتی فدیہ کی قربانی (سورہ۳۷:۱۰۲۔۱۰۷)

اڑتیسواں باب: ص سورہ ۳۸
جنت کے بارے میں مزید (سورہ۳۸:۴۹۔۵۳)

اُنتالیسواں باب: الزمر غافر سورہ ۳۹۔۴۰
مزید انعامات اور فیصلے (سورہ۳۹۔۴۰)

چالیسواں باب: فصیلات یا حمٓ سورہ ۴۱
برائی کیوں موجود ہے؟ (سورہ۴۱:۴۹)
اِکتالیسواں باب: الشوریٰ سورہ ۴۲
کیا اللہ لوگوں سے بات کرتا ہے؟ (سورہ۴۲:۵۱)

باب42: الزخرف سورہ۴۳

عربی میں ایک کتاب (سورہ۴۳:۳)

عیسیٰ المسیح کی واپسی (سورہ۴۳:۶۱)

تینتالیسواں باب: الدخان (دھواں) اور الجاثیۃ (گھٹنے ٹیکنا) سورہ۴۴۔۴۵

مزید ڈرامائی مناظر (سورہ44:43-48)

چوالیسواں باب: الاحقاف سورہ ۴۶

قرآن بائبل کی تصدیق کرتا ہے (سورہ۴۶:۱۰)

پینتالیسواں باب: القتال (لڑائی) سورہ ۴۷

آرام دہ ہونا یا نہیں؟ (سورہ۴۷:۲۰)

چھیالیسواں باب: الفتح (فتح) سورہ ۴۸

فتح (سورہ۴۸)

سینتالیسواں باب: الحجرات سورہ ۴۹

شک (سورہ۴۹:۱۵)

اڑتالیسواں باب: ق سورہ ۵۰

شہ رگ سے بھی قریب (سورہ۵۰:۱۶۔۱۷)

اُنچاسواں باب: الذاریات (ہوا جو بکھرتی ہے) سورہ ۵۱

معافی (سورہ۵۱:۱۸)

بخشنے والا اور معاف کرنے والا

پچاسواں باب: سورتیں ۵۲ ۔ ۶۱
چھوٹی سورتیں۔
نمکین اور تازہ پانی (سورہ ۵۵:۱۹)
کیا عیسیٰ نے حضرت محمد ﷺ کے آنے کی پیشین گوئی کی تھی؟ (سورہ ۶۱:۶)

اِکیاونواں باب: سورتیں ۶۲ ۔ ۷۰
جمعہ کی نماز اختیاری نہیں (سورہ ۶۲:۹ ۔ ۱۱)
منافقین (سورہ ۶۳)
اللہ کی روح مریم میں پھونک گئی (سورہ ۶۶:۱۲)

باونواں باب: سورتیں ۷۱ ۔ ۷۸
قرآن پڑھو (سورہ ۷۳:۲۰)
مزید سزائیں اور انعامات (سورہ ۷۳-۷۸)

ترپنواں باب: سورتیں ۷۹ ۔ ۸۷
ایک نابینا آدمی (سورہ ۸۰:۱ ۔ ۲)
ایک گولی میں (سورہ ۸۵:۲۰ ۔ ۲۱)

چونواں باب: سورتیں ۸۸ ۔ ۱۱۴
ہمارا مسئلہ کیا ہے؟ (سورہ ۹۸:۵)
اللہ پیدا نہیں ہوا (سورہ ۱۱۲)

اِظہارِ تشکر

میری بیگم کہا کرتی ہیں کاش کہ اُن کی شادی کسی کسان سے ہو جاتی۔ مَیں کوئی کسان نہیں ہوں، چنانچہ اُن کا یہ ارمان ادھورا رہ گیا۔ کلیدی تختہ [1](Keyboard) ہو یا ٹریکٹر، ایک مصنف اور کسان کو اپنی زمین تیار کرنے کے لئے بڑی محنت کرنی پڑتی ہے تا کہ نئے بیج جڑ پکڑیں، نشو ونما پائیں اور پھل لا سکیں۔ زیرِ نظر تصنیف کے دوران صَرف ہونے والے طویل گھنٹوں میں میری اہلیہ نے نہ صِرف اِنتہائی صبر کا مظاہرہ کِیا بلکہ میری بھرپور حوصلہ افزائی بھی کی، آپ کے رُخِ تاباں نے ہمیشہ میری زندگی میں ایک منفرد رنگ بھرا ہے۔ اُن متعدد دوستوں کا بھی شکرگزار ہوں جنہوں نے اِس کتاب کی نوک پلک سنوارنے میں اپنا قیمتی وقت اور توانائی صَرف کی تا کہ ایک معیاری تصنیف قارئین کی نذر کی جا سکے۔

ماہِ رمضان میں مطالعہ قرآن

اِس ماہِ رمضان مَیں نے تہیہ کیا کہ قرآنِ مجید کا مطالعہ کروں گا۔ مَیں گزشتہ کئی سالوں سے قرآنِ مجید کا مطالعہ کر رہا ہوں، مگر اِس بار مَیں پورے قرآن کو اِنتہائی باریک بینی سے پڑھنا چاہتا تھا۔ مَیں عیسیٰ المسیح کا پیروکار ہوں، اکثر لوگ مجھے مسیحی کہتے ہیں، تاہم مجھے علم ہے کہ بیشتر افراد اِس لفظ کے حقیقی معنی سمجھنے سے قاصر ہیں اور بعض تو مسیحیوں کے متعلق اِنتہائی غلط یا عجیب وغریب نظریات رکھتے ہیں۔ مَیں ایشیا میں رہتا ہوں، لیکن اِس سے کچھ فرق نہیں پڑتا مَیں دُنیا کے کسی حصہ میں بھی چلا جاؤں۔ چاہے وہ شمالِ بعید میں واقع یخ بستہ ماسکو ہو یا جنوب میں واقع تھائی لینڈ کے تپتے جنگلات۔ اکثر لوگوں کا ماننا ہے کہ مسیحی کا مطلب یورپی یا امریکی ہونے کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے۔ ایک ایسا شخص جو حد سے زیادہ شراب نوشی کرتا ہے، سُور کا گوشت کھاتا ہے اور کسبیوں کے پیچھے بھاگتا رہتا ہے۔ یا اِس سے بھی بدتر، اُن میں سے کچھ کا تو یہ ماننا ہے مسیحی جسم فروشی کرتے ہیں۔

فلمیں اور ٹیلی ویژن اِن غلط نظریات کو مزید بڑھاوا دیتے ہیں۔ گرجا گھر تو وہی قدیم طرز کی خوبصورت عمارت ہے نا جہاں جا کر گنہگار پادری کے سامنے اپنے گھناؤنے گناہوں کا اعتراف کرتے ہیں اور اعتراف کے بعد سب کچھ معمول پہ آ جاتا ہے تاکہ وہ گنہگار اِس سے بھی گھناؤنے کام کر سکیں مثلاً شراب نوشی کے ساتھ ساتھ سُور کا گوشت بھی جی بھر کے کھا سکیں۔

یہ تصویر میرے لئے تو اِنتہائی نفرت انگیز ہے اور اگر حقیقی مسیحی عقیدہ ایسا ہوتا ہے، تو مَیں کہوں گا کہ ایسے عقیدے کو سمندر کی تہہ میں پھینک دینا چاہیے۔ مَیں اِس قسم کا مسیحی نہیں ہوں۔ کیا ایک بداَخلاق شخص مسیحی کہلانے کا حقدار ہے؟ کتابِ ہٰذا میں ہم یہی دیکھیں گے کہ اللہ کا طریقہ یہ نہیں ہے۔ بے شک شراب نوشی ایک بُرا عمل ہے جو اِنسان کو کسی بھی قسم کی مصیبت میں ڈالنے کے لئے کافی ہے۔ میری ذاتی رائے میں ضروری نہیں کہ سُور کا گوشت کھانے والا ہر شخص بُرا ہی ہوتا ہے مگر مَیں اُن لوگوں کا زیادہ احترام کرتا ہوں جو اِس سے دُور رہتے ہیں۔ آپ مجھے کبھی کوئی مکروہ گوشت کھاتا نہیں دیکھیں گے۔ میرا اِیمان ہے کہ ایک مرد اور عورت کو نکاح کے بعد ہی اکٹھا ہونا چاہیے، اور اللہ تعالیٰ کی تعلیم کے مطابق، مَیں جنسی بداَخلاقی کو رد کرتا ہوں کیونکہ یہ زندگیوں کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیتی ہے۔ ہمیں شہوت میں ذلیل و رُسوا ہونے کے لئے نہیں بلکہ محبت میں قائم رہنے کے لئے بنایا گیا ہے۔

عیسیٰ اِبنِ مریم کو ایک خاص لقب سے پکارا جاتا ہے۔ ''المسیح''۔ آپ کے پیروکار مسیحی کہلاتے ہیں۔ وہ آپ سے محبت کرتے ہیں، آپ پر بھروسہ رکھتے ہیں اور آپ کی پیروی کرتے ہوئے ایک ایسی پاکیزہ زندگی بسر کرتے ہیں جو اِس دُنیا کی روِشوں سے بالکل مختلف ہے۔

میرے پڑوسی ماہِ رمضان میں بڑے اہتمام کے ساتھ روزہ رکھتے ہیں، مغرب ہوتے ہی مساجد میں چراغاں ہو جاتا ہے، خوش ذائقہ مٹھائیوں کے ہمراہ اِفطار کی خاص یخنی، گرما گرم چپاتیوں اور پلاؤ کے ساتھ اِفطار کیا جاتا ہے۔ اِفطار کے بعد کچھ دیر مدھم روشنی میں سستایا جاتا ہے اور ساتھ ہی گرم چائے اور کافی کے دَور چلتے ہیں۔

گرمیوں کے لمبے دِن رمضان کو اور بھی مشکل بنا دیتے ہیں۔ انتہائی سخت اور مشکل ترین روزہ جس میں پانی، سگریٹ یہاں تک کہ اپنا تھوک نگلنے کی بھی ممانعت ہے۔ اِس کے باوجود مسلمان اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کا برگزیدہ بنانے کے لئے سال ہا سال روزے رکھتے ہیں۔

دُنیا بھر میں مسلمانوں کی لاکھوں آبادیاں موجود ہیں۔ میرے مسلمان دوستوں اور پڑوسیوں کو کسی غیر مسلم سے ملنے کا بڑا اِشتیاق رہتا ہے۔ وہ مجھ سے پوچھتے ہیں کہ، ''حضرت محمد ﷺ کے متعلق آپ کیا سوچتے ہیں؟'' جب مَیں اُنہیں بتاتا ہوں کہ مَیں نے قرآنِ مجید پڑھا ہے تو وہ بڑے اِلتفات سے پوچھتے ہیں کہ، ''آپ پر اِس کا کیا اثر ہوا ہے؟ اِس کے بارے میں آپ کیا رائے رکھتے ہیں؟'' غالباً میرے آباواجداد عرب نہیں تھے، تاہم یقین سے کچھ نہیں کہا جاسکتا۔ بہت پہلے وہ دُور دراز علاقوں سے ہجرت کر کے آئے تھے۔ جینیاتی معائنے تصدیق کرتے ہیں کہ میرے والد کے اَسلاف ہسپانیہ، آئرلینڈ، ناروے یہاں تک کہ وسطی ایشیا کے قفقاز میں بھی آباد تھے۔ باقی اِنسانوں کی طرح وہ بھی حضرت آدم اور حوا علیہم السّلام کی اولاد سے ہیں۔ مَیں ترکی، انگریزی، قازق اور تھوڑی بہت رُوسی بول سکتا ہوں، مگر عربی سے بھی واقف ہوں۔

میرے اور عربی زبان کے درمیان ایک مؤدب رشتہ ہے، تاہم ہمارا یارانہ اتنا زیادہ پختہ نہیں ہے۔ قرآنی عربی پڑھنے کے لئے مجھے تفاسیر کے ساتھ ساتھ لاطینی رسم الخط میں عربی نقلِ حرفی کا سہارا لینا پڑتا ہے۔

علمائے اِسلام کا کہنا ہے کہ قرآنی عربی ایک الٰہی زبان ہے جس کا مِن وعن ترجمہ نہیں کیا جاسکتا۔ مصطفیٰ کمال اتاترک نے مساجد کو ترک زبان میں اذان دینے کی تاکید کی تھی، لیکن بعدازاں اِس اِقدام کو ناقابلِ قبول قرار دے دِیا گیا۔ جہاں بھی قرآنِ مجید کی تلاوت کی جائے گی، لازم ہے کہ وہ خالص قرآنی عربی میں ہی ہو، خواہ کچھ سننے والوں کو اِس کا دُرست مفہوم سمجھ نہ آئے۔ قرآنِ مجید کا مطالعہ کرنے کے لئے مَیں نے عبداللہ یُوسف علی کی انگریزی تفسیر *The Meaning of the Holy Qur'an* کے ساتھ ساتھ متعدد آنلائن ترکی تفاسیر کا اِستعمال کیا ہے۔ بعض تفاسیر ایک دوسرے سے مطابقت رکھتی ہیں، لیکن بعض مختلف ہوتی ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی تفسیر عربی سکھانے کا کام نہیں کرتی۔ بدقسمتی سے، زیادہ تر لوگ اِس کارِخیر کو کامیابی سے پایۂ تکمیل تک پہنچانے سے پہلے ہی اِنتقال کر جاتے ہیں۔

ایک مسیحی قرآنِ مجید کا مطالعہ کیوں کرے گا؟ اُس پر تنقید کرنے کے لئے؟ یا، اِسلام قبول کرنے کے لئے؟ میرے کئی مسلمان دوست چاہتے ہیں کہ مَیں قرآنِ مجید کا مطالعہ کروں کیونکہ اُن کے عقیدے کے مطابق یہ دُنیا کی معتبر ترین کتاب ہے۔

مَیں قرآنِ مجید پر تنقید کرنے کے بجائے اِسے ایک صاحب فکر، سمجھدار، عاجز اور دُعاگو شخص کی طرح پڑھنا چاہتا ہوں۔ یہاں یہ سوال اُٹھتا ہے کہ، کیا مَیں مسلمان ہونا چاہتا ہوں؟ درحقیقت مَیں سچائی کو جاننا اور اِس کی اِطاعت کرنا چاہتا ہوں، چاہے وہ مجھے کہیں سے بھی ملے۔ میرے مقدر کا تعین میری نسل، تمدن، والدین یا نصیب پہ منحصر نہیں ہے۔ اگر میرے پاس حقِ انتخاب ہے؟ اگر مَیں سچائی کو چُن سکتا ہوں، تو مَیں اِسے پورے دِل سے جانچ کر فیصلہ کرنا چاہتا ہوں۔

میرے کئی مسلمان دوست چاہتے ہیں کہ مَیں قرآنِ مجید کا مطالعہ کروں

کیونکہ اُن کے عقیدے کے مطابق یہ دُنیا کی معتبر ترین کتاب ہے۔

میرا دوسرا مقصد ہے عزت واحترام کی پاسداری۔ مسلمانوں اور مسیحیوں میں اکثر باتیں مماثل ہیں۔ قرآنِ مجید کا مطالعہ دونوں گروہوں کے درمیان عزت اور احترام کا رشتہ قائم کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ قرآنِ مجید میں بیان ہوا ہے، ''اور اہلِ کتاب سے نہ جھگڑو مگر ایسے طریقے سے جو عمدہ ہو'' (سورۃ العنکبوت ۲۹:۴۶)۔

جب قرآن اللہ کی طرف سے بھیجی گئی پہلی کتابوں کا ذِکر کرتا ہے تو بالعموم توراۃ، صحائفِ انبیاء علیہم السَّلام (بشمول زبور) اور اِنجیل کے کچھ یا مکمل حصوں کی طرف اِشارہ کرتا ہے۔[۱]

([۱] بعض جگہوں پر مَیں نے توراۃ، صحائفِ انبیاء علیہم السَّلام اور اِنجیل کے لئے پہلی کتب کی اِصطلاح استعمال کی ہے۔

توراۃ = پہلی ۵ کتابیں جو حضرت موسیٰؑ پر نازل ہوئیں

صحائفِ انبیاء علیہم السَّلام = عیسیٰ اَلمسیح سے پہلے کے مقدس صحیفے، بشمول زبور جس میں حضرت داؤدؑ کا حمدیہ کلام درج ہے

اِنجیل = عیسیٰ اَلمسیح یعنی کلمۃ اللہ (اللہ کا کلمہ) کی بشارت)

مَیں نے توراۃ، صحائفِ انبیاء علیہم السَّلام اور اِنجیل کا مطالعہ کیا ہے مگر مَیں یہ جاننے کا خواہاں ہوں کہ قرآن میں اِن سب اہم موضوعات یعنی: خالق ومخلوق، خیر وشر، ملائکہ وشیاطین، جنت وجہنم، توراۃ، زبور، صحائفِ انبیاء علیہم السَّلام اور عیسیٰ اَلمسیح کا ذِکر کیوں اور کس طور سے ہوا ہے۔

پہلا باب

الفاتحہ (اِبتداء) سورہ ا

کہاں سے شروع کروں؟ قرآنِ مجید کوئی مختصر کتاب نہیں اور نہ ہی یہ آسان ہے۔ اِس کی زبان اور اُسلوب اِنتہائی ثقیل ہیں۔ ۱۱۴ سورتوں میں ۶۰۰۰ سے بھی زائد آیات ہیں ۶۵۰ء میں مسلمانوں نے قرآنِ مجید کے اولین نسخہ جات کی مدد سے اِسے مکمل کتابی شکل میں تحریر کیا۔ آگے چل کر اِس کی مزید نقول تیار کی جانے لگیں اور یہ کام آج بھی جاری ہے۔ ترویجِ اِسلام کی کے ساتھ اِس کی اِشاعت میں بھی ہر سال اِضافہ ہو رہا ہے۔

قرآنِ مجید کے نسخوں کی طباعت کے لئے سیاہی اور کاغذ کا اِستعمال کیا جاتا ہے۔ تاہم، اکثریت کا اعتقاد ہے کہ سیاہی اور کاغذ اُس ابدی کلام کی نمائندگی کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے فرشتہ حضرت جبریلؑ کی وِساطت سے حضرت محمد ﷺ پہ نازل ہوا تھا، اِس لئے سیاہی اور کاغذ کا احترام کرنا واجب ہے۔ کتاب کی بے ادبی اللہ کی بے ادبی کرنے کے مترادِف ہے۔ کوئی بھی مسلمان کسی صورت بھی یہ برداشت نہیں کرے گا کہ کوئی قرآنِ مجید کو زمین پہ رکھے۔

قرآنِ مجید کو پڑھنے کے لئے مَیں مطالعہ کے تین بنیادی طریقوں میں سے کسی ایک کو اِستعمال کرنے کی کوشش کر سکتا ہوں۔ پہلا طریقہ ہے شروع سے آخر تک پڑھتے جایئے۔ دوسرا طریقہ ہے حسبِ موضوع مطالعہ مثلاً جنت و جہنم یا انبیاء علیہم السّلام و فرشتگان جیسے موضوعات کے مطابق مطالعہ کرنا۔ تیسرا طریقہ ہے قرآن کا بہ ترتیبِ زمانی مطالعہ یعنی اُن سورتوں سے آغاز کر کے جو پیغمبرِ اسلام ﷺ پر پہلے نازل ہوئیں سلسلہ وار اُن سورتوں تک پڑھا جائے جو آپ ﷺ کی زندگی کے آخری ایام میں نازِل ہوئیں، لیکن یہ طریقہ کافی پیچیدہ ہے۔

قرآن کا مطالعہ کرنے کا آسان ترین طریقہ یہ ہے کہ اِسے شروع سے پڑھا جائے۔

(۱) سورة الفاتحة

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو سب جہانوں کا پالنے والا ہے۔

بڑا مہربان نہایت رحم والا۔

جزا کے دن کا مالک۔

ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔

ہمیں سیدھا راستہ دکھا۔

ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا، نہ کہ جن پر تیرا غضب نازل ہوا اور نہ وہ جو گمراہ ہوئے۔

دُنیا بھر کے مسلمان دِن میں اربوں مرتبہ سورہ ۱:۱ کی تلاوت کرتے ہیں۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ یہ کلمات بڑے ہی قدیم اور مانوس معلوم ہوتے ہیں۔ مَیں نے اِن کلمات کو توراۃ میں پڑھا ہے، جو کہ پیغمبرِ اِسلام ﷺ کی بعثت سے ۲۰۰۰ سال قبل نازل ہوئی، ''کیونکہ خداوند[۱] (۱ ''خداوند''، توراۃ شریف اور صحائفِ انبیاء علیہم السّلام (بشمول زبور شریف) میں بیشتر مقامات پر **یھـــــوواہ** (عبرانی میں یہوواہ لکھئے Bold & Font Size: 16) کا ترجمہ خداوند کیا گیا ہے، اللہ تعالیٰ کا مقدس نام جس کے معنی ہیں ''مَیں جو ہوں سو مَیں ہوں۔'') ''تمہارا خدا[۲] (۲ توراۃ شریف، صحائفِ انبیاء علیہم السّلام اور اِنجیلِ مقدس کے اَصل تراجم میں لفظ ''خدا'' اِستعمال ہوا ہے۔ اپنی رائے زنی کے دوران مَیں نے بیشتر مقامات پر ''اللہ'' کی اِصطلاح اِستعمال کی ہے۔) بڑا مہربان اور رحیم ہے۔''[۳] (۳ صحائفِ انبیاء علیہم السّلام، ۲۔ اَخبار ۳۰:۹ (کاتھولک بائبل کمیشن، پاکستان))'' اور ''خداوند۔۔۔ تجھ پر رحم کرے اور ترس کھائے۔''[۴] (۴ توراۃ شریف، اِستثناء ۱۳:۱۷ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور))

توراۃ کی عبرانی قرآنی عربی سے کافی مماثلت رکھتی ہے۔ آخر، دونوں زبانیں آلِ ابراہیمؑ سے وابستہ ہیں۔ ذرا درج ذیل الفاظ پر غور کیجیے۔

(بریکٹ ہٹا کر عبرانی میں اِعراب کے ساتھ راخام لکھئے) راخام، مہربان / الرَّحۡمٰن الرحمان، شفیق

(بریکٹ ہٹا کر عبرانی میں اِعراب کے ساتھ خانُون لکھئے) خانُون، مہربان

(بریکٹ ہٹا کر عبرانی میں اِعراب کے ساتھ راخُوم لکھئے) راخُوم، رحم کرنے والا / الرَّحِیۡم الرحیم، رحم کرنے والا

یہ واحد آیات نہیں ہیں جو اللہ تعالیٰ کو رحمان و رحیم بلاتی ہیں۔ توراۃ اور انبیاء علیہم السّلام کے صحائف میں راخُوم کی اِصطلاح ۴۷ مرتبہ، راخام ۴۴ مرتبہ جبکہ لفظ خانُون ۱۳ مرتبہ اِستعمال ہوا ہے۔ قدیم انبیاء علیہم السّلام نے بارہا اِن مقدس کلمات کا اِستعمال کیا۔ قرآنِ مجید

میں بھی ایسی ۱۲۳ آیات موجود ہیں جو اللہ تعالیٰ کو رحیم کہتی ہیں جبکہ ۶۲ آیات ایسی ہیں جن میں رحمٰن کا لفظ اِستعمال ہوا ہے۔

سورہ ا میں اللہ کی حمد و ثنا کے بعد ایک دُعا ہے جس میں اِلتجا کی گئی ہے کہ ''ہمیں سیدھا راستہ دکھا۔'' اگر ہمیں سیدھا راستہ تلاش کرنے کے لئے اللہ کی مدد درکار ہے، تو ٹیڑھے راستے کیا ہیں؟ کتنے ہیں؟ کہاں سے آتے ہیں اور کہاں کو جاتے ہیں؟ کیا وہ جہنم کو جاتے ہیں؟ صراطِ مستقیم کی تلاش ایک مشکل عمل ہے۔ اگر یہ کام اِتنا آسان ہوتا تو ہمیں اِس کے لئے اللہ کی مدد کی ضرورت نہ ہوتی۔ اگر ہم اپنی قوت پر اِنحصار کریں، تو ہلاکت کی طرف جانے والے کشادہ راستہ سے باز رہنے کی اُمید اِنتہائی کم ہے۔ ایسا کچھ تو ہے جو لوگوں کے لئے بڑی مشکلات کا باعث بن رہا ہے۔ سورہ ا تصدیق کرتی ہے کہ تمام راستے یکساں نہیں ہیں۔ تو پھر ہم صراطِ مستقیم کو کیسے پہچان پائیں گے؟ یہ سوال ہماری زندگی کے اہم ترین سوالوں میں سے ایک ہونا چاہیے۔

دوسرا باب

البقرہ (گائے) سورہ ۲

رمضان کے چند ہفتے بعد، میرے پڑوسیوں نے عیدالاضحیٰ (عیدِ قرباں) کے لئے اپنے گھر کے پیچھے ایک بڑا بیل ذِبح کیا۔ عرش تک جاتی دُعاؤں کے ساتھ ساتھ بے شمار جانوروں کی شہ رگ سے خون بہہ رہا تھا۔

دوسری سورہ البقرہ (گائے) کہلاتی ہے۔ سورہ ۲ کا مطالعہ کرتے ہوئے مجھے اپنے پڑوسیوں کے ذِبح شدہ بیل کا خیال آیا۔ اِس کی ۲۸۶ آیات اِسے قرآن کی طویل ترین سورت بناتی ہیں۔ اِنتہائی طویل ہونے کی وجہ سے مَیں اِس کی تمام آیات پہ تبصرہ نہیں کروں گا، تاہم یہ بغور پڑھنے کے لائق ضرور ہے۔

اِثباتِ نبوتِ حضرتِ محمدؐ (سورہ ۲: ۲۳۔۲۴)

آیت ۲۳ اور ۲۴ کو حضرت محمدؐ کی نبوت کی حتمی دلیل مانا جاتا ہے: آپؐ کی عربی قرائت کو کسی بھی دوسرے شخص کی بہ نسبت کہیں برتر مانا جاتا تھا۔ آپؐ کی مسحور کن فصاحت اور بارُسوخ اُسلوبِ خطابت کو دوسرے کسی بھی فرد کے مقابلے میں اِتنی زیادہ فوقیت حاصل تھی کہ آپؐ کے پیروکاروں نے آپؐ کی دعوت کو پیغامِ الٰہی مانتے ہوئے بلا پس وپیش اِسے قبول کیا۔

اِنسان کا عروج وزوال (سورہ ۲: ۳۰۔۳۴)

البقرہ کی آیت ۳۰۔۳۴ میں ہمیں اِنسان کی تخلیق کا بیان ملتا ہے۔ وہاں ایک دلچسپ بات کا ذِکر ہوا ہے کہ فرشتوں کو پیشتر ہی یہ اندیشہ تھا کہ اِنسان سرکشی کرے گا۔

ترجمہ: ''اور جب تیرے رب نے فرشتوں سے کہا ''میں زمین میں ایک نائب بنانے والا ہوں،'' فرشتوں نے کہا کیا تُو زمین میں ایسے شخص کو نائب بنانا چاہتا ہے جو فساد پھیلائے اور خون بہائے؟''

آیت ۳۴ بیان کرتی ہے کہ مستقبل کی نافرمانی کا علم ہونے کے باوجود اللہ نے نہ صرف اِنسان کو بنانے کا فیصلہ کیا بلکہ فرشتوں سے کہا کہ وہ اُس کے آگے سجدہ کریں۔ زبور نویس اِقرار کرتے ہیں کہ خدا کا بنی نوعِ اِنسان کی فکر کرنا عجیب بات ہے۔ حضرت داؤدؑ بیان کرتے ہیں۔

تو اِنسان کیا ہے کہ تُو اُسے یاد فرمائے۔
یا آدم زاد کیا ہے کہ تُو اُس کی خبر گیری کرے۔
تُو نے اُسے فرشتوں سے کچھ ہی کم تر بنایا ہے۔

اور شان اور شوکت کا تاج اُس پر رکھا ہے۔[1]

([1]مزمور ۸: ۵۔۷ (کاتھولک بائبل کمیشن، پاکستان))

آدم وحوا علیہم السّلام کی تخلیق کے بعد اللہ تعالیٰ نے اُنہیں ایک خوبصورت باغ میں رکھا، جہاں وہ ایک درخت کے علاوہ باقی تمام درختوں کے پھلوں سے لطف اندوز ہو سکتے تھے۔ لیکن شیطان نے آ کر اُنہیں بہکایا اور اُنہوں نے شجرِ ممنوعہ کا پھل کھا لیا۔ قرآن میں ذِکر ہے کہ، ''پھر شیطان نے اُن کو وہاں سے ڈگمگایا پھر اُنہیں اُس عزت و راحت سے نکالا کہ جس میں تھے۔'' ممنوعہ پھل کھانے سے پہلے وہ کس حالت میں تھے؟ کیا وہ پارسائی کی حالت میں نہ تھے، جس میں نہ تو کوئی گناہ تھا، نہ شرم تھی اور نہ ہی سزا کا کوئی حکم تھا؟ جب اُنہوں نے اپنی بے گناہی کھو دی، تو اللہ نے بھی اُنہیں باغ سے باہر کر دیا تاکہ پھر واپس نہ آئیں۔

اللہ کی مدد کا وعدہ

حضرت آدم وحوا علیہم السّلام اور اُن کی اولاد کو دُرست ہدایت کی ضرورت تھی۔ لیکن ایک مسئلہ اور بھی تھا۔ اللہ کے قوانین کو توڑنے کے گناہ کا کیا؟ فرض کیجیے کہ ایک شخص کسی بینک سے ایک لاکھ ڈالر (۱۰۰۰۰۰$) چُراتا ہے۔ لیکن آخر کار پولیس اُس چور کو گرفتار کر لیتی ہے۔ وہ اُنہیں بتاتا ہے کہ اُسے سیدھا راستہ مل چکا ہے اِس لئے وہ پچاس ہزار ڈالر (۵۰۰۰۰$) ایک یتیم خانے کو دے کر باقی رقم واپس لوٹانا چاہتا ہے۔ وہ اُن سے وعدہ کرتا ہے کہ وہ آئندہ کبھی چوری نہیں کرے گا۔ کیا اُس کے نیک اعمال اور توبہ اُس کے قرض کو مکمل طور پر ختم کر کے اُس کے گناہ کو دُور کر دیں گے؟ اگر اُس نے بینک لوٹتے وقت محافظ کو قتل کیا ہو تو؟

توراۃ شریف بیان کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم اور حوا علیہم السّلام کو ممنوعہ پھل کھانے کے متعلق تنبیہ فرمائی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اُنہیں متنبہ کیا کہ اگر اُنہوں نے شجرِ ممنوعہ کا پھل کھایا تو وہ ضرور مر جائیں گے۔

شیطان جھوٹا ہے۔ اُس نے حوّا سے دروغ گوئی کی اور کہا کہ ممنوعہ پھل کھانے کے بعد وہ ہرگز نہیں مریں گے۔ لیکن وہ مرے۔ اول یہ کہ، اپنے آخری ایام میں وہ بوڑھے اور بیمار ہو کر جسمانی موت مرے۔ دوسری اور زیادہ ضروری بات کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اُن کا رِشتہ ختم ہو گیا۔ وہ اپنے گناہ پر شرمندہ ہوئے اور خود کو اللہ سے چھپانے کی کوشش کی۔

تاہم وہاں ایک حیران کن بات ہوئی۔ اول، اللہ تعالیٰ نے ایک اِنتہائی خاص شخصیت کی آمد کا وعدہ فرمایا جسے ''عورت کی نسل'' کہا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے شیطان کو خبردار کیا کہ، ''مَیں تیرے اور عورت کے درمیان اور تیری نسل اور عورت کی نسل کے درمیان عداوت ڈالوں گا۔ وہ تیرے سر کو کچلے گا اور تُو اُس کی ایڑی پر کاٹے گا۔''[2] ([2]توراۃ شریف، پیدائش ۳: ۱۵ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور)) ایسا کون ہے جو شیطان کو کچل سکتا ہے؟

دوم، اللہ تعالیٰ نے تاریخِ بشر کی پہلی قربانی کی۔ اُنہیں اُن کی شرمناک برہنگی میں چھوڑ دینے کے بجائے اللہ تعالیٰ نے خود حضرت آدم اور حوا علیہم السّلام کو جانور کی کھال سے بنی پوشاک پہنائی۔ یہ کھال سے تیار کردہ پوشاکیں کہاں سے آئی تھیں؟ اُن کی برہنگی چھپانے کے لئے

اللہ تعالیٰ نے خود جانوروں کو قربان کیا۔ فقط وہ ہی ایسی قربانی گزران سکتا تھا جو اُن کی برہنگی ڈھانپنے کے لئے کافی ہو۔

حق یا باطل (سورہ ۲:۴۲)

ایک رُومی حاکم نے ایک مرتبہ عیسیٰ المسیح سے پوچھا کہ، ''حق کیا ہے؟'' قرآنِ مجید حق کو باطل سے چھپانے سے خبردار کرتا ہے۔ سچائی کو جاننے سے آزادی ملتی ہے۔ جب کسی شخص کو یہ پتہ چلتا ہے کہ اُس کے دِل کا ایک حصہ ٹھیک سے کام نہیں کر رہا اور اُسے ایک تکلیف دہ آپریشن سے گزرنا پڑے گا۔ مگر سچائی کا علم ہوجانے کے بعد وہ ایک لمبی اور خوشگوار زندگی گزار سکتا ہے۔

ہم سچائی کو کیسے جان سکتے ہیں؟

سائنس اور صنعت وحرفت حیرت انگیز کام کر رہی ہیں۔ ہوائی جہاز گھنٹوں میں دُنیا کا چکر لگا سکتے ہیں۔ کمپیوٹر کے ذریعے کسی بھی ملک کے لوگوں سے رابطہ کر کے فوری طور پر زبانوں کا ترجمہ کیا جاسکتا ہے۔ اَدویات اور جدرِین کاری[۳] ([۳] ویکسین - Vaccine) نے اِنسان کی عمر میں اضافہ کر دِیا ہے۔ لیکن اِن میں سے کوئی بھی کامل طور پر اللہ تعالیٰ کی حقیقتِ روحیہ کو بیان نہیں کرسکتا۔ وہ ہماری مادی کائنات سے الگ وجود رکھتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے خود حضرت آدم اور حوا علیہم السّلام کو جانور کی کھال سے
بنی پوشاک پہنائی ۔۔۔ فقط وہ ہی ایسی قربانی گزران سکتا تھا جو اُن کی برہنگی ڈھانپنے کے لئے کافی ہو۔

اِنجیلِ مقدس میں بیان ہوا ہے کہ، ''سب باتوں کو آزماؤ۔ جو اچھی ہو اُسے پکڑے رہو۔''[۴] ([۴] اِنجیلِ مقدس، ۱۔ تھسلنیکیوں ۵:۲۱ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور)) جدید اِصطلاح میں اِس عمل کو تنقیدی سوچ کہا جاتا ہے۔ اِس کا مطلب یہ ہے کہ کسی بات کے متعلق یہ تحقیق کرنے سے کہ آیا وہ واقعی سچ ہے یا نہیں، حقیقی سچائی تک پہنچنے میں مدد مل سکتی ہے۔ اِس عمل میں ہر زاویہ سے تمام ثبوتوں کی تحقیق کی جاتی ہے۔

عیسیٰ المسیح نے ''دو یا تین والے اُصول'' کی حمایت فرمائی۔ آپ نے فرمایا کہ ہر ایک بات دو یا تین گواہوں کی زبان سے ثابت ہو جائے۔[۵] ([۵] اِنجیلِ مقدس، متی ۱۸:۱۶ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور)) یہ اُصول فطری اور روحانی سچائی کا تعین کرنے کے لئے ناگزیر ہے۔

ایک پرانی کہاوت ہے کہ، ''جتنی زیادہ آنکھیں اُتنا بہتر مشاہدہ۔'' جی ہاں، لیکن اِس کے لئے آنکھوں کا بینا ہونا بھی ضروری ہے۔ بیشتر اندھی آنکھیں ایسی ہیں جنہیں صرف ایک منظر کے علاوہ کچھ اور دِکھائی نہیں دیتا۔ سچائی اُنہیں ملتی ہے جو اِس کی تلاش کرتے ہیں، اِس کے متعلق سوال کرتے اور سنتے ہیں۔

آلِ اِبراہیمؑ (سورہ ۲:۴۰)

آلِ ابراہیمؑ کون ہیں؟ پیغمبرِ اِسلام ﷺ کے دَور میں وہ کہاں رہتے تھے؟ اللہ تعالیٰ نے اُن کے ساتھ کس قسم کا عہد باندھا تھا؟ عہد کے

سادہ سے معنی ہیں معاہدہ ،لیکن یہ محض ایک اِقرار نامہ سے کہیں زیادہ پختہ ہوتا ہے، اِس کے فریقین خود کو ایک دوسرے کے سپرد کردیتے ہیں۔مثلاً، بہت سی تہذیبوں میں شوہر اور بیوی تاحیات ایک دوسرے سے محبت کرتے رہنے کا عہد باندھتے ہیں۔توراۃ کی پہلی کتاب جسے پیدائش (اِبتداء) کہا جاتا ہے، بیان کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت اِبراہیمؑ سے کس طرح کا عہد باندھا تھا۔[٦] (٦ توراۃ شریف، پیدائش ١٢: ١۔٣ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور) اور خداوند نے ابرامؔ سے کہا کہ تُو اپنے وطن اور اپنے ناتے داروں کے بیچ سے اور اپنے باپ کے گھر سے نکل کر اُس ملک میں جا جو مَیں تجھے دِکھاؤں گا۔اور مَیں تجھے ایک بڑی قوم بناؤں گا اور برکت دُوں گا اور تیرا نام سرفراز کروں گا۔سو تُو باعثِ برکت ہو! جو تجھے مبارک کہیں اُن کو مَیں برکت دُوں گا اور جو تجھ پر لعنت کرے اُس پر مَیں لعنت کروں گا اور زمین کے سب قبیلے تیرے وسیلہ سے برکت پائیں گے۔) یہاں اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کی اولاد کو ایک بڑی قوم بنانے کا وعدہ فرمایا ہے جو نہ صرف اللہ تعالیٰ کی برکات سے بہرہ مند ہوگی بلکہ اُن برکات کو دیگر اقوام تک پہنچانے کا سبب بھی بنے گی۔حضرت ابراہیمؑ نے اپنے باپ کے گھر کو چھوڑا اور بُت پرستی کا برملا اِنکار کرکے اپنے حصے کے عہد کو پورا کیا۔کیا اللہ تعالیٰ نے بھی اپنے حصے کا عہد نبھایا؟ اگر ہاں، تو ایسا کب اور کیسے ہوا؟ قرآن ہمیں یہ یاددہانی کرواتا ہے کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے بنی اِسرائیلؔ کو مصرؔ کی غلامی سے آزاد کروایا، بحیرۂ قلزمؔ کو چاک کرکے فرعون کی فوج کو اُس میں غرق کیا اور پھر بیابان میں اُن کی رہبری فرماتا رہا۔

اِحکامِ عشرہ - (دس اِحکام) (سورہ ٢: ٥٣)

سورہ ٢: ٥٣ میں بیان ہوا ہے، ''اور جب ہم نے موسیٰؑ کو کتاب اور قانونِ فیصل دیا تا کہ تم ہدایت پاؤ۔'' ''قانونِ فیصل'' کیا ہے؟ میرا خیال ہے کہ یہ ''اِحکامِ عشرہ'' ہیں۔قرآنِ مجید اِحکامِ عشرہ کو فہرست نہیں کرتا۔توراۃ شریف میں اِن کا مکمل بیان موجود ہے۔[٨] (٨ توراۃ شریف، اِستثناء ٥: ٦۔٢١)

١۔ اللہ کے حضور غیر معبود مت بناؤ۔

٢۔ بتوں کی پوجا مت کرو۔

٣۔ اللہ کا نام بے فائدہ نہ لو۔

٤۔ سبت کے دِن کو پاک مانو۔

٥۔ اپنے والد اور والدہ کا احترام کرو۔

٦۔ خون مت کرو۔

٧۔ زِنا مت کرو۔

٨۔ چوری مت کرو۔

٩۔ جھوٹ مت بولو۔

١٠۔ لالچ مت کرو۔

ہمیں اِن اِحکامِ عشرہ کی ضرورت کیوں ہے؟ فرض کیجیے کہ ایک کپڑے کا سوداگر ہے۔ ہر کوئی اُسے اُس کے خوبصورت ریشم، اُون اور سُوتی کپڑوں کی بدولت جانتا ہے۔ بادشاہ اور ملکائیں بھی اپنے شاہی لباس تیار کروانے کے لئے اُسی سے کپڑا خریدنے آتے ہیں۔ لیکن امیر ہونے کے ساتھ ساتھ وہ دھوکے باز ہوتا گیا۔ اب وہ کُھلی روشنی کے بجائے موم بتی کی روشنی میں کپڑوں کی نمائش کرنے لگا۔ اُس کی یہ بے ایمانی اُس وقت اُسے بڑی مہنگی پڑی جب ایک معزز شہزادے نے اپنے کپڑوں پر داغ دیکھ کر یہ حکم دِیا کہ اُس سوداگر کو گرفتار کر کے قید میں ڈال دِیا جائے۔ اِحکامِ عشرہ آفتابِ درخشاں کی مانند ہیں۔ جو بھی اِن احکام کی روشنی میں داخل ہوگا اُسے گناہ کے داغ اور خطائیں صاف دِکھائی دیں گی۔ کچھ لوگ اُس تاجر کی طرح خود کو اندھیرے میں پرکھنا چاہتے ہیں جہاں اُن کی خطائیں ظاہر نہیں ہو پاتیں۔

محرفہ صحائف؟ (سورہ۲:۵۹)

’’آپ کی کتاب محرف ہو چکی ہے! میرے لئے اِسے پڑھنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔‘‘ میرے پڑوسی نے فوراً اِنجیل واپس لوٹاتے ہوئے کہا۔ اُس نے یوں ظاہر کیا کہ جیسے یہ اُسے سانپ کی طرح ڈس لے گی۔ ’’اِسے جلا دینا چاہیے۔ کیونکہ یہ تحریف شدہ ہے۔‘‘

’’ذرا رُکئے، یہ گمان کب ہوا آپ کو؟‘‘مَیں نے پوچھا۔

’’اَصل توراۃ، زبور اور اِنجیل تو ہمیشہ کے لئے منسوخ ہو چکی ہیں۔ آپ محض ایک محرفہ کتاب لئے بیٹھے ہیں،‘‘ اُس نے بڑا ازورد یکر کہا۔

میرے مسلمان دوست ہمیشہ اِصرار کرتے ہیں کہ، وہ قرآن سے قبل لکھے گئے کسی بھی نوشتہ پر بھروسہ نہیں کر سکتے، یہ کہتے ہوئے کبھی تو اُن کا لہجہ بڑا ہی دھیما ہوتا ہے اور کبھی نہیں ہوتا۔ اُن کا کہنا ہے کہ جب یہود نے توراۃ اور زبور کو بدل دِیا، تو اللہ تعالیٰ نے اِنجیل نازِل کی لیکن مسیحیوں نے بھی اِنجیل میں تحریف کر دی، اِسی لئے اللہ کو قرآن نازِل کرنا پڑا۔ یہ تصور اُنہیں کہاں سے ملا ہے؟

سورہ۲:۵۹ بیان کرتی ہے کہ، ’’پھر ظالموں نے بدل ڈالا کلمہ سوائے اُس کے جو اُنہیں کہا گیا تھا، سو ہم نے اُن ظالموں پر اُن کی نافرمانی کی وجہ سے آسمان سے عذاب نازِل کیا۔‘‘ اِس کا کیا مطلب ہے کہ اُنہوں نے اللہ کے کلمہ کو بدل ڈالا؟ کیا اِس کا یہ مطلب ہوسکتا ہے کہ اُنہوں نے اللہ کی نافرمانی کی؟ مثال کے طور پر، توراۃ میں ذِکر ہوا ہے کہ جب بنی اِسرائیلؔ کو پانی چاہیے تھے تو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ کو حکم دِیا کہ وہ چٹان سے کہیں کہ وہ اُنہیں پانی دے۔ لیکن حضرت موسیٰؑ نے اللہ تعالیٰ کی بات نہ مانی؛ آپؑ نے طیش میں آکر چٹان پر اپنی لاٹھی سے مار کر اللہ کے کلمہ کو بدل دِیا۔ فرض کیجیے مَیں اپنے بیٹے سے کہتا ہوں کہ، ’’بیٹا اپنے کھلونوں کو ترتیب سے رکھئے اور اپنے کمرے کی حالت دُرست کیجیے۔‘‘ ایک گھنٹے بعد جب مَیں اُس کے کمرے میں جاتا ہوں تو اُسے کھلونوں سے کھیلتا ہوا پاتا ہوں اور کمرہ بھی اُسی طرح بے ترتیب پڑا ہے۔ مَیں کہتا ہوں کہ، ’’آپ نے میری باتوں کو بدل دِیا ہے، کھلونوں کو سمیٹنے کے بجائے، آپ ابھی تک کھیل رہے ہیں۔‘‘ اُس نے میرے الفاظ کا مطلب تبدیل کیا ہے۔ میرے ادا کردہ حقیقی الفاظ تبدیل نہیں ہوئے۔ کلامُ اللہ کا بدلنا ممکن نہیں ہے۔

مسلمان، یہودی، نصرانی ودیگر (سورہ۲:۶۲)

یہ حوالہ بڑا صلح آمیز معلوم ہوتا ہے، جس میں تمام مذاہب سے رواداری کا درس دِیا گیا ہے۔

جو کوئی مسلمان اور یہودی اور نصرانی اور صابئ اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لائے اور اچھے کام بھی کرے
تو ان کا اجر ان کے رب کے ہاں موجود ہے اور ان پر نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

تو کیا اِس کا مطلب یہ ہے کہ توراۃ، صحائفِ انبیاء علیہم السّلام اور اِنجیل قابلِ اعتماد ہیں؟ اِن صحائف کے بغیر، یہود و نصاریٰ کا اللہ اور یومِ آخرت کے متعلق جان پانا ممکن نہیں تھا۔ کیا تمام ادیانِ صادقہ کے ماننے والے جنت میں جائیں گے؟ اگر وہ اپنے مقدس صحائف پر عمل کر کے بھی جنت میں جا سکتے ہیں تو اِنجیل کے بعد قرآن کی پیروی کرنے کا کیا جواز ہے؟ ایسے ہی توراۃ اور زبور کے بعد اِنجیل نازِل کرنے کی کیا حاجت تھی؟ اب یہاں اُن لوگوں کا سوال ہے جو مسلمان، یہودی یا مسیحی نہیں ہیں؟ کیا توراۃ، زبور، اِنجیل اور القرآن کے وسیلہ کے بغیر اللہ تعالیٰ اور یومِ آخرت پر ایمان لایا جاسکتا ہے؟ اللہ لوگوں کو اپنے اور یومِ آخرت پہ ایمان لانے کا اجر کیوں دیتا ہے؟ شیطان بھی اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتا ہے، یعنی وہ جانتا ہے کہ اللہ تعالیٰ واجب الوجود ہے۔ کیا صرف ملحدین ہی جہنم کا ایندھن ہیں؟ کیا ایک ملحد جو صدقِ دِل سے نیک اعمال کرتا ہے لیکن خالق کا منکر ہے جنت میں جاسکتا ہے؟ اگر ملحدین بھی پاکیزہ زندگی بسر کر سکتے ہیں تو کیا وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ لوگ اُس کے وجود پر ایمان لائیں؟ اُس نے ہر کسی کو فطرتاً اِس ایمان کے ساتھ کیوں پیدا نہیں کیا کہ وہ اُس کے وجود کو مانیں؟ غالباً ایسا ہی ہے۔ ایک عالمی تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ درحقیقت ہر اِنسانی معاشرہ کے زیادہ تر افراد کسی نہ کسی طرح کی قادرِ مطلق قوت پر بطور خالق یقین رکھتے ہیں۔ شاید کسی کو خود کو یہ سمجھانے میں کڑی محنت کرنی پڑے کہ اللہ کا کوئی وجود نہیں ہے۔

حضرت موسیٰؑ اور گائے کی قربانی (سورہ ۲: ۶۷-۷۳)

آپ کو یاد ہوگا کہ تاریخِ بشر کی سب سے پہلی قربانی اللہ تعالیٰ نے خود گزرانی تھی تا کہ حضرت آدمؑ و حوّا علیہم السّلام کی برہنگی کو جانور کی کھال سے ڈھکا جا سکے۔ اِس اولین قربانی کے بعد اور بھی بہت سی قربانیوں کا ذِکر ملتا ہے۔ قابیلؔ و ہابیلؔ[9] ([9] قائنؔ اور ہابلؔ) نے بھی قربانیاں گزرانیں۔ قابیلؔ نے اپنے باغ کی سبزیاں جبکہ ہابیلؔ نے ایک جانور کو پیش کیا۔ اللہ تعالیٰ نے قابیلؔ کی جگہ ہابیلؔ کی قربانی کو قبول فرمایا۔ شاید قابیلؔ کے دِل میں خودغرضی اور بے ایمانی تھی۔ بہرحال، اُس نے حسد کی آگ میں ہابیلؔ کو قتل کر دیا۔ قربانی گزراننے سے کیا حاصل ہوتا ہے؟ قرآنِ مجید میں یہ اِشارہ ملتا ہے کہ قربانی کو بعض اوقات ایک علامت کے طور پر اِستعمال کیا جاسکتا ہے۔ یہ کہانی بتاتی ہے کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ سے کہا کہ قربانی کے جانور کا ایک ٹکڑا لے کر ایک مُردہ شخص کے جسم پر ماریں۔ جب قربانی نے مُردہ شخص کے جسم کو چھوا تو وہ زندہ ہو گیا۔ یہ علامات کسی اور چیز کی جانب اِشارہ کرتی ہیں۔ قرآنِ مجید کے مطابق، حضرت موسیٰؑ کی قربانی کو یہ ظاہر کرنے کے لئے اِستعمال کیا گیا کہ اللہ تعالیٰ مُردوں کو زندہ کرنے کی قدرت رکھتا ہے۔ کیا حضرت موسیٰؑ کی قربانی کے علاوہ ایسی کوئی قربانی ہے جو اللہ تعالیٰ کی زندگی بخش قوت کا مظہر ہو؟

جو کتاب نہیں جانتے (سورہ ۲:۷۸)

جہالت کی حالت میں رہنا کسی تاریک غار میں زندگی گزارنے کے مترادِف ہے۔ آیت ۷۸ میں متنبہ کرتی ہے، ''اور بعض ان میں سے اَن پڑھ ہیں جو کتاب نہیں جانتے، سوائے جھوٹی آرزوؤں کے، اور وہ محض اٹکل پچو باتیں بناتے ہیں۔''

غار بھی ایک گونجدار کمرہ کی طرح ہی ہوتا ہے، جہاں ہم صِرف اپنی ہی آواز کو سُن سکتے ہیں۔ ایک کہاوت ہے کہ کچھ لوگ کسی بھی ''سُنی سُنائی'' بات پر یقین کر لیتے ہیں، یعنی افواہیں پھیلاتے ہیں۔ اُنہوں نے کبھی بھی اپنے طور پر سچائی کو تلاش کرنے کی زحمت نہیں کی۔ اگر اُن کا ہمسایہ افواہاً یہ کہہ دے گا کہ چاند پنیر سے بنا ہے تو وہ اُس پر بھی بخوشی یقین کر لیں گے۔ وہ صِرف اُن افواہوں پر یقین کرتے ہیں جو ایک کان سے دوسرے کان تک ایسے اُڑتی ہیں جیسے کوئی تتلی ایک پتے سے دوسرے پتے پر اُڑتی ہے۔

یہ قطعاً واضح نہیں ہے کہ آیت ۷۸ میں ''کتاب'' سے مُراد کیا ہے؟ لیکن حرفِ مدعا یہ ہے کہ لوگوں کو کسی بھی چیز کے بارے میں تب تک کوئی فیصلہ نہیں کرنا چاہیے جب تک کہ وہ اُس سے واقف نہ ہو جائیں۔ مَیں طریقِ قرآن پر چل رہا ہوں لہٰذا اِس میں درج باتوں سے لاعلم نہیں رہ سکتا۔ مَیں قرآنِ مجید کے پیغام کے متعلق محض اٹکل پچو باتیں نہیں بنانا چاہتا۔ تاہم کتنے لوگ ہیں جو قرآنِ مجید کو پڑھنے کے لئے وقت نکالتے ہیں؟ کتنے لوگ ہیں جو بیٹھ کر حقیقتاً اپنے لئے مطالعہ کرتے ہیں، نہ کہ دوسروں کی باتوں پر یقین کرتے ہیں؟

پہلی کتابوں کی تصدیق (سورہ ۲:۹۷)

افواہوں اور سُنی سُنائی باتوں پر یقین نہ کرنے کی ایک عمدہ مثال یہ ہے۔ سورہ ۲:۹۷ میں بیان ہوا ہے، ''کہہ دو جو کوئی جبرائیلؑ کا دشمن ہو، سو اُسی نے اُتارا ہے وہ قرآن اللہ کے حکم سے آپ کے دِل پر، اُن کی تصدیق کرتا ہے جو اِس سے پہلے ہیں اور اِیمان والوں کے لئے ہدایت اور خوشخبری ہے۔'' افواہوں کے مطابق توراۃ، زبور اور اِنجیل تبدیل ہو چکی ہیں، مگر زیرِ نظر آیت اُن کی تصدیق کرتی ہے۔

افواہوں کے مطابق توراۃ، زبور اور اِنجیل تبدیل ہو چکی ہیں، مگر زیرِ نظر آیت اُن کی تصدیق کرتی ہے۔

پہلی مرتبہ قرآن سُننے کے بعد عرب یہ کیسے جان سکتے تھے قرآن پہلی کتابوں کی تصدیق کرتا ہے جبکہ اُن کے پاس اِن کتابوں کے معتبر نسخے ہی نہیں تھے؟ اِس آیت سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ یہودی، مسیحی اور مسلمان باہم بیٹھ کر کتبِ مقدسہ کا موازنہ کر سکتے ہیں۔

نسخِ صحائف (سورہ ۲:۱۰۶)

کیا ہو اگر کسی شخص کو قرآنِ مجید میں کوئی ایسا بیان دکھائی دے جس میں تضاد ہو؟ اکثر اوقات اِسے نسخ کے طور پر بیان کیا جاتا ہے۔ سورہ ۲:۱۰۶ بیان کرتی ہے کہ ''ہم جو کسی آیت کو منسوخ کرتے ہیں یا بھلا دیتے ہیں تو اُس سے بہتر یا اس کے برابر لاتے ہیں، کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔'' یہ ایک بحث طلب اَمر ہے۔ ایک مسلمان مصنف رقم طراز ہے،

دراَصل یہ اِنہی علماء کا وضع کردہ نظریہ ہے، جس میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ قرآنِ مجید میں کچھ ایسی آیات ہیں جنھیں دوسری آیتوں نے منسوخ اور باطل کر دِیا ہے!

منسوخ کرنے والی آیت کو وہ (النا سخ) کہتے ہیں جبکہ منسوخ شدہ آیات کو (المنسوخ) کہا جاتا ہے۔

ہر چند یہ نظریہ علمائے مسلمین کی قرآنِ مجید سے لاعلمی کے نتیجہ کی اِختراع تھا، تاہم غیر مسلم مصنفین نے اِس کا استحصال کرتے ہوئے کتاب کے اِتقان اور اِس کے منجاب اللہ ہونے پر سوالات اُٹھانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔[۱۰] ("Abrogation, the Biggest Lie [۱۰] Against Qur'an", Submission, http://submission.org/abrogation.html, accessed February, 2018.)

ایک مسیحی ہونے کے ناطے، مَیں اِس مباحثہ میں ایک بیرونی فرد کی حیثیت سے لکھ رہا ہوں، اِس کے باوجود سورہ ۲:۱۰۶ کو پڑھنے کے بعد مجھے ایسا لگتا ہے کہ قرآنِ مجید بیان کر رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی وحی میں کوئی تضاد نہیں ہونا چاہیے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے قرآن میں ایک مقام پر کچھ اِرشاد فرمایا ہے، تو دوسرے مقام پر اِرشاد کردہ بات سے اُس کی موافقت ہونی چاہیے۔ اللہ تعالیٰ کسی بات کو مختلف الفاظ میں نازِل کر سکتا ہے، لیکن بعد کی وحی کو فقط وحیِ اول کو تقویت دینی چاہیے نہ کہ اُس سے ٹکرانا چاہیے۔ ایک متفرق نقطہء نظر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جس چیز کو چاہے منسوخ کر سکتا ہے، خواہ ہمیں اِس کا سبب سمجھ نہ بھی آئے۔ بعض حضرات اِسی کے قائل ہیں اور اُصولِ نسخ کی حمایت کرتے ہوئے یہ توضیح پیش کرتے ہیں کہ وحیِ مابعد کس طرح سے وحیِ سابقہ سے متصادِم ہو سکتی ہے۔

اجنبیوں اور دُشمنوں کے لئے دُعا کرنا (سورہ ۲:۱۰۵)

عالمِ بشر میں ہر طلوعِ آفتاب کے ساتھ نئے تنازعات جنم لیتے ہیں۔ سورہ ۲:۱۰۵ میں بیان ہوا ہے کہ، ''اہلِ کتاب کے کافر اور مشرک نہیں چاہتے کہ تمہارے رب کی طرف سے تم پر کوئی بھی اچھی بات نازل ہو، اور اللہ اپنی رحمت کے ساتھ خاص کر لیتا ہے جسے چاہے، اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔'' اِس آیت کو پڑھنے کے بعد میں بڑا دلگیر ہوا! کیا یہودی اور مسیحی اولین مسلمانوں سے عداوت رکھتے تھے؟ عیسیٰ المسیح نے اپنے حواریوں کو سکھایا کہ ہر ایک سے پیار کریں اور اُن کے لئے دُعا کریں، چاہے وہ آپ کے دوست ہوں یا کوئی اور۔ اگر مَیں عیسیٰ مسیح کا پیروکار رہوں، تو مَیں دُنیا بھر میں بسے اپنے مسلمان دوستوں اور پڑوسیوں کے لئے بہترین کی اُمید کروں گا، نہ تو مَیں اُن کے نقصان سے خوش ہوں گا اور نہ ہی اُنہیں بددُعائیں دوں گا۔ مَیں ہمیشہ یہی دُعا کروں گا کہ ہر فردِ بشر کو حقیقی زندگی، امن اور ابدی خوشی بکثرت میسر آئے چاہے وہ ہندو ہو، بدھ مت کا ماننے والا ہو، مسلمان ہو یا کوئی اور۔ اگر کوئی یہ اُمید کرتا ہے کہ مسلمانوں کے لئے کچھ بھی اچھا نہیں ہونا چاہیے، تو وہ عیسیٰ المسیح کا سچا پیروکار کیسے کہلا سکتا ہے؟

لوگوں کو ایمان سے پھیرنا (سورہ ۲:۱۰۹)

تاریخ بتاتی ہے کہ اِسلام قبول کرنے سے قبل عرب کے مسلمانوں کی اکثریت بُت پرستی کیا کرتی تھی۔ حضرت محمد ﷺ نے سب سے پہلے

اپنے آبائی شہر مکہ کے بت پرستوں کو اِسلام کی دعوت دی۔ اُن کے اِنحراف کے بعد آپ ﷺ مدینہ ہجرت کر گئے جہاں کے مشرکین نے بڑی تعداد میں آپ ﷺ کی دعوت پہ لبیک کہا۔ آپ ﷺ نے اُنہیں بُت پرستی اور بہت سے خداؤں کی پرستش کے بجائے خالقِ واحد پر ایمان لانے کی ترغیب دی۔ اِس بیان کی رُو سے اگلی آیت کو سمجھ پانا مشکل ہو جاتا ہے۔

اکثر اہلِ کتاب تمہارے ایمان لانے کے بعد تمہیں کفر کی طرف پھیرنا چاہتے ہیں، اپنے اندر کے حسد کی وجہ سے، حالانکہ اُن پر حق ظاہر ہو چکا ہے، سو معاف کرو اور درگزر کرو جب تک کہ اللہ اپنا حکم بھیجے، بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اگر اہلِ کتاب نومسلموں کو کفر کی طرف لوٹانا چاہتے تھے، تو کیا اِس کا مطلب یہ تھا کہ وہ اُنہیں واپس بُت پرستی کی طرف مائل کرنا چاہتے تھے؟ اگر وہ اُنہیں واپس یہودیت یا مسیحیت کی طرف پھیرنا چاہتے تھے، تو یہ کفر کیسے ہوا؟ اِس سے قبل ہم نے سورہ ۲:۶۲ میں پڑھا کہ وہ اہلِ کتاب جو سچے دِل سے اللہ پر ایمان رکھتے ہیں اُن کے لئے اِس کے عوض جزائے خیر کی اُمید ہے۔

آج بہت سے لوگ کسی یہودی یا مسیحی سے بات کرنے سے اِجتناب کرتے ہیں کیونکہ وہ شخص اُنہیں دوبارہ کفر کی طرف پھیرنے کی کوشش کرسکتا ہے۔ لیکن یہ بات کاملاً دُرست نہیں ہوسکتی، کیونکہ اہلِ کتاب بھی واحد الاحد اللہ پر ایمان کا اِقرار کرتے ہیں۔ یہودی، مسیحی اور مسلمان سبھی جھوٹے معبودوں کی پرستش سے اِنکار کرتے ہیں۔ وہ سب بُت پرستی کو رَد کرتے ہیں۔

کیا یہود و نصاریٰ ایک ہی کتاب پڑھتے ہیں؟ (سورہ ۲:۱۱۳)

یہود و نصاریٰ کون سی کتاب یا کتابیں پڑھتے ہیں؟ یہودی اور مسیحی اللہ تعالیٰ کے متعلق مختلف نظریات رکھتے ہیں۔ جو کہ اُن کے الگ الگ ناموں سے واضح ہو جانا چاہیے۔ سورہ ۲:۱۱۳ بیان کرتی ہے،

اور یہود کہتے ہیں کہ نصاریٰ ٹھیک راہ پر نہیں اور نصاریٰ کہتے ہیں کہ یہودی راہِ حق پر نہیں ہیں حالانکہ وہ سب کتاب پڑھتے ہیں، ایسی ہی باتیں وہ لوگ بھی کہتے ہیں جو بے علم ہیں، پھر اللہ قیامت کے دن ان باتوں کا کہ جس میں وہ جھگڑ رہے ہیں خود فیصلہ کرے گا۔

یہودی اور مسیحی بعض عقائد پر متفق ہیں لیکن بعض پہ اختلاف کرتے ہیں۔ یہودی کون سی کتاب پڑھتے ہیں؟ یہودی توراۃ اور صحائفِ انبیاء علیہم السّلام (بشمول زبور) پڑھتے ہیں۔ توراۃ حضرت موسیٰؑ کی پانچ کتابوں کا مجموعہ ہے، اِس کے بعد اِسرائیلی پیشواؤں کی تاریخ کی کتابیں ہیں، حضرت داؤدؑ کے حمدیہ کلام کی کتاب کو زبور کہا جاتا ہے، اِس کے بعد حضرت ذوالکفلؑ (حزقی ایل)، حضرت اِشعیاءؑ (یسعیاہ) اور حضرت دانیالؑ (دانی ایل) جیسے اور بھی کئی انبیاء علیہم السّلام کے صحائف آتے ہیں جو کہ مجموعی طور پر ۳۹ کتابوں پر مشتمل ایک ضخیم کتاب کی شکل میں موجود ہیں۔[۱۱] ([۱۱] بسا اوقات توراۃ اور صحائفِ انبیاء علیہم السّلام کو پرانہ عہد نامہ یا عہدِ عتیق کہا جاتا ہے جبکہ اِنجیل کو نیا عہد نامہ کہا جاتا ہے۔)

عیسیٰ المسیح کے دَور سے لے کر اب تک آپ کے پیروکار توراۃ شریف اور صحائفِ انبیاء علیہم السّلام کے ۳۹ حصص کو کلامُ اللہ مانتے ہیں۔[۱۲]

([۱۲] مثال کے طور پر توراۃ ایک ''کتاب'' ہے، جو کہ پانچ حصوں یا چھوٹی کتب پر مشتمل ہے۔) مسیحیوں کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السّلام سے بذریعہ وحی کلام فرمایا اور اُنہوں نے اُس کے الفاظ کو قلم بند کیا۔ اُس نے اُنہیں ہدایت دی تا کہ وہ تاریخ، شریعت و احکام اور مستقبل کی پیش

گوئیوں کو قلمبند کر پائیں۔ اِنجیل کے سادہ سے معنی ہیں ''خوشخبری''۔[13] ([13] یونانی زبان میں اِنجیل کے لئے euaggelion (یونانی میں euaggelion لکھئے) کا لفظ اِستعمال ہوا ہے۔) اِنجیل صرف ایک ہی ہے نہ کہ پانچ یا بیس۔ ایک سے زیادہ اِنجیل یا خوشخبری کبھی آئی ہی نہیں۔[14] ([14] وقتاً فوقتاً جعلی اناجیل بھی منظرِ عام پر آتی رہی ہیں مگر محتاط جانچ پڑتال کے بعد وہ نا قابل اعتبار نکلیں۔) اِسے تاریخ کی بہترین خبر کہا جا سکتا ہے۔

اپنے بیان کو سادہ رکھنے کی عرض سے، اِنجیل سے میری مراد، ۲۷ حصص ایک بڑی کتاب کی صورت میں موجود ہیں، توراۃ، صحائفِ انبیاء علیہم السّلام اور اِنجیل سمیت سبھی میں سورتوں اور آیات کا اِستعمال ہوا ہے۔ پطرسؓ رسول، یوحنّاؓ رسول، پولسؓ رسول اور متّیؓ رسول سب آلِ ابراہیمؑ سے تھے جنھوں نے عیسیٰؑ المسیح کی پیروی کی۔ اُن کا اِیمان تھا کہ توراۃ اور صحائفِ انبیاء علیہم السّلام میں عیسیٰؑ المسیح کا ذِکر ہوا ہے اور وہ آپ کی آمد کے متعلق دُرست پیش گوئیاں کرتی ہیں۔ عیسیٰ المسیح کے قدیم بنوتوں کو پورا کرنے کی بدولت اُنہوں نے آپ کو حقیقی مسیح تسلیم کیا۔

اِس کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ المسیح کے شاگردوں کو اِنجیل لکھنے کی ترغیب دی، ساتھ ہی توراۃ اور صحائفِ انبیاء علیہم السّلام کے اقتباسات کو اِستعمال کرنے کا فہم بھی عطا فرمایا۔ بعض علماء کے اندازے کے مطابق اِنجیل کا ۲۵ فیصد حصہ یا تو پہلی کتب کے براہِ راست یا بالواسطہ اقتباسات پر مبنی ہے۔ اِنجیل نے ایک جولاہے کی طرح توراۃ اور صحائفِ انبیاء علیہم السّلام کی آیات اور اُن کے سخن کو نہایت خوبصورتی کے ساتھ ریشمی دھاگے سے ایک تانے میں پرو دِیا ہے۔

تاہم، تمام آلِ ابراہیمؑ نے عیسیٰؑ مسیح کو قبول نہیں کیا۔ ایک طرف تو عیسیٰؑ المسیح کے اولین حوارین آلِ ابراہیمؑ سے تھے اور دُوسری طرف اُن کی ایک بڑی تعداد نے آپ کی تردید کی۔

بالآخر عیسیٰؑ مسیح کا پیغام بحیرۂ رُومؑ سے ہوتا ہوا یورپؑ تک پھیلتا گیا جہاں زیادہ تر بُت پرست آباد تھے۔ بہت سے لوگوں نے عیسیٰؑ مسیح کو قبول کیا اور آپ کے نام پہ جمع ہوئے۔ ایمانداروں کی اِس نئی جماعت کی بہ نسبت، عیسیٰؑ المسیح کے عبرانی پیروکاروں کی تعداد میں کمی آتی گئی۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دَور میں بھی حضرت ابراہیمؑ کی اولاد عربستانؑ اور اِس کے مضافات میں آباد تھی جو توراۃ اور صحائفِ انبیاء علیہم السّلام پہ تو ایمان رکھتی تھی لیکن عیسیٰؑ المسیح کی منکر تھی۔ اب آتے ہیں یہودیوں اور مسیحیوں کے بنیادی اِختلاف کی طرف، یہودیوں کا کہنا تھا کہ عیسیٰؑ اِبنِ مریم مسیحِ موعود نہیں تھے جبکہ مسیحیوں کا دعویٰ ہے کہ آپ ہی مسیح موعود ہیں۔ بنیادی طور پر توراۃ اور صحائفِ انبیاء علیہم السّلام کے متعلق اُن میں کوئی اِختلاف نہیں تھا۔ جبکہ آلِ ابراہیمؑ یا تو اِنجیل پڑھتے ہی نہیں تھے یا پھر اسے رَد کر دیتے تھے۔ بد قسمتی سے آج بھی کچھ لوگ اُن تمام کتب کو پڑھنے سے ڈرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے متعلق بیان کرتی ہیں: یعنی توراۃ شریف، صحائفِ انبیاء علیہم السّلام، اِنجیلِ مقدس اور قرآنِ مجید کو۔

اللہ نے بیٹا نہیں بنایا ہے (سورہ ۲:۱۱۶۔۱۱۷)

سورہ بقرہ میں بہت سے اہم موضوعات کا ذِکر ہے لیکن شاید آیات ۱۱۶۔۱۱۷ اِن سب سے زیادہ اہمیت کی حامل ہیں۔

وہاں بیان ہوا ہے کہ ''اور کہتے ہیں اللہ نے بیٹا بنایا ہے، حالانکہ وہ پاک ہے، بلکہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اُسی کا ہے، سب

اُسی کے فرمانبردار ہیں۔ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے، اور جب کوئی چیز کرنا چاہتا ہے تو صرف یہی کہہ دیتا ہے کہ ہو جا، سو وہ ہو جاتی ہے۔''

یہ بات کسی سے بھی پوشیدہ نہیں کہ اِنجیلِ مقدس عیسیٰؑ المسیح کو ''خدا کا بیٹا'' کہتی ہے۔ یہ آپ کو ''اِبنِ آدم'' بھی کہتی ہے۔ اِنجیلِ مقدس میں بیان ہوا ہے کہ ''کیونکہ اللہ نے دُنیا سے اَیسی محبت رکھی کہ اُس نے اپنا اِکلوتا بیٹا بخش دِیا تا کہ جو کوئی اُس پر اِیمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زِندگی پائے۔''[14] ([14] اِنجیلِ مقدس، یوحنا ۱۶:۳) پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے دَور تک یہ بات پورے افریقہ اور مشرقِ وسطیٰ میں پھیل چُکی تھی کہ اِنجیل عیسیٰؑ کو اللہ تعالیٰ کا اِکلوتا بیٹا کہتی ہے۔ یہ بات تب بھی پوشیدہ نہیں تھی۔

گو اِس آیت میں مسیحیوں کا نام نہیں لیا گیا ہے — بلکہ وہاں صرف ''کہتے ہیں'' — کے الفاظ اِستعمال کئے گئے ہیں۔ تاہم اندازہ ہوتا ہے کہ غالباً یہاں مسیحیوں کی طرف اِشارہ کیا جا رہا ہے۔ عیسیٰؑ مسیح کے پیروکار کے طور پر مَیں ۱۱۶ اور ۱۱۷ کو بغیر کسی شدید منفی ردِعمل کے پڑھ سکتا ہوں۔ کیوں؟ کیونکہ مَیں پورے طور پر اِس بات کا قائل نہیں ہوں کہ اِنجیل اور قرآن یہاں ایک ہی معاملہ پہ بات کر رہے ہیں۔

سورہ ۵:۱۱۶ پر غور کیجیے:

اور جب اللہ فرمائے گا ''اے مریمؑ کے بیٹے عیسیٰؑ! کیا تو نے لوگوں سے کہا تھا کہ اللہ کے سوا مجھے اور میری ماں کو بھی خدا بنا لو؟'' وہ عرض کرے گا ''تو پاک ہے مجھے لائق نہیں کہ ایسی بات کہوں جس کا مجھے حق نہیں۔''[15] ([15] سورہ ۵:۱۱۶ مع ۴:۱۶۹ اور ۵:۷۷-۷۹؛ نیز، سورہ ۱۹:۳۶؛ ۱۹:۹۱؛ ۱۱۲:۳)

یہاں بُت پرستی کی شدید مذمت کی گئی ہے۔ اللہ واحد الحق کے سوا غیر معبودوں کی پرستش نہ کرو۔ ہر یہودی اور مسیحی اِس بات سے اِتفاق کرتے ہوئے ''آمین'' کہے گا۔ تو پھر مشکل کیا ہے؟ اِس اِختلاط کا آغاز شاید قدیم مسیحیوں کی ایک رسم سے ہوا جس میں وہ مقدسہ مریمؑ کی ایک تصویر کے سامنے جس میں آپ نے نولومود عیسیٰؑ کو گود میں اُٹھا رکھا تھا شمعیں روشن کیا کرتے تھے۔ کیا یہ لوگ مقدسہ مریمؑ اور عیسیٰؑ کو بطور معبود پوجا کرتے تھے؟ کبھی کبھی تو مجھے بھی یہی گمان ہوتا ہے۔

مَیں نے نہ تو کبھی کسی تصویر سے دُعا کی اور نہ ہی کسی ولی سے کوئی اِلتجا کی ماسوا خالق واحد اللہ کے، لہٰذا مَیں دُنیا کی تمام روایات کی نمائندگی نہیں کر سکتا۔ تاہم، میرے تجربے کے مطابق جو لوگ مقدسہ مریمؑ کی تصاویر کے سامنے شمعیں جلاتے ہیں شاید وہ بھی یہی کہیں گے کہ ہم اُنہیں خدا نہیں کہتے۔ مقدسہ مریمؑ ایک اِنسان تھیں، صحائفِ انبیاء علیہم السّلام، اِنجیل اور قرآن ہمیں یہ سکھاتے ہیں کہ آپ ایک باکرہ تھیں جو معجزانہ طور پر عیسیٰؑ المسیح سے حاملہ ہوئیں، نہ آپ کا کوئی شوہر تھا اور نہ ہی عیسیٰؑ کا کوئی جسمانی باپ تھا۔

تاہم مسیحیوں کا عقیدہ ہے کہ عیسیٰؑ اللہ کے اِکلوتے بیٹے تھے۔ یہ بات سُننے میں بُری بلکہ انتہائی بُری لگ سکتی ہے۔ لگتا ہے کہ یہ کُفر ہے۔ شرک! کُفر! اللہ کا بیٹا!؟

ہوسکتا ہے کہ اِکلوتا کی اِصطلاح کو الگ طور سے سمجھنے پہ ہم اِس کا جواب تلاش کر پائیں۔ قیاساً عیسیٰؑ کب تولد ہوئے تھے؟ ایسا کسی مخصوص وقت پہ ہوا یا پھر ازل سے ایسا ہی تھا؟ قرآن میں بیان ہوا ہے کہ اللہ نے عیسیٰؑ کو پیدا کرتے وقت فرمایا کہ ''ہو جا''۔ اِنسانی نقطۂ نظر سے یہ بات ظاہر ہے کہ عیسیٰؑ کا مادی جسم ایک خاص وقت اور لمحے پر مقدسہ مریمؑ کے بطن میں وجود میں آیا۔ لیکن عیسیٰؑ کی روح کب وجود میں آئی تھی؟

اِنجیل ہمیں ایک غیر معمولی درس دیتی ہے۔ اِس سے قبل کہ زمان ومکاں تخلیق کئے جاتے عیسیٰ ازلی وروحانی طور پر اللہ کے قلب سے مولود --یا صادر تھے-- یہی وجہ ہے کہ آپ کو کلمۃ اللہ اور روح اللہ پکارا جاتا ہے۔ قرآنِ مجید میں عیسیٰ المسیح کے لئے یہ دونوں القاب خصوصی طور پر اِستعمال ہوئے ہیں۔ اِنجیل مقدس میں ''مولوذ'' کا مطلب اِنسانی بچہ کا اپنے باپ سے الگ متولد ہونا نہیں ہے۔ اِس کا مطلب ہے اللہ کے جوہر اور اُس شخصیت کے ساتھ متحد ہو کر ظہور میں آنا۔ گویا اللہ تعالیٰ نے اپنے آپ کو عیسیٰ المسیح کے اِنسانی وجود میں اُنڈیل دِیا۔ یہی وجہ ہے کہ عیسیٰ المسیح کو اِبنُ اللہ بھی کہا جاتا ہے اور اِبنِ آدم بھی۔

مزید برآں، اِنجیل میں اللہ تعالیٰ کو آسمانی باپ کہا گیا ہے[16] ([16] عموماً مَیں کوشش کرتا ہوں کہ گفتگو کے دوران ''آسمان'' کی اِصطلاح کا اِستعمال اُس مقام کی نشاندہی کرنے کے لئے کروں جہاں اللہ تعالیٰ جہانِ ہستی سے جدا موجود ہے بعض جگہوں پر ''آسمان'' سے مراد فضا یا عالمِ ظاہر لی جاتی ہے۔ مسیحیوں کے نزدیک آسمان وہ مقام ہے جہاں اللہ تعالیٰ کے ساتھ ابدی زندگی سے لطف اندوز ہوا جائے گا۔) اِس لئے نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کوئی بیوی کی تھی جس سے ایک بیٹا پیدا ہوا (معاذ اللہ، مسیحی بھی اِس عقیدہ کو شرک مانتے ہیں) بلکہ اِس لئے کہ آپ سب سے مقدم اور برتر عمل کنندہ ہیں مثلاً، ترکی کے لوگ آج بھی مصطفیٰ کمال کو ''اتاترک'' کے لقب سے پکارتے ہیں کیونکہ وہ ترکی کے اولین، عالی مرتبت بانی تھے۔ مگر جسمانی طور پر اُن کی کبھی کوئی اولاد نہیں تھی۔

یہ ایک بہت بڑا سوال ہے جو مطالعہء قرآن کے دوران بار بار ہمارے سامنے آتا ہے۔ عیسیٰ المسیح کون ہیں؟

مخالف فریقین کی خواہشوں کی پیروی (سورہ ۲:۱۲۰)

سبھی اِنسانی خواہشات جائز نہیں ہوتیں۔ ہمارے دِل بھی اکثر ایک کھوئی ہوئی بھیڑ کی طرح محفوظ مقام سے بھٹک جاتے ہیں۔ قرآنِ مجید غلط خواہشات میں بہہ کر گمراہ ہونے سے متنبہ کرتا ہے۔ سورہ ۲:۱۲۰ میں ذِکر ہوا ہے کہ،

اور تم سے یہود اور نصاریٰ ہرگز راضی نہ ہوں گے جب تک کہ تم ان کے دین کی پیروی نہیں کرو گے، کہہ دو بے شک ہدایت اللہ ہی کی ہدایت ہے، اور اگر تم نے ان کی خواہشوں کی پیروی کی اس کے بعد جو تمہارے پاس علم آ چکا تو تمہارے لیے اللہ کے ہاں کوئی دوست اور مددگار نہیں ہوگا۔

میرا اور زیادہ تر لوگوں کا ردِعمل یقیناً یہی ہوگا کہ ''ہاں'' ہمیں اپنی خواہشات کے بجائے، اللہ تعالیٰ کی ہدایت کی پیروی کرنی چاہیے۔ اِنسانی دِل اکثر ایک ناقابلِ اعتبار قطب نما ثابت ہوتا ہے۔ اگر ہم ایماندار ہیں تو ہمیں احساس ہوتا ہے کہ بُرے خیالوں، خونریزیوں، زِناکاریوں، حرامکاریوں، چوریوں، جُھوٹی گواہیوں، بدگوئیوں کا سرچشمہ یہی ہے۔[17] ([17] انجیلِ مقدس، متی ۱۵:۱۹) ہماری اُمید اِسی میں ہے کہ اللہ کے کلام کے مطابق دُرست طور پر اُس کی پیروی کی جائے، نہ کہ اپنی خواہشات کی۔ جیسا کہ ہم نے سورہ ۲:۶۲ میں دیکھا کہ قرآن میں درج ہے کہ کچھ یہودیوں اور مسیحیوں کے لئے اللہ کے ہاں بڑے اجر کا اِمکان موجود ہے۔ لیکن وہ یہ اجر کیسے پا سکتے ہیں؟ توراۃ، صحائفِ انبیاء علیہم السّلام اور اِنجیل میں نازِل کردہ کلام پر صحیح طور سے عمل کر کے۔ لہٰذا ۲:۱۲۰ کا مطلب یہ نہیں ہو سکتا کہ یہودی اور مسیحیوں نے سچائی کو کھو دِیا ہے، محض یہ کہ اُن میں سے بعض نے کلامُ اللہ کی پیروی کرنا چھوڑ دی ہے۔ کیا اِس سے اگلی آیت ۲:۱۲۱ کا یہی مطلب ہے،

’’وہ لوگ جنہیں ہم نے کتاب دی ہے وہ اسے پڑھتے ہیں جیسا اس کے پڑھنے کا حق ہے، وہی لوگ اس پر ایمان لاتے ہیں، جو اس سے انکار کرتے ہیں وہی نقصان اٹھانے والے ہیں‘‘؟

الکعبہ (سورہ ۲: ۱۲۷)

آیئے اب کعبہ کے موضوع پہ آتے ہیں۔ مکّہ کے قلب میں واقع یہ بڑا مکعب تیرہ اشاریہ ایک (۱.۱۳) میٹر یعنی ۴۳ فٹ اُونچا ہے اور اِس کے اَطراف کی پیمائش گیارہ اشاریہ صفر تین (۱۱.۰۳) میٹر یعنی ۳۶ اشاریہ ۲ فٹ گُنا بارہ اشاریہ چھیاسی (۱۲.۸۶) میٹر یعنی ۴۲ اشاریہ ۲ فٹ ہے۔ یہ سیاہ اور سنہری رنگ کے کپڑے سے ڈھکا ہوا ہے۔ اِس ڈھانچہ کے مشرقی کونے میں ایک بڑے پتھر کو جو کہ غالبًا ایک شہابی پتھر ہے مستقل طور پر نصب کر دِیا گیا ہے۔ ہر سال لاتعداد عازمین مناسکِ حج کی ادائیگی کرتے ہوئے گھڑی کی مخالف سمت میں کعبہ کے گرد سات مرتبہ چکر لگاتے ہیں۔ زیادہ تر لوگ اِس مقدس پتھر کو چومنے اور چھونے کے لئے اِس کے قریب سے قریب تر پہنچنے کی کوشش کرتے ہیں۔

سورہ ۲: ۱۲۷ میں ایک کہانی درج ہے جو کہ حضرت ابراہیمؑ کو کعبہ اور مکّہ سے منسلک کرتی ہے۔ ’’اور جب ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ کعبہ کی بنیادیں اٹھا رہے تھے، اے ہمارے رب ہم سے قبول کر، بے شک تو ہی سننے والا جاننے والا ہے۔‘‘ بطور مسیحی قاریِ قرآن حضرت ابراہیمؑ کی زندگی کا یہ واقعہ میرے لئے بڑا ہی دلچسپ ہے۔ توراۃ، صحائفِ انبیاء علیہم السّلام اور اِنجیل کی تحقیق کے دوران مجھے اِس طرح کی کوئی کہانی نہیں مِل پائی۔ توراۃ میں ایک تفصیلی بیان موجود ہے جس میں حضرت ابراہیمؑ کے اُور سے حاراؔن تک کے سفر، فلستیوں کی موعودہ سرزمین میں قیام، مصؔر کی جانب ہجرت اور بالآخر ارضِ موعودہ میں آپ کے اِنتقال کا ذِکر ہے۔

مَیں جاننا چاہتا ہوں کہ توراۃ میں حضرت ابراہیمؑ کے مکّہ جانے کا ذِکر کیوں نہیں ملتا۔ اِس کا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ پہ حضرت ابراہیمؑ کا قصہ وحی کیا تو آپؑ نے اُس کا کچھ حصہ چھوڑ دِیا۔ ہوسکتا ہے کہ اپنی خانہ بدوشی اور ہجرتِ مصؔر کے دوران حضرت اِبراہیمؑ جنوب بعید کا سفر کر کے عرب میں مکّہ کا دَورہ کرنے گئے ہوں۔ شاید آپؑ نے کسی دوسرے شہر میں کعبہ کی طرف بھی گئے ہوں۔ مگر یہاں ایک اور سوال اُٹھتا ہے۔

اِس سے قبل کہ زمان ومکاں تخلیق کئے جاتے، عیسیٰؑ ازلی وروحانی طور پر اللہ کے قلب سے مولود -- یا صادر تھے -- یہی وجہ ہے کہ آپ کو **کلمۃ اللہ** اور **روح اللہ** پکارا جاتا ہے۔

آخر کیا وجہ تھی کہ حضرت ابراہیمؑ کو حضرت اِسماعیلؑ کی معاونت سے مکّہ میں ایک گھر بنانے کی حاجت ہوئی۔ یہ سب اِتنا پیچیدہ کیوں ہے؟ اول، اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ سے بحیرۂ رُومؔ اور دریائے اُردنؔ[18] ([18] یردنؔ) کے اُس پار واقع سرزمین عطا کرنے کا وعدہ فرمایا۔ اُس زمین کے جنوب میں جس کا وعدہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ اور آپؑ کے گھرانے سے فرمایا تھا۔ دوم، حضرت اِسماعیلؑ حضرت ابراہیمؑ کو ارضِ موعودہ میراث میں دینے کے قضیہ کا حصہ کیسے ہیں؟ حضرت اِبراہیمؑ کی زوجہ بی بی سارہؑ نے اپنی مصری لونڈی حضرت ہاجرہؑ اور اُن

کے بیٹے حضرت اِسماعیلؑ سے بدگمان ہوکر، حضرت ابراہیمؑ سے اِصرار کیا کہ اُنہیں آپؑ کی خیمہ گاہ سے دُور بھیج دِیا جائے۔ آپ علیہم السّلام بیابان میں چلے گئے جہاں اللہ تعالیٰ نے آپ دونوں علیہم السّلام کی کفالت کی۔ لیکن چونکہ حضرت ہاجرہؑ حضرت سارہؑ کی لونڈی تھیں اِس لئے حضرت اسماعیلؑ شرعی طور پر حضرت اسحاقؑ [19] ([19] اِضحاق) کے جیسے بیٹے نہیں تھے۔ اگرچہ حضرت ابراہیمؑ اور اللہ تعالیٰ بھی حضرت اسماعیلؑ سے محبت کرتے تھے، تاہم اسحاقؑ ہی وعدہ کے فرزند اور حضرت ابراہیمؑ کے حقیقی وارث تھے۔ جو معجزانہ طور پر آپؑ کے اور بی بی سارہؑ کے بڑھاپے میں پیدا ہوئے تھے۔

حضرت ابراہیمؑ کی وفات کے سیکڑوں سال بعد اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤدؑ کے بیٹے سلیمانؑ کو القدسؑ [20] ([20] یروشلیم) میں مقدس ہیکل تعمیر کرنے کا حکم دِیا۔ اِس ہیکل میں عہد کے صندوق کو رکھنے کے لئے ایک کمرہ مختص کیا گیا تھا جس میں احکامِ عشرہ موجود تھے۔ ہیکلِ القدس سیکڑوں سال قائم رہی اور بالآخر ۷۰ء میں رُومی افواج نے اِسے برباد کر دِیا۔ المسیح کی آمد سے قبل بیت المقدِس کو ہی اللہ کا گھر کہا جاتا تھا۔ تاہم، اِنجیلِ مقدس میں ہمیں ایک انقلابی بیان ملتا ہے کہ، ''جس خدا نے دُنیا اور اُس کی سب چیزوں کو پیدا کیا وہ آسمان اور زمین کا مالک ہو کر ہاتھ کے بنائے ہوئے مندروں میں نہیں رہتا۔'' [21] ([21] اِنجیلِ مقدس، اعمال ۱۷:۲۴ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور)) اللہ تعالیٰ نے ہیکلِ القدس کو اُن زندہ اِنسانوں کے دِلوں سے بدل دِیا ہے جو اُسے بخوشی قبول کرتے ہیں۔

اِیمانِ ابراہیمؑ، اِسماعیلؑ، اَسحاقؑ، داؤدؑ و عیسیٰؑ (سورہ ۲:۱۳۵-۱۳۶)

قرآنِ مجید ایک مرتبہ پھر لوگوں کو قدیم انبیاء علیہم السّلام کے ایمان کی طرف بلاتا ہے۔

اور کہتے ہیں کہ: ''یہودی یا نصرانی ہو جاؤ تا کہ ہدایت پاؤ، کہہ دو بلکہ ہم تو ملت ابراہیمی پر رہیں گے جو موحد تھا اور مشرکوں میں سے نہیں تھا۔''

''کہہ دو ہم اللہ پر ایمان لائے اور اس پر جو ہم پر اتارا گیا اور جو ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ اور اسحاقؑ اور یعقوبؑ اور اس کی اولاد پر اتارا گیا اور جو موسیٰؑ اور عیسیٰؑ کو دیا گیا اور جو دوسرے نبیوں کو ان کے رب کی طرف سے دیا گیا، ہم کسی ایک میں ان میں سے فرق نہیں کرتے، اور ہم اسی کے فرمانبردار ہیں۔''

بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کچھ لوگ پیغمبرِ اِسلام صلی اللہ علیہ وسلم یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ سے یہودی یا مسیحی ہو جانے کا تقاضا کر رہے تھے۔ میرے خیال میں اِس کا مطلب یہی ہے کہ یہود کا مطالبہ تھا کہ مسلمان یہودی بن جائیں اور مسیحی چاہتے تھے کہ مسلمان مسیحی ہو جائیں۔ بہرحال، کیا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو سخت ردِعمل دینے کی تلقین کی، ''نہیں!'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں کہا کہ یہودی اور مسیحی بننے کے بجائے اُس وحی پر قائم رہیں جو کہ پچھلے زمانہ کے صالحین پر اُتاری گئی تھی۔

یہاں ایک سنگین مسئلہ سر اُٹھاتا ہے۔ ایک سچا یہودی ابراہیمؑ اور موسیٰؑ اور دیگر انبیاء علیہم السّلام پر اُتاری گئی وحی پر ایمان رکھتا ہے۔ ایک مسیحی کے لئے توراۃ، صحائفِ انبیاء علیہم السّلام اور اِنجیل اُس کے عقیدہ کی بنیاد ہیں۔ اِس لئے یہ سمجھ پانا مشکل ہے کہ آیت ۱۳۵ اور ۱۳۶ میں تضاد کیسے نہیں ہے۔ یہ ایسا ہی جیسے، آیت ۱۳۵ کہتی ہے کہ ''یہودی یا مسیحی نہ بنو'' اور پھر ۱۳۶ کہتی ہے کہ ''اُن باتوں پر ایمان لاؤ جن پر

یہودیوں کا ایمان ہے اور مسیحیوں کی طرح عیسیٰؑ المسیح پر بھی یقین رکھو۔

ہوسکتا ہے کوئی اعتراض کرے کہ، ''ذرا رُکیئے، حضرت ابراہیمؑ نے کبھی اللہ کے ساتھ دوسرے معبودوں کو شریک نہیں کیا تھا۔ شاید حضرت محمدؐ ﷺ کے دَور کے یہودی اور مسیحی اللہ کے ساتھ دوسرے معبودوں کو شریک کرتے ہوں!'' تاہم کوئی بھی پرہیزگار یہودی اِس تصور سے خوفزدہ ہوکر اپنے ہاتھ اُٹھالے گا کہ وہ اللہ کے سوا کسی اور معبود کو مانتا ہے۔ کیونکہ، ہر یہودی پہ شیماع کی تلاوت واجب ہے، ''سُن اَے اِسرائیل! خُداوند ہمارا خُدا ایک ہی خُداوند ہے۔''[۲۲] ([۲۲] توراۃ شریف، اِستثنا ۶:۴ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور)) اِسی طرح مسیحی بھی عیسیٰؑ مسیح کے حکم کے مطابق شیماع کا اعتراف کرتے ہیں، ''اَے اِسرائیل سُن۔ خُداوند ہمارا خُدا ایک ہی خُداوند ہے۔''[۲۳] ([۲۳] اِنجیل مقدس، مرقس ۱۲:۲۹ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور)) اِس سے بڑی اور کیا دلیل ہوسکتی ہے کہ یہودی اور مسیحی ہر طرح کی بُت پرستی کو نامنظور اور مسترد کرتے ہیں۔ اللہ ایک ہی ہے۔

تحویلِ قبلہ (سورہ ۲:۱۴۲)

پیغمبرِ اسلام ﷺ کے دَور میں کسی وقت پر باقاعدہ نماز کا رُخ مکّہ سے تبدیل کرکے کسی دوسرے شہر کی طرف کر دِیا گیا تھا۔[۲۴] ([۲۴] شواہد ملتے ہیں کہ لوگوں نے شہرِ صحرہ بترا (the rock city Petra) کی طرف رُخ کرکے نماز ادا کی۔) سورہ ۲:۱۴۲، ''بے وقوف لوگ کہیں گے کہ کس چیز نے مسلمانوں کو ان کے قبلہ سے پھیر دیا جس پر وہ تھے، کہہ دو مشرق اور مغرب اللہ ہی کا ہے، وہ جسے چاہتا ہے سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔'' اِس کے بعد آیت ۱۴۴ میں آتا ہے کہ، ''اب اپنا منہ مسجد حرام کی طرف پھیر لیجیئے۔'' ایسا کیا ہوا؟ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کچھ عرصہ تک حضرت محمد ﷺ اور قرونِ اولیٰ کے مسلمانوں نے مکّہ کی طرف رُخ کرکے نماز نہیں پڑھی۔ اُنہوں نے کسی دوسرے مقدس مقام کی طرف رُخ پھیر لیا تھا۔ اکثریت کا ماننا ہے کہ مسلمانوں نے اپنا رُخ شہرِ القدّس کی جانب پھیر لیا تھا۔ جو کہ جزیرۂ عرب میں بسنے والے آلِ ابراہیمؑ کا معمول تھا۔ اِس بات کی کوئی تاویل نہیں کہ اُنہوں نے القدّس کی طرف رُخ کرکے نماز کیوں ادا کی۔ ماسوا اِس اِیما کہ شاید وہ آلِ ابراہیمؑ کو اِسلام لانے پر آمادہ کرنے کی کوشش کررہے تھے۔ شاید اِس کی وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ یہودیوں کو اِس بات پر مائل کیا جائے کہ وہ حضرت محمد ﷺ کو پچھلے انبیاء علیہم السّلام کی کڑی میں سے ایک نبی تسلیم کرلیں۔ لیکن یہود نے اِسلام قبول کرنے کے بجائے اِس کی مخالفت کی۔ نموئے اِسلام کے کسی وقت میں حضرت محمد ﷺ نے مسلمانوں کو قبلہ کا رُخ موڑنے کے لئے نئ ہدایات دیں، لوگوں کو یہ عمل کچھ عجیب معلوم ہوا، گویا اللہ تعالیٰ کو فیصلہ لینے میں دِقت ہورہی تھی۔ جن لوگوں نے مکّہ کی سمت کی تبدیلی پر سوال کیا حضرت محمد ﷺ نے اُن لوگوں کو نادان قرار دیا۔

یہودی اور مسیحی ہر طرح کی بُت پرستی کو نامنظور اور مسترد کرتے ہیں۔ اللہ ایک ہی ہے۔

تحویلِ قبلہ مجھے مقدس مقامات کے متعلق اور واقعہ کی یاد دہانی کرواتا ہے۔ ایک دِن ایک لمبے سفر کے بعد عیسیٰؑ المسیح القدّس کے شِمال میں سامریہ کے مقام میں واقع ایک کنویں پر پانی پینے کے لئے رُکے۔ کنویں کے قریب آپ کی ملاقات ایک سامری عورت سے ہوئی جو کم از کم پانچ شادیاں کرچکی تھی! اُس کی مذموم زندگی نے اُسے نیکوکار معاشرہ سے خارج کر دِیا تھا، وہ ہر وقت شرمندگی محسوس کیا کرتی تھی، وہ دِن

کے اُس وقت کنویں پر آئی جب وہاں اُس کے سِوا کوئی اور نہ ہو۔ لیکن عیسیٰؑ مسیح نے ملامت کرنے کے بجائے اُسے ''زندگی کا پانی'' پیش کیا جو کہ اُس کے گناہوں کو دھو کر اُس کی زندگی کو تبدیل کر سکتا تھا۔ حالتِ تشکیک میں اُس نے نشاندہی کی کہ اُس کے لوگ سامریہ کے اِس مقدس پہاڑ پر نماز ادا کیا کرتے تھے جبکہ یہود کا قبلہ القدسؔ تھا۔ عیسیٰؑ کو پہاڑوں اور معبدوں میں کوئی خاص دلچسپی نہیں تھی۔

''یسوعؔ نے اُس سے کہا اَے عورت! میری بات کا یقین کر کہ وہ وقت آتا ہے کہ تم نہ تو اِس پہاڑ پر باپ کی پرستش کرو گے اور نہ یروشلیمؔ میں۔ تم جسے نہیں جانتے اُس کی پرستش کرتے ہو۔ ہم جسے جانتے ہیں اُس کی پرستش کرتے ہیں کیونکہ نجات یہودِیوں میں سے ہے۔ مگر وہ وقت آتا ہے بلکہ اب ہی ہے کہ سچے پرستار باپ کی پرستش رُوح اور سچائی سے کریں گے کیونکہ باپ اپنے لئے اَیسے ہی پرستار ڈھونڈتا ہے۔ خُدا رُوح ہے اور ضرور ہے کہ اُس کے پرستار رُوح اور سچائی سے پرستش کریں۔''[25] ([25] اِنجیلِ مقدس، یوحنا ۴: ۲۱۔۲۳ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور))

اللہ تعالیٰ تمام رُوئے زمین کا مالک ہے۔ اگرچہ تاریخی مقامات کی تعظیم کرنا ایک اچھا عمل ہے، لیکن اللہ تعالیٰ کو زیادہ دلچسپی اِس بات میں ہے کہ اِنسان کے دِل میں کیا چل رہا ہے۔

ماہِ رمضان (سورہ ۲: ۱۸۵)

سورہ ۲: ۱۸۵ میں ماہِ صیام کا تعارف پیش کیا گیا ہے۔ آیئے اِس کا بغور مطالعہ کرتے ہیں۔

''رمضان کا وہ مہینہ ہے جس میں قرآن اتارا گیا جو لوگوں کے واسطے ہدایت ہے اور ہدایت کی روشن دلیلیں اور حق و باطل میں فرق کرنے والا ہے، سو جو کوئی تم میں سے اس مہینے کو پالے تو اس کے روزے رکھے، اور جو کوئی بیمار یا سفر پر ہو تو دوسرے دنوں سے گنتی پوری کرے، اللہ تم پر آسانی چاہتا ہے اور تم پر تنگی نہیں چاہتا، اور تا کہ تم گنتی پوری کر لو اور تا کہ تم اللہ کی بڑائی بیان کرو اس پر کہ اس نے تمہیں ہدایت دی اور تا کہ تم شکر کرو۔''

ماہِ رمضان میرے پڑوسیوں کے لئے بڑی خوشی کا موقعہ ہوتا ہے۔ جس میں وہ سخت روزہ کے بعد اِفطار کے لئے اکٹھے ہوتے ہیں۔

''کیا مسیحی روزہ رکھتے ہیں؟'' یہ سوال پوچھنے کے بعد میرا پڑوسی منتظر نگاہوں سے میری طرف دیکھنے لگا۔

''آپ نے کبھی تاریخِ بشر کے عظیم ترین روزہ کے متعلق سُنا ہے؟'' مَیں نے دریافت کیا۔ ''یہ ایک عظیم بادشاہ کی کہانی ہے جس نے شیطان پر فتح پانے کے لئے سب کچھ چھوڑ دِیا۔''

''جی نہیں، مَیں اِس کہانی سے واقف نہیں ہوں،'' اُس نے جواب دِیا۔

اِس عظیم ترین روزہ کا ذِکر اِنجیلِ مقدس میں ہے۔ المسیح ۴۰ دِن اور راتوں تک ہر طرح کی خوراک سے کنارہ کئے رہے۔ اِنسانی جسم پانی کے

بغیر محض ۳ یا ۴ دِن تک ہی زندہ رہ سکتا ہے۔ لہٰذا، ہم جانتے ہیں کہ آپ نے پانی تو پیا ہوگا۔ مگر وہ بھوک کتنی شدید تھی۔ ایسے وقت میں جب عیسیٰؑ انتہائی کمزوری کے عالم میں تھے، شیطان نے آپ کو آزمایا کہ پتھروں سے فرمائیں کہ وہ روٹی بن جائیں۔ عیسیٰؑ نے جواب دِیا کہ، ''اِنسان صرف روٹی ہی سے جیتا نہ رہے گا بلکہ ہر بات سے جو اللہ کے منہ سے نکلتی ہے۔''[۲۶] (۲۶ اِنجیلِ مقدس، متی ۴:۴) پھر شیطان آپ کو ہیکل القدسؑ کے کنگرے پر لے گیا، ''اپنے آپ کو نیچے گرا دیجیے،'' اُس نے کہا، ''یقیناً فرشتے آپ کو اپنے ہاتھوں پہ اُٹھا لیں گے۔'' عیسیٰؑ نے یہ کہہ کر اِنکار کر دِیا کہ، اللہ کو آزمانا غلط ہے۔ پھر شیطان نے آپ کو آخری مرتبہ آزمایا، ''جھک کر مجھے سجدہ کر دیجیے۔'' شیطان نے تحریص آمیز لہجہ میں سرگوشی کی، ''مَیں دُنیا کی تمام سلطنتیں آپ کو دے دُوں گا۔'' عیسیٰؑ نے کلامُ اللہ کے ذریعے شیطان کی سخت سرزنش کی، ''یسوعؑ نے اُس سے کہا اے شیطان دُور ہو کیونکہ لکھا ہے کہ تو خداوند اپنے خدا کو سجدہ کر اور اُسی کی عبادت کر۔''[۲۷] (۲۷ اِنجیلِ مقدس، متی ۴:۱۰ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور)) عیسیٰ نے اُس جنگ میں فتح حاصل کی اور شیطان اُسی وقت وہاں سے بھاگ گیا۔

آیا مسیحی روزہ رکھتے ہیں؟ جی ہاں، لیکن اِس کے لئے مقررہ وقت کی کوئی قید نہیں ہے۔ ہم اپنی دُعائیہ ضروریات کے مطابق روزہ رکھتے ہیں۔ روزہ ہماری تمام تر توجہ اللہ تعالیٰ کی طرف مبذول کرواتا ہے، نہ ہے خوراک کی طرف۔ یہ ہمارے دِل و جان کی طہارت کرتا ہے تا کہ ہم پورے دِل سے خداوند کی جستجو کریں۔ ہم یہ بھی مانتے ہیں کہ عیسیٰؑ نے کئی مقابلوں شیطان کے خلاف فتح حاصل کی اور ہمیں اُس فتح میں شامل کیا ہے۔ روزہ رکھنا ایک اچھا عمل ہے، لیکن اپنے ۴۰ دِن کے عظیم ترین روزہ کے دوران جو کچھ عیسیٰؑ نے کیا وہ اِس سے بھی افضل ہے۔ یوں آپ نے ثابت کیا کہ آپ کس قدر کامل تھے۔

قتال فی سبیل اللہ (سورہ ۲:۱۹۰۔۱۹۳)

اگلی آیت میں ہم جہاد (الجھاد) کے لفظ پر غور کریں گے، لیکن عربی متن میں یہ فقرہ اِس طرح آیا ہے، ''وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ'' یا ''اللہ کی راہ میں لڑو۔'' سورہ ۲:۱۹۰۔۱۹۳ میں اِس لڑائی کی نوعیت کو بیان کیا گیا ہے۔

اور اللہ کی راہ میں ان سے لڑو جو تم سے لڑیں اور زیادتی نہ کرو، بے شک اللہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور انہیں قتل کرو جہاں پاؤ اور انہیں نکال دو جہاں سے انہوں نے تمہیں نکالا ہے، اور غلبہ شرک قتل سے زیادہ سخت ہے، اور مسجد حرام کے پاس ان سے نہ لڑو جب تک کہ وہ تم سے یہاں نہ لڑیں، پھر اگر وہ تم سے لڑیں تم بھی انہیں قتل کرو، کافروں کی یہی سزا ہے۔ پھر اگر وہ باز آ جائیں تو اللہ بڑا بخشنے والا نہایت رحم والا ہے۔ اور ان سے لڑو یہاں تک کہ فساد باقی نہ رہے اور اللہ کا دین قائم ہو جائے، پھر اگر وہ باز آ جائیں تو سوائے ظالموں کے کسی پر سختی جائز نہیں۔

میرے مسلمان دوست نے میری تصحیح کرتے ہوئے کہا کہ، ''آپ سمجھ نہیں پا رہے۔''

''آپ کہنا کیا چاہ رہے ہیں؟'' مَیں نے پوچھا۔ مَیں اُلجھن میں تھا۔

آپ جہاد سے واقف نہیں ہیں۔ اِس کا مطلب ہے اپنے نفس سے لڑنا ہیں۔ ''اللہ کی راہ پہ چلنے کے لئے ہر مسلمان کو اپنے نفس کے خلاف

جہاد کرنا چاہیے۔''

ہم قرآنِ مجید کے بارے میں بات کر رہے تھے۔''مَیں آپ سے اِختلاف نہیں کر رہا بے شک جہادِ نفس کا وجود ہے۔لیکن ۲:۱۹۰ آیت میں اُس جہاد کا ذِکر نہیں ہو رہا۔ یہاں طبعی و عسکری جنگ کا ذِکر ہو رہا ہے نہ کہ نفس کے خلاف جنگ کا۔

اُس نے قرآنِ مجید کو بغور دیکھا۔

مَیں نے گفتگو کو آگے بڑھاتے ہوئے کہا، دیکھئے یہاں اپنے حریفوں کو پکڑ کر قتل کرنے اور اِسلامی اراضی سے نکال دینے کی ہدایات دی جا رہی ہیں۔ چاہے اِس کا مطلب مکّہ کی مسجدِ حرام میں ہی لڑائی کرنا کیوں نہ ہو۔آیت ۱۹۳ کا مقصد ظلم کا خاتمہ اور اِسلام (اللہ پر ایمان) کا غلبہ ہے۔

''مَیں دیکھتا ہوں،'' یہ کہہ کر اُس نے خاموشی سے مجھے قرآن واپس لوٹا دیا۔اِن آیات کے متعلق بہت سے سوال کئے جاتے ہیں۔ یہ لڑائی کہاں تک پھیلتی چلی جائے گی۔عرب میں؟ مشرقِ وسطیٰ میں؟ یا پھر پوری دُنیا میں؟ اِن سطور میں واضح طور پر کچھ نہیں بتایا گیا۔کیا یہ جنگ آج بھی جاری ہے؟ کیا آج بھی مسلمانوں کو اسلامی عدل و ایمان کی ترویج کے لئے فوجی مہموں میں حصہ لینا چاہیے؟

آیت ۱۹۵ اِس بات کا احساس دِلاتی ہے کہ لوگوں کو نہ صرف طبعی سرگرمیوں میں حصہ لینا چاہیے بلکہ اپنے نجی وسائل سے بھی اِس کی تائید بھی کرنی چاہیے۔''اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ ڈالو، اور نیکی کرو، بے شک اللہ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔''

آیت ۲۱۶ میں سست مزاج اور قتال فی سبیل اللہ سے خائف افراد کی سرزنش کی گئی ہے۔''تم پر جہاد فرض کیا گیا ہے اور وہ تمہیں ناگوار ہے، اور ممکن ہے تم کسی چیز کو ناگوار سمجھو اور وہ تمہارے لیے بہتر ہو، اور ممکن ہے کہ تم کسی چیز کو پسند کرو اور وہ تمہارے لیے مضر ہو، اور اللہ ہی جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔''

وفاداری کے ساتھ لڑنے والوں کو ثواب ملتا ہے۔۲:۲۱۸''بے شک جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا وہی اللہ کی رحمت کے امیدوار ہیں، اور اللہ بڑا بخشنے والا نہایت رحم والا ہے۔'' یہ آیت اِس لئے اَہم ہے کیونکہ اِس میں وَجَاهَدُوا (اُنہوں نے جدوجہد کی) کا لفظ متعارف کروایا گیا ہے، جو کہ لفظ جہاد کی اَصل ہے۔پچھلی آیت کی طرح اِس عبارت کے سیاق وسباق سے یہ بات کافی واضح ہو جاتی ہے کہ، یہاں کسی نفسی یا شخصی جہاد کی طرف نہیں بلکہ طبعی لڑائی کی جانب اِشارہ کیا گیا ہے۔کیا اِس آیت کو کسی دوسری آیت نے منسوخ کر دِیا ہے؟ مطالعہءِ قرآن کے دوران ایسی بہت سی سورتیں ہیں جو ہمیں جہاد کے متعلق غور کرنے پر مجبور کریں گی۔

حج (سورہ ۲:۱۹۶۔۲۰۳)

قرآن مجید میں ۲:۱۹۶۔۲۰۳ میں مسلمانوں کو حج کے متعلق ہدایات دی گئی ہیں۔تاریخ بتاتی ہے کہ حضرت محمد ﷺ کی ولادت سے قبل بھی مکّہ کے لوگ ایمانداری کے ساتھ کعبہ کی زِیارت کیا کرتے تھے۔مکّہ میں پیغمبرِ اِسلام ﷺ کی وِساطت سے طلوعِ اسلام کے بعد مسلمانوں نے

حج تو جاری رکھا لیکن مشرکانہ رسوم کے خاتمہ کی غرض سے اِس میں ترمیم کر دی۔ شہابِ ثاقب خانہ کعبہ میں ہی رہا اور لوگ نماز و مراقبہ کے لئے آتے رہے۔

آیت ۱۹۶ میں اُن لوگوں کے لئے خاص ہدایات درج ہیں جو مکّہ سے دُور تھے۔ اگر وہ مکّہ کی زِیارت کرنے سے قاصر ہوں تو اِس کے فدیہ میں وہ صدقہ دے سکتے اور روزہ رکھ سکتے ہیں۔

توراۃ اور اِنجیل پر نظر کریں، تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ آلِ ابراہیمؑ ہر سال عیدِ خیام پر القدّس کی زِیارت کیا کرتے تھے۔ تمام عبرانی مرد اپنے گھرانوں سمیت دہ یکی دینے، نذریں دینے اور مصرؔ کی غلامی سے نجات کا جشن منانے کے لئے القدّس کا سفر کیا کرتے تھے۔

عیسیٰؔ المسیح نے بھی بارہ برس کی عمر میں اپنے والدین کے ہمراہ القدّس کا سفر کیا جہاں آپ نے ہیکل کے بزرگوں سے توراۃ کے متعلق گفتگو بھی کی۔ وہ سب آپ کے جوابات سُن کر حیران ہوئے۔ ناصرتؔ کی جانب واپس لوٹتے وقت آپ کے والدین کو احساس ہوا کہ عیسیٰؔ اُن کے ساتھ قافلہ میں موجود نہیں ہیں۔ یوں آپ کے والدین آپ کو تلاش کرتے ہوئے القدّس کو واپس لوٹ آئے۔ جب آپ مِل گئے تو اُن کے پریشان ہو کر پوچھنے پر آپ نے جواب دِیا، ''کیا تم کو معلوم نہ تھا کہ مجھے اپنے باپ کے گھر ہونا ضرور ہے؟''[۲۸] ([۲۸] اِنجیلِ مقدس، لوقا ۲:۴۹ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور))

پاکیزگی (سورہ ۲:۲۲۲)

سورہ ۲:۲۲۲ ہماری توجہ پاکیزگی کی طرف مبذول کراوتی ہے، خصوصاً میاں بیوی کے باہمی تعلقات کی طرف۔ اِسلام میں جسمانی پاکیزگی کو بڑی اَہمیت حاصل ہے۔ ''بے شک اللہ توبہ کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور بہت پاک رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔'' حضرت موسیٰؑ کے دور میں بھی، ہمیں شخصی اور سماجی پاکیزگی کے متعلق کئی احکام ملتے ہیں۔ مذہبی پیشواؤں نے ہاتھ دھونے کے اُصولوں، بیمار شخص سے برتاؤ اور مُردوں کی تدفین کے طریقوں کے متعلق تعلیمات دیں۔

صفائی ایک اچھا عمل ہے، لیکن عیسیٰؔ المسیح کے دَور میں، مذہبی پیشوا اپنے قانون توڑنے پر کسی پہ بھی فوراً دھاوا بول دیتے تھے۔ ''حرام!'' وہ چیخ اُٹھتے، جس کی بدولت عام لوگوں پر خوف طاری ہو جاتا تھا، اُنہوں نے محض توراۃ کے قوانین ہی لاگو نہیں کئے بلکہ اپنے خود ساختہ قوانین اور روایات بھی وضع کر رکھی تھیں۔ اگر کوئی شخص اِن مذہبی قوانین کی پاسداری سے چُوک جاتا تو علماء اُسے شرمساری اور خوف کے ناقابلِ برداشت بوجھ تلے دباتے جاتے تھے۔

عیسیٰؔ المسیح نے مذہبی رہنماؤں کی منافقت دیکھتے ہوئے فرمایا،

''اَے رِیاکار فقیہو اور فریسیو تم پر افسوس! کہ تم سفیدی پِھری ہُوئی قبروں کی مانند ہو جو اُوپر سے تو خوب صورت دِکھائی دیتی ہیں مگر اندر مُردوں کی ہڈیوں اور ہر طرح کی نجاست سے بھری ہیں۔ اِسی طرح تم بھی ظاہر میں تو لوگوں کو راست باز دِکھائی دیتے ہو مگر باطن میں رِیاکاری اور بے دِینی سے بھرے ہو۔''[۲۹] ([۲۹] اِنجیلِ مقدس، متی ۲۳:۲۷-۲۸ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور))

عیسیٰ نے اُن کے دِلوں پر نظر کی، مذہبی رہنما اپنے تمام تر قوانین کی آڑ میں خود کو پاکباز دکھاتے تو ہیں، لیکن اُن کے دِل اللہ سے بہت دُور ہیں۔ آسان کیا ہے؟ جسمانی پاکیزگی یا پھر دِل کو گناہوں کی نجاست سے پاک رکھنا؟

طلاق اور نکاح (سورہ ۲:۲۲۱۔۲۴۱)

سورہ ۲:۲۲۱۔۲۴۱ طلاق اور دوسری شادی کے متعلق مفصل قواعد فراہم کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر، آیت ۲۳۰ میں آتا ہے کہ، "پھر اگر اُسے طلاق دے دی تو اِس کے بعد اُس کے لیے وہ حلال نہ ہوگی یہاں تک کہ وہ کسی اور خاوند سے نکاح کرے، پھر اگر وہ اُسے طلاق دے دے تو ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں کہ آپس میں رجوع کر لیں اگر اُن کا گمان غالب ہو کہ وہ اللہ کی حدیں قائم رکھ سکیں گے، اور یہ اللہ کی حدیں ہیں وہ اِنہیں کھول کر بیان کرتا ہے اُن لوگوں کے لیے جو علم رکھتے ہیں۔" قرآنِ مجید طلاق کو بڑھاوا نہیں دیتا، لیکن یہ طلاق کی اِجازت اور تحفظات فراہم کرتا ہے۔

آسان کیا ہے؟ جسمانی پاکیزگی یا پھر دِل کو گناہوں کی نجاست سے پاک رکھنا؟

آیت ۲۳۳ ایک مسلمان مرد کو "کھانا اور کپڑا دستور کے مطابق" فراہم کرنے کی ہدایت دیتی ہے۔ یعنی اگر وہ عورت کو اُس کے بچے کی پیدایش کے بعد طلاق دیتا ہے، تو وہ اُسے بے سہارا نہیں چھوڑ سکتا ہے۔

ملاکی نبی طلاق کے متعلق انتہائی سخت الفاظ اِستعمال کرتے ہیں۔

کیونکہ خداوند اِسرائیل کا خدا فرماتا ہے مَیں طلاق سے بیزار ہوں اور اُس سے بھی جو اپنی بیوی پر ظلم کرتا ہے ربُّ الافواج فرماتا ہے اِس لئے تم اپنے نفس سے خبردار رہو تا کہ بیوفائی نہ کرو۔[30] ([30] صحائفِ انبیاء، ملاکی ۲:۱۶ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور))

مذہبی رہنماؤں نے بھی عیسیٰ کو آزمانے غرض سے پوچھا کہ کیا اللہ طلاق کی اجازت دیتا ہے؟ عیسیٰ نے جواب دِیا،

کیا تم نے نہیں پڑھا کہ جس نے اُنہیں بنایا اُس نے اِبتدا ہی سے اُنہیں مرد اور عورت بنا کر کہا کہ اِس سبب سے مَرد باپ سے اور ماں سے جدا ہو کر اپنی بیوی کے ساتھ رہے گا اور وہ دونوں ایک جسم ہوں گے؟ پس وہ دو نہیں بلکہ ایک جسم ہیں۔ اِس لئے جسے خُدا نے جوڑا ہے اُسے آدمی جُدا نہ کرے۔[31] ([31] اِنجیلِ مقدس، متی ۱۹:۴۔۶ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور))

دِین میں جبر نہیں (سورہ ۲:۲۵۶)

"اِسلام ایک پُرامن دِین ہے۔" میرے دوست نے خوب مسکراتے ہوئے کہا۔ میرے پاس اُسے منافق سمجھنے کا کوئی جواز نہیں تھا۔ وہ خود ایک ایماندار اور امن پسند شخص تھا۔ اُس نے اپنی بات کو جاری رکھتے ہوئے کہا، "قرآن مجید فرماتا ہے کہ، "دِین کے معاملے میں زبردستی نہیں ہے، بے شک ہدایت یقیناً گمراہی سے ممتاز ہو چکی ہے۔""

’’وضاحت کے لئے مَیں آپ کا شکرگزار ہوں،مَیں نے جواب دِیا۔۲:۲۵۶ آیت اُن تین اولین اِقتباسات میں سے ایک ہے جو مسلمانوں مجھے سنُاتے ہیں،مَیں نے اِسے سیکڑوں بار سُنا ہے۔بے شک اللہ پر ایمان لانا دِل کا معاملہ ہے۔اِس کہانی کی وضاحت ایک سادہ سی کہانی کے ذریعے کی جاسکتی ہے،ایک مرتبہ ایک ماں نے اپنے چھوٹے بیٹے کو کہا کہ وہ کرسی پہ بیٹھ کر رات کے کھانے کا اِنتظار کرے۔چھوٹا لڑکا جوکہ کافی شرارتی تھا اُس کی بات نہیں سُن رہا تھا۔ماں نے دوبارہ اُسے بیٹھنے کو کہا۔اُس نے پھر اِنکار کر دِیا۔بالآخر اُس نے اُسے کہا کہ اگر وہ اُس کی بات نہیں مانے گا تو وہ اُسے کی پیٹے گی۔آخرکار وہ بچہ بیٹھ گیا لیکن اُس نے اپنی ماں سے کہا کہ’’ بظاہر تو مَیں بیٹھ گیا ہوں مگر اندر سے اب بھی کھڑا ہی ہوں۔‘‘

بالکل اِس کہانی کی طرح،خالص روحانی عقیدہ کسی پر مسلط نہیں کیا جاسکتا۔کیا کوئی شخص سو ڈالر (۱۰۰$) کے عوض اپنا دین تبدیل کرسکتا ہے؟ کیا محصول ادا کرنے یا قید کئے جانے کے خوف سے کوئی اپنا مذہب تبدیل کرسکتا ہے؟ جو ایمان خریدا اور بیچا جاسکتا ہے وہ جعلی ہے۔ایک سچا ایماندار قیمت کی پرواہ کئے بِنا جھوٹ کا اِنکار کرتا ہے۔اُسے سچائی سے قائل کیا جاسکتا ہے۔جب ایک مسیحی مسلمان ہوتا ہے تو کیا وہ یہ تعین نہیں کرتا کہ مسیحیت باطل ہے اور اِسلام سچا ہے؟ اِسی طرح،ایک ہندو جب ملحد ہوتا ہے تو وہ یہ طے کرلیتا ہے کہ الحاد ہی سچ ہے نہ کہ ہندو مذہب۔کسی کا عقیدہ تبدیل کروانے کے لئے اُسے نظریات سے قائل کیا جاسکتا ہے،نہ کہ خوف یا پیسہ کے ذریعے سے۔

’’سچائی‘‘ کا مطلب کیا ہے؟ ایک سچا احساس جو حقیقت سے مطابقت رکھتا ہو۔ہم سچائی کو کیسے دریافت کرسکتے ہیں؟ آیت ۲۵۶ کہتی ہے کہ ہدایت کو گمراہی سے ممتاز ہونا چاہیے۔کبھی کبھار تو ایسا ہی ہوتا ہے اور کبھی کبھار نہیں بھی ہوتا۔

اِسے سمجھنے کے لئے ایک اور کہانی سے بھی مدد لی جاسکتی ہے۔ہوائی جہاز کے پائلٹ کا زیادہ تر اِنحصار اپنے کاک پِٹ (Cockpits) میں نصب شدہ آلات پر ہوتا ہے۔اِن میں سے ایک آلہ کو نشانگرِ وضعیت [۳۲] (Attitude indicator[۳۲]) کہا جاتا ہے۔جوکہ پائلٹ کو زمینی اُفق کے مقابلے میں ہوائی جہاز کی صورتِ حال دِکھاتا ہے۔اگر ہوائی جہاز اُلٹ بھی جائے،تو اُسے یہی محسوس ہوگا کہ وہ اب بھی معمول کے مطابق ہی پرواز کر رہا ہے۔اُس کے اپنے جسمانی حواس اُس سے جھوٹ بولتے ہیں۔لیکن نشانگرِ وضعیت جھوٹ نہیں بولتا اور اُسے یہ دِکھاتا ہے کہ ہوائی جہاز واقعی اُلٹا ہو چکا ہے۔اُسے چاہیے کہ وہ اُس آلے پر اعتماد کرے۔اگر وہ ایسا نہیں کرتا تو اُس کی موت بھی ہوسکتی ہے۔

کئی سال پہلے ایک پائلٹ کو کسی پہاڑی سلسلہ کے قریب پرواز کرتے ہوئے اپنی صورتِ حال کا تعین کرنے میں پریشانی ہوئی،آلات اُسے یہ بتا رہے تھے کہ اُس کا طیارہ پہاڑوں کی طرف جا رہا ہے،لیکن اُس کے جسم نے اُسے یہ سوچنے پہ مجبور کیا کہ وہ آسمان میں اُڑ رہا ہے، افسوسناک طور پر اُس نے نشانگرِ وضعیت کے بجائے اپنے حواس پر بھروسہ کیا۔

سچائی کی تلاش کا مطلب ہے مطالعہ کرنا،سوال کرنا،پُرسش کرنا اور مشاہدہ کرنا۔

اُس کا طیارہ پہاڑوں سے ٹکرا کر تباہ ہوگیا اور وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔

بعض اوقات ہم سب شاید یہی سوچتے ہیں کہ سچ بولنا فروگذاشت سے آسان ہے۔ہم اپنے قریبی دوستوں سے آشنا ہیں اور کسی بھی

بہروپئے کوفوراً پہچان جائیں گے۔لیکن بعض مرتبہ جھوٹ اور سچ کے بیچ فرق کر پانا مشکل ہو جاتا ہے۔ہم سبھی اِس بات سے اِتفاق کر سکتے ہیں کہ دِین میں کوئی جبر نہیں ہے۔تاہم ہم سچائی کو کیسے تلاش کر سکتے ہیں؟عیسیٰؑ نے ترغیب فرمائی کہ،''مانگو تو تم کو دِیا جائے گا، ڈھونڈو تو پاؤ گے۔دروازہ کھٹکھٹاؤ تو تمہارے واسطے کھولا جائے گا۔''[۳۳] ([۳۳] اِنجیلِ مقدس،متی ۷:۷(پاکستان بائبل سوسائٹی،انارکلی،لاہور))

آپ کو وہ پائلٹ یاد ہے جو پہاڑوں سے جاٹکرایا تھا؟وہ کنٹرول ٹاور سے آگاہی لے کر سچائی جان سکتا تھا۔وہ اپنے آلات کی مدد سے بھی سچ جان سکتا تھا۔لیکن وہ گھبرا کر اپنے حواس کھو بیٹھا۔اُس نے آلات کے بجائے اپنے جذبات پر اعتماد کیا۔سچائی کی تلاش کا مطلب ہے مطالعہ کرنا، سوال کرنا، پُرسش کرنا اور مشاہدہ کرنا۔یہی سبب ہے کہ مَیں قدم پر قدم قرآنِ مجید سے مستفید ہوتا ہوں۔کیونکہ مَیں سچائی سے واقف ہونا چاہتا ہوں۔

القیامتہ (سورہ۲:۲۵۹)

قرآنِ مجید گواہی دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ مُردوں کو زندہ کرنے پر قادر ہے۔

''یا تو نے اُس شخص کو نہیں دیکھا جو ایک شہر پر گزرا اور وہ (شہر) اپنی چھتوں پر گرا ہوا تھا، کہا اُسے اللہ مرنے کے بعد کیسے زندہ کرے گا؟ پھر اللہ نے اُسے سو برس تک مار ڈالا پھر اسے اٹھایا۔''

قیامت ایک ایسا ہے موضوع ہے جس کا ذِکر قرآنِ مجید میں متعدد بار ہوا ہے۔یہی توراۃ، صحائفِ انبیاء علیہم السّلام اور اِنجیل کا کلیدی موضوع بھی ہے۔فطرتاً مُردوں کی جسمانی قیامت، ایک ناممکن عمل ہے۔موت جب ایک بار کسی شخص پر حاوی ہو جاتی ہے تو اُس کا خاتمہ کر کے ہی لوٹتی ہے۔لیکن اُمید کی ایک کرن اب بھی موجود ہے کہ اللہ تعالیٰ مُردوں کو زِندہ کرنے پر قادر ہے۔وہ ناممکن کو ممکن کر سکتا ہے۔جو اِنسان کے لئے ناممکن ہے وہ اللہ کے لئے ممکن ہے۔

نیک اعمال اور گناہ (سورہ۲:۲۷۱)

کمزوری اور گناہ اِنسان کی جبلت میں کُلی طور پر شامل ہیں۔ایسا کون ہے جسے احساسِ جرم اور ندامت کا سامنا نہیں کرنا پڑتا؟ سورہ۲:۲۷۱ میں بیان ہوا ہے کہ،''اگر تم خیرات ظاہر کر کے دو تو بھی اچھی بات ہے، اور اگر اسے چھپا کر دو اور فقیروں کو پہنچا دو تو تمہارے حق میں وہ بہتر ہے، اور اللہ تمہارے کچھ گناہ دور کر دے گا، اور اللہ تمہارے کاموں سے خوب خبر رکھنے والا ہے۔''یہ آیت میری توجہ دو باتوں کی مبذول کرواتی ہے۔اول، یہ آیت دوسروں کو دِکھانے کے لئے نیک اعمالِ کرنے سے خبردار کرتی ہے۔عیسیٰؑ نے بھی کچھ ایسا ہی اِرشاد فرمایا ہے،

> خبردار اپنے راست بازی کے کام آدمیوں کے سامنے دِکھانے کے لئے نہ کرو۔نہیں تو تمہارے باپ کے پاس جو آسمان پر ہے تمہارے لئے کچھ اجر نہیں ہے۔پس جب تو خیرات کرے تو اپنے آگے نرسنگا نہ بجوا جیسا رِیا کار عبادت خانوں اور کُوچوں میں کرتے ہیں تاکہ لوگ اُن کی بڑائی کریں۔مَیں تم سے سچ کہتا ہوں کہ وہ اپنا اجر پا چُکے۔بلکہ جب تو خیرات کرے تو جو تیرا دہنا ہاتھ کرتا ہے اُسے تیرا بایاں ہاتھ نہ

جانے۔ تا کہ تیری خیرات پوشیدہ رہے۔ اِس صورت میں تیرا باپ جو پوشیدگی میں دیکھتا ہے تجھے بدلہ دے گا۔[۳۴]

([۳۴] اِنجیلِ مقدس، متی ۶: ۱۔۴ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور))

دوم، قرآنِ مجید وعدہ کرتا ہے کہ نیک اعمال گناہ کے کچھ داغوں کو مِٹا سکتے ہیں۔ بطور مسیحی یہ بات میرے لئے اِنتہائی دلچسپی کی حامل ہے۔ پیامِ اِنجیل یعنی خوشخبری، کے متعلق میرا ماننا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے گناہوں کے داغ مٹانے کا ایک طریقہ پیش کیا ہے۔ جبکہ سورہ ۲: ۲۷۱ کا کہنا ہے کہ، خیرات ''کچھ'' گناہوں کو دُور کرسکتی ہے۔ اِس سے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ہم اپنے باقی ماندہ گناہوں کو کیسے دُور کریں گے؟ اگر کوئی شخص اپنے پڑوسی کا کھیت ہتھیانے کے بعد کسی یتیم کو ایک گائے خیرات کردے تو کیا یہ اُس کے گناہ کا مکمل کفارہ ہوا؟ ہمارے تمام گناہوں کے داغ مٹانے کے لئے کیا کرنا پڑے گا؟

قرضوں پہ سُود کھانا (سورہ ۲: ۲۷۵)

قرآن کئی حوالوں میں پیسوں کے متعلق بیان کرتا ہے۔ رقم کے بارے میں ہدایات بھی اسلامی شریعت کا حصہ ہیں۔ ''اللہ نے تجارت کو حلال کیا ہے اور سُود کو حرام کیا ہے۔'' بعض مسلمان مصنفین تسلیم کرتے ہیں کہ دَورِ حاضر میں سُود (منافع خوری) بین الاقوامی بینکاری کی بنیاد بن چُکا ہے۔ کریڈٹ کارڈ، گھر بنانے کے قرضوں، گاڑی خریدنے کے قرضوں، تعلیمی قرضوں اور دیگر قرضوں کے ذریعے رقوم سُود پر دی جاتی ہیں۔ لوگوں کو اُدھار رقم سے کہیں زیادہ رقم واپس کرنی پڑتی ہے۔ یہ ایک ایسا نظام ہے جو وسیع پیمانے پر دُنیا بھر میں رائج بھی ہے اور اِستعمال بھی ہو رہا ہے۔

زیادہ تر مسلمان، بینکاری کے سُودی نظام کو مسترد کرتے ہیں۔ کچھ مسلمان ممالک میں متبادِل نظام تیار کئے جاچُکے ہیں جن کی بنا پر مکانات، گاڑیوں، کاروبار اور دیگر ضروریات کے لئے قرض لیا جاسکتا ہے، لیکن اِسے لوٹانے پر کسی قسم کا سُود ادا نہیں کرنا پڑے گا۔ مثال کے طور، بینک کسی ایسے کاروبار میں حصہ دار بن سکتا ہے جس کا آغاز میں اُس نے مدد کی ہے، تا کہ وہ منافع کا کچھ حصہ اپنے پاس رکھ سکے۔

توراۃ، صحائفِ انبیاء علیہم السّلام اور اِنجیل میں سُود کے بارے میں کچھ زیادہ بیان نہیں ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ لالچ کو گناہ کہتا ہے اور سخاوت کو پسند کرتا ہے۔

روحانی اجر (سورہ ۲: ۲۸۱)

کیا اللہ روحانی اجر دیتا ہے؟ سورہ ۲: ۲۸۱ میں لکھا ہے کہ، ''اور اُس دن سے ڈرو جس دن اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے، پھر ہر شخص کو اُس کی کمائی کا پورا پورا بدلہ دے دیا جائے گا اور اُن پر ظلم نہ ہوگا۔'' روحانی اجر کا سوال ہمیشہ سے اِنسانی فطرت کی گہرائیوں میں اُترتا رہا ہے؟ اِنسان بنیادی طور پر اچھا ہے یا بُرا ہے یا کچھ بھی نہیں ہے؟ اچھا اِنسان بُرے کام کیوں کرتا ہے؟ کیا کبھی کوئی اِنسان اِتنا وافر روحانی اجر پا

سکتا ہے کہ وہ اپنی بُرائیوں کا ازالہ کر سکے؟ اِنسان اچھائی اور بُرائی کا ایک پیچیدہ اور متناقض مرکب ہے۔

تیسرا باب

آل عمران سورہ ۳

کتابیں اور معانی (سورہ ۳:۷)

ہم قرآنِ مجید کی طویل ترین سورت سورہ ۲ تک کا اپنا سفر ختم کر چکے ہیں۔ سورہ ۳ بھی تقریباً اُتنی کی طویل ہے۔ مَیں ایک مسیحی ہوں اور کئی سالوں سے توراۃ، صحائفِ انبیاء علیہم السّلام اور اِنجیل کا مطالعہ کر رہا ہوں۔ مَیں نے اِن کا مطالعہ کئی زبانوں میں کیا ہے جن میں اصل عبرانی، یونانی اور اَرامی شامل ہیں۔ کالج میں اپنے پہلے مسلمان دوست سے بات چیت کرنے کے بعد مَیں ہزاروں مسلمانوں کے ساتھ گفتگو کر چُکا ہوں۔

مَیں کئی سال سے قرآن کا مطالعہ بھی کر رہا ہوں، لیکن اس مرتبہ میں نے اِس پر آیت بہ آیت تبصرہ رقم کرنے کی سعی کی۔ عرب لوگوں کے برعکس، مجھے بچپن میں عربی زبان پڑھنا اور بولنا سیکھنے کا فائدہ نہیں ہوا۔ پھر بھی میں قرآن کے مطلوبہ مفہوم کے جتنا قریب تک پہنچ سکتا ہوں پہنچنے کی کوشش کر رہا ہوں۔

سورہ ۳:۷ قرآنِ مجید میں دو طرح کی آیات کو بیان کرتی ہے۔ ''وہی ہے جس نے تجھ پر کتاب اتاری اُس میں بعض آیتیں محکم ہیں (جن کے معنیٰ واضح ہیں) وہ کتاب کی اصل ہیں اور دوسری مشابہ ہیں (جن کے معنیٰ معلوم یا معین نہیں)، سو جن لوگوں کے دل ٹیڑھے ہیں وہ گمراہی پھیلانے کی غرض سے اور مطلب معلوم کرنے کی غرض سے متشابہات کے پیچھے لگتے ہیں، اور حالانکہ ان کا مطلب سوائے اللہ کے اور کوئی نہیں جانتا اور مضبوط علم والے کہتے ہیں ہمارا ان چیزوں پر ایمان ہے یہ سب ہمارے رب کی طرف سے ہی ہیں، اور نصیحت وہی لوگ مانتے ہیں جو عقلمند ہیں۔'' روحانی عقل کہاں سے آتی ہے؟ کیا یہ اللہ کی طرف سے نہیں آتی؟

جہنم اور عذاب (سورہ ۳:۱۰)

قرآن واضح الفاظ میں اُن لوگوں کے خلاف عذاب کا بیان کرتا ہے جو عقیدۂ اِسلام سے اِنکار کرتے ہیں۔ آیت ۱۰ بیان کرتی ہے کہ ''بے شک جو لوگ کافر ہیں اُن کے مال اور اُن کی اولاد اللہ کے مقابلے میں ہرگز کام نہیں آئیں گے، اور وہ لوگ دوزخ کا ایندھن ہیں۔''

قرآن میں النَّار یا آتشِ جہنم کا ذِکر ۱۴۵ مرتبہ ہوا ہے۔

قرآن کے دوسرے مقامات پر دوزخ کے لئے جَهَنَّمَ، سَقَرَ، سَّعِير، لَظَىٰ اور هَاوِيَةٌ کی اصطلاحات اِستعمال کی گئی ہیں۔

اِنجیلِ مقدس میں جیھَنَّہَ (جہنم) اُفق پر اُن تمام لوگوں کے لئے عذاب کی جگہ ہے جو اللہ کے خلاف بغاوت کی حالت میں مرجاتے ہیں۔

عبرانی زبان میں جیھَنَّہَ القدسؔ کے بالکل باہر واقع ایک گہری وادی یا گھاٹی کو کہا جاتا تھا جہاں کچرے کا ڈھیر لگا رہتا تھا۔ اُس وادی کی آگ ہمیشہ جلتی رہتی تھی۔ یہ اِنتہائی خسارہ اور ویرانی کی جگہ تھی۔

روحانی یا مادی دولت (سورہ ۱۴:۳)

قرآن ہر شخص کو دعوتِ فکر دیتا ہے کہ افضل کیا ہے، روحانی یا مادی دولت؟

لوگوں کو مرغوب چیزوں کی محبت نے فریفتہ کیا ہوا ہے جیسے عورتیں اور بیٹے اور سونے اور چاندی کے جمع کیے ہوئے خزانے اور نشان کیے ہوئے گھوڑے اور مویشی اور کھیتی، یہ دنیا کی زندگی کا فائدہ ہے اور اللہ ہی کے پاس اچھا ٹھکانہ ہے۔

یہ ایک قلبی سوال ہے۔ کیا دِل واقعی دُنیا کی لذتوں میں مسرت تلاش کرتا ہے یا اللہ تعالیٰ کی جستجو میں؟

پُرانے وقتوں کی بات ہے ایک امیر شخص کے پاس ایک زرخیز جاگیر تھی۔ باقی تمام لوگوں کی بہ نسبت اُس فصل کہیں زیادہ وافر ہوا کرتی تھی، جس کی بدولت وہ ہر سال امیر سے امیر ہوتا گیا۔ ایک حسین شام، اُس نے اپنی چھت پر کھڑے ہو کر زیتون کے درختوں، پھلوں کے باغات اور گندم کی لہلاتی فصلوں پر نظر کر کے خود سے کہا، "کیا بات ہے، میرے پاس اِتنی گنجائش نہیں ہے کہ اِتنی وافر فصل کو ذخیرہ کر سکوں۔ مَیں ایسا کروں گا کہ اپنے گوداموں ڈھا کر اُن سے بڑے بناؤں گا۔ اَب میرا حق ہے کہ اب بیٹھ کر کئی سالوں تک اپنی دولت لطف اندوز ہوں۔ مَیں خوب دعوتیں اُڑاؤں گا، کھاؤں گا، پیؤں گا، اور چین کی زندگی گزاروں گا۔ مگر افسوس سورج کے غروب ہوتے ہی اللہ تعالیٰ نے اُس سے کہا اَے نادان! اِسی رات تیری جان تجھ سے طلب کر لی جائے گی۔ جو کچھ تو نے ذخیرہ کیا ہے وہ کس کا ہوگا؟ اَیسا ہی وہ شخص ہے جو اپنے لئے خزانہ جمع کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک دولت مند نہیں۔[1] ([1] اِنجیلِ مقدس، لوقا ۱۲:۱۷۔۲۱)

حضرت داؤدؑ رقمطراز ہیں، "خداوند کا خوف پاک ہے۔ وہ ابد تک قائم رہتا ہے۔ خداوند کے احکام برحق اور بالکل راست ہیں۔ وہ سونے سے بلکہ بہت کُندن سے زیادہ پسندیدہ ہیں۔ وہ شہد سے بلکہ چھتے کے ٹپکوں سے بھی شیرین ہیں۔"[2] ([2] زبور ۱۹:۹۔۱۰)

کیا سونا بُرا ہے؟ جی نہیں، لیکن اللہ کے احکام اُس سے افضل ہیں۔ کیا دولت غلط ہے؟ نہیں، لیکن عبادت افضل ہے۔ بعض اوقات اللہ تعالیٰ اِنسان کو مادی چیزوں سے اِتنا دولتمند بنا دیتا ہے کہ وہ اپنے مال کو ضرورتمندوں کے ساتھ بانٹ سکیں۔ لیکن جو کوئی دولت سے دِل لگاتا ہے وہ سدا مایوس ہی رہے گا۔

دِین اور دوستی (سورہ ۲۸:۳)

اہلِ کتاب کا موضوع قرآن کے معروف ترین موضوعات میں سے ایک ہے۔ حضرت محمد ﷺ نے کئی مرتبہ یہودیوں اور مسیحیوں کے اِسلام قبول کرنے کی خواہش کا اِظہار کیا ہے۔ آپ ﷺ چاہتے تھے کہ وہ آپ ﷺ کو بھی حضرت ابراہیمؑ، حضرت موسیٰؑ اور حضرت داؤدؑ کی پیغمبری کے زمرے میں قبول کریں۔ قرآن مجید قدیم انبیاء علیہم السّلام کی کتب کی تصدیق کا دعویٰ کرتا ہے۔ یہ توراۃ، صحائفِ انبیاء علیہم السّلام اور اِنجیل کو اعلیٰ مقام پر رکھتا ہے۔ مجھے قرآن مجید میں ایسا کوئی اِشارہ نہیں ملتا کہ پہلی کتب محرف ہو چُکی ہیں۔ غالبًا اُن کے مفہوم کو توڑ مروڑ کر پیش کیا جاتا تھا۔ لیکن کیا وہ محرف ہیں؟ جی نہیں۔ عرب اُن یہودیوں اور مسیحیوں سے واقف تھے جو اپنے عقیدہ پر قائم رہتے تھے۔ کیا یہ

دُرست تھا یا نہیں؟ کیا سچے دِل سے ایمان لانے اور اللہ کی اطاعت کرنے والے یہودی یا مسیحی کو اجر مل سکتا ہے؟ کیا یہودی اور مسیحی مسلمانوں پر اچھا یا بُرا اثر ڈالتے ہیں؟ ایک مسلمان کا کسی غیر مسلم سے کیسا کا رشتہ ہونا چاہیے؟

سورہ ۳: ۲۸ میں آتا ہے کہ ''مسلمان مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست نہ بنائیں، اور جو کوئی یہ کام کرے اسے اللہ سے کوئی تعلق نہیں مگر اس صورت میں کہ تم ان سے بچاؤ کرنا چاہو، اور اللہ تمہیں اپنے سے ڈراتا ہے اور اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔'' آگے چل کر سورہ ۵ میں بھی ہمیں ایک ایسی ہی آیت نظر آتی ہے جو خاص طور پر مسلمانوں کو متنبہ کرتی ہے کہ وہ یہودیوں اور مسیحیوں کے ساتھ قریبی تعلقات سے گریز کریں۔

دوستی کے الگ الگ درجات ہوتے ہیں: وقتی، دفتری، تفریحی، قریبی اور بے تکلف۔ سورہ ۳: ۲۸ دوستوں کی اقسام میں فرق نہیں کرتی۔ کچھ مسلمان اِس کے معنی یہ اخذ کرتے ہیں کہ دوسرے مسلمان ہی آپ کے سچے اور مخلص دوست ہو سکتے ہیں۔ اِس سے کچھ مطلب نکلتا ہے۔ ایک پرانی کہاوت ہے، ''کند ہم جنس با ہم جنس پرواز'' [۳] ([۳] ہر شے اپنی جنس کی طرف رجوع کرتی ہے۔) لوگ اُن ہی لوگوں کی طرف متوجہ ہوتے ہیں جن سے وہ زیادہ ہم آہنگ ہوتے ہیں۔

عیسیٰؑ المسیح کے دَور میں آلِ ابراہیمؑ سامریوں سے دوستی نہیں کیا کرتے تھے وہ اُنہیں ایک علیحدہ قوم اور مذہب سے تعلق رکھنے والے کافر گردانتے تھے۔ وہ اُنہیں اِس طور پر دیکھا کرتے تھے۔ قوموں کے مابین دوستی کے لئے اللہ کے پاس ایک الگ منصوبہ تھا۔

کافی وقت پہلے ایک عبرانی تاجر نے اپنی تمام مصنوعات اکٹھی کیں اور یروشلیم سے یریحو کی جانب ایک طویل اور پُر خطر سفر کا آغاز کیا۔ دوپہر کے قریب وہ چلتا چلتا ایک گہری کھائی سے گزرا۔ اچانک کچھ تشدد پسند چوروں نے اُس پر حملہ کر دیا۔ وہ اُن عادی مجرموں کے سامنے بالکل بے دِفاع تھا آخر اُن کی کاری ضربوں کی بدولت زمین پر گر گیا۔ اُنہوں نے اُس کے کپڑے اُتار لئے اور اُسے زخمی حالت میں ادھ مُوا چھوڑ کر چلے گئے۔ اِتفاق سے ایک یہودی کاہن کا اُس گھاٹی سے گزر ہوا لیکن گھاٹی کی کھڑی دیواریں، سیاہ سایوں اور خون میں لتھڑے ہوئے اُس شخص کو جس پر مکھیاں بھنبھنا رہی تھیں دیکھ کر دوسری طرف سے گزر گیا۔

اِسی طرح یہودیوں کے ایک اور مذہبی رہنما کا اُس پتھریلی گھاٹی سے گزر نا ہوا اُن نے اپنے ہم وطن کی طرف دیکھا اور کترا کر دوسری طرف سے بھاگ گیا۔

شاید اُس ادھ مُوئے شخص نے اُن لوگوں کے قدموں کی چاپ سُنی ہو جو اُس سے دُور جاتے جا رہے تھے۔ شاید اُس نے اپنی موت کو قبول کر لیا ہو۔ لیکن تب ہی ایک سامری لمبا سفر طے کرتا ہوا وہاں سے گزرا راستے کے اُس موڑ پر اُس کی نظر اُس پژمردہ جسم پر پڑی۔ وہ فوراً اُس کی پاس گیا اور اُس تاجر کے زخموں کا جائزہ لیا۔ اور اِنتہائی رحم اور ہمدردی کے ساتھ اُس کے زخموں پر تیل اور شراب اُنڈیل کر اُنہیں باندھا اور اُسے اپنے جانور پر لاد دِیا۔ اِس کے بعد اُس نے ایک اور حیرت انگیز کام کیا وہ اُس زخمی شخص کو تندرست ہونے کے لئے ایک سرائے میں لے گیا۔ دوسرے دِن جب وہ روانہ ہونے لگا اور تو اپنا پیسہ مالک کو دِیا اور اُس سے کہا کہ ''اِس شخص کا خیال رکھنا اور جو کچھ بھی خرچہ ہو گا میں واپس آ کر تمہیں لوٹا دُوں گا۔'' [۴] ([۴] انجیلِ مقدس، لوقا ۱۰: ۳۰-۳۶)

اِس پر غور کیجیے۔ عیسیٰؑ نے یہ کہانی آلِ ابراہیمؑ کو سنائی جو اپنے آپ کو کافر سامریوں کی بہ نسبت راستباز اور برتر سمجھتے تھے۔ لیکن اِس کہانی کا مرکزی کردار وہی شخص ہے جسے وہ حقیر سمجھتے تھے۔

عیسیٰؑ نے بھیڑ کی جانب متوجہ ہو کر پوچھا کہ ''تمہارے خیال میں اُن تینوں میں سے کون اُس شخص کا پڑوسی کون ہے جو ڈاکوؤں میں گھر گیا تھا؟'' ایک مذہبی رہنما نے جواب دِیا، ''وہ جس نے اُس پر رحم کیا۔''

عیسیٰؑ نے جواب دِیا ''جاؤ، تم بھی ایسا ہی کرو۔'' کیا دوستی کو مذہب، نسل اور قومیت سے بالا نہیں ہونا چاہیے؟

اندر کی بُرائی (سورہ ۳:۳۰)

قرآنِ مجید ایک مرتبہ پھر گہرے اور عالمگیر اِنسانی اِبہام کو چھوتا ہے۔ اندر کی بُرائی۔ توراۃ، صحائفِ انبیاء علیہم السّلام اور اِنجیل کی طرح قرآن بھی یہ تعلیم دیتا ہے یومِ قیامت قریب ہے۔ ''جس دن ہر شخص موجود پائے گا اپنے سامنے اس نیکی کو جو اس نے کی تھی، اور جو کچھ کہ اس نے برائی کی تھی، اس دن چاہے گا کہ کاش درمیان اس کے اور درمیان اس کی برائی کے مسافت دور کی ہو، اور اللہ تمہیں اپنی ذات سے ڈراتا ہے، اور اللہ بندوں پر شفقت کرنے والا ہے۔''

اِس آیت کا کلیدی لفظ ہے ہر۔ کوئی جان بھی مکمل طور پر بے گناہ نہیں ہے۔ گو تمام رُوحوں کو اللہ تعالیٰ نے اپنی صورت پر بنایا ہے جو کہ صدقہ، نماز اللہ تعالیٰ، فرشتوں، انبیاء علیہم السّلام اور یومِ آخرت پر ایمان لانے کی اہلیت رکھتی ہیں، مگر تمام ارواح اپنے اندر کی بُرائی کی وجہ سے بگاڑ کا شکار ہو جاتی ہیں۔

روح کو تکلیف پہنچتی ہے تو وہ بُرائی کو ترک کرنے کی جستجو کرتی ہے۔ مگر کیسے؟ کتبِ مقدسہ کا سب سے بڑا سوال یہی ہے۔ ایسا کیا ہے جو ہر طرح سے بُرائی کو دُور کرنے کے لئے کافی ہے؟

قرآنِ مجید اِس سوال کا جواب اگلی آیت میں تجویز کرتا ہے۔ ''کہہ دو اگر تم اللہ کی محبت رکھتے ہو تو میری تابعداری کرو تا کہ تم سے اللہ محبت کرے اور تمہارے گناہ بخشے، اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔''

مَیں خود سے ہی دو سوال کروں گا۔ کیا مَیں اللہ تعالیٰ سے اِتنی محبت کرتا ہوں کہ وہ مجھے معاف کر دے گا؟ دوم، اگر میرے گناہ کی سزا موت ہی ہے تو اللہ تعالیٰ میری جگہ کس کو سزا دے گا؟ اگر وہ میرے گناہوں کو معاف کر دیتا ہے تو کیا وہ کسی طور پر میرا روحانی اور اَخلاقی قرض بھی اُتار دے گا؟

اِس سوال کی توضیح ایک سادہ سی کہانی کے ذریعہ سے کی جا سکتی ہے۔

ایک دِن کسی عظیم بادشاہ نے اپنی فوج کو جنگ کے لئے بھیجا۔ اُسی شام اُس کے محافظوں کو علم ہوا کہ ایک مقامی سپاہی چپکے سے لڑائی سے بھاگ نکلا تھا۔ وہ شہزادے کی ڈھال برداری سے دست بردار ہو کر فرار ہوا۔ پکڑے جانے پر اُس دیہاتی نے رحمدل بادشاہ کے سامنے پھوٹ پھوٹ کر روتے ہوئے معافی کی درخواست کی۔ بادشاہ نے ترس کھا کر اُس رقت انگیز شخص کو بخش دِیا۔ حالانکہ، اُس دِن کی شروعات

میں میدانِ جنگ میں، بادشاہ کا اپنا بیٹا ایک تیر لگنے کی وجہ سے مارا گیا تھا۔ اگر وہ دیہاتی شہزادے کا ڈھال بردار بن کر اُس کے ساتھ جنگ میں شریک ہوتا تو وہ اُسے بچا سکتا تھا۔ اگرچہ بادشاہ نے اُس شخص کو معاف کر دِیا لیکن ایک لحاظ سے اُس نے خود ہی سزا بھگتی تھی۔ اُس نے اپنا بیٹا کھو دِیا تھا۔ بِنا قیمت کے کسی کو معافی نہیں ملتی۔

عیسیٰؑ فی القرآن (سورہ ۳:۳۳۔۵۹)

بہت سے مصنفین نے قرآن میں عیسیٰؑ کے ذِکر کے متعلق کتب رقم کی ہیں۔ میرے مسلمان دوست ہر بار یہی کہتے ہیں کہ، ہم عیسیٰؑ سے محبت کرتے ہیں اور اُن کا احترام کرتے ہیں۔ اگر ہم ایسا نہ کریں تو ہم اچھے مسلمان کہلا ہی نہیں سکتے۔ ایسی بہت سی سورتیں ہیں جو آپ کی اَصل، آپ کی پیدائش، آپ کی زندگی یہاں تک کہ آپ کی موت کا بھی ذِکر کرتی ہیں۔ آیات ۳۳۔۵۹ ہمیں ایک بے مثل شخصیت سے متعارِف کرواتی ہیں۔ وہ واحد ایک ایسی شخصیت ہیں جن کا کوئی اِنسانی باپ نہیں ہے۔

یہودی، مسیحی اور مسلمان پچھلے ۱۴۰۰ سال سے عیسیٰؑ المسیح کی شناخت کے متعلق بحث کر رہے ہیں۔ کئی راسخ یہودیوں نے آپ کے مسیح ہونے سے اِنکار کیا۔ یہاں تک کہ آپ پر بدروحوں کی مدد سے معجزات کرنے کا اِلزام لگاتے ہوئے آپ کو ایک جھوٹا نبی قرار دِیا۔ اُنہوں نے آپ کو جھوٹا اور گستاخ قرار دِیا۔ مذہبی رہنماؤں نے لوگوں کو عیسیٰؑ کے خلاف ورغلایا اور رُومی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ آپ کو مصلوب کریں۔ اُنہوں نے رُومیوں سے عیسیٰؑ کو مصلوب کرنے کا قانون منظور کروایا کیونکہ رُومی قانون میں آلِ ابراہیمؑ کو کسی کو قتل کرنے کی اِجازت نہیں تھی۔

اگر میرے گناہ کی سزا موت ہی ہے تو اللہ تعالیٰ میری جگہ کس کو سزا دے گا؟ اگر وہ میرے گناہوں کو معاف کر دیتا ہے تو کیا وہ کسی طور پر میرا روحانی اور اَخلاقی قرض بھی اُتار دے گا؟

یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ اِسرائیل سیکڑوں سالوں سے طاقتور رُومی سلطنت کے زیرِ تسلط تھا۔ تمام آلِ ابراہیمؑ نے عیسیٰؑ المسیح کو رد نہیں کیا۔ آپ کے مقرب ترین حواری آلِ ابراہیمؑ سے تعلق رکھنے والے عام مرد اور خواتین تھیں۔ آپ کی والدہ ماجدہ اور بھائی بہن بھی یہودی تھے۔ انجیلِ مقدس میں بیان ہوا ہے کہ انجام کار القدسؔ کے ہزاروں عبرانی آپ کے پیروکار بن گئے تھے۔

اگر ہم اِن پانچ حصوں پر غور کریں تو سورہ ۳ کو بہتر طور پر سمجھ سکتے ہیں۔

۱۔ مقدسہ مریمؑ کا اِنتخاب
۲۔ کنواری سے پیدائش کا معجزہ
۳۔ بڑے ہونے کے بعد عیسیٰؑ المسیح کی خدمت
۴۔ عیسیٰؑ المسیح کے خلاف سازش
۵۔ حضرت آدمؑ اور عیسیٰؑ المسیح

مقدسہ مریمؑ کا اِنتخاب اللہ کی دُعا کا جواب دینے، رہنمائی کرنے، مہیا کرنے اور حفاظت کرنے کی ایک خوبصورت کہانی ہے۔ مریمؑ کتنی خاص ہیں؟ سورہ ۳:۴۲ میں بیان ہوا ہے کہ، "اے مریمؑ! بے شک اللہ نے تجھے پسند کیا ہے اور تجھے پاک کیا ہے اور تجھے سب جہان کی عورتوں پر پسند کیا ہے۔" کتنا بڑا اعزاز ہے! آپ کو حضرت حوّاؑ سے بالاتر کیا گیا جو کہ اولین تخلیق کردہ عورت تھیں۔ آپ کو حضرت ابراہیمؑ کی والدہ اماتلہؑ پر فوقیت دی گئی۔ آپ کو حضرت سارہؑ پر سبقت دی گئی، جو کہ حضرت ابراہیمؑ کی زوجہ اور حضرت اسحاقؑ کی والدہ تھیں جو آپؑ کے بڑھاپے میں پیدا ہوئے تھے۔ آپ کو حضرت اسماعیلؑ کی والدہ حضرت ہاجرہؑ پر ترجیح دی گئی۔ آپ کو حضرت داؤدؑ کی والدہ سمیت تمام اقوامِ عالم کی عورتوں سے ممتاز ٹھہرایا گیا۔ مقدسہ مریمؑ کی اِس قدر تکریم کیوں کی گئی؟ کیا آپ تاریخ بشر کی صالحہ ترین خاتون تھیں یا کیا آپ اللہ تعالیٰ کے مقربین میں سے تھیں؟

جی نہیں! مقدسہ مریمؑ بھی آدم و حواء علیہم السّلام کی باقی اولاد کی طرح کی ایک اِنسان تھیں۔ مقدسہ مریمؑ کی تعظیم اِس لئے کی گئی کیونکہ آپ کو ایک متبرک ترین کام کے لئے منتخب کیا گیا تھا۔ سورہ ۳:۴۵ میں ذِکر ہوا ہے،

"جب فرشتوں نے کہا اے مریمؑ! اللہ تجھ کو ایک بات کی اپنی طرف سے بشارت دیتا ہے، اس کا نام مسیح عیسیٰؑ (وہ) بیٹا مریمؑ کا ہوگا، دُنیا اور آخرت میں مرتبے والا اور اللہ کے مقربوں میں سے ہوگا۔"

مریمؑ کا المسیح کو دُنیا میں لانے کا عمل معجز کس طرح تھا؟ کنواری سے پیدائش ایک معجزہ تھا، لیکن اِس بھی بڑھ کر یہ آسمانی کے لئے زمین پر آنے کا ذریعہ تھا۔

اِس مادی دُنیا میں ہمیں منفرد عناصر دِکھائی دیتے ہیں۔ زمین، پانی، ہوا اور آگ۔ آگ سے آگ نکلتی ہے۔ زمین سے زمین نکلتی ہے۔ ہوا ہوا کو جنم دیتی ہے۔ پانی سے پانی نکلتا ہے۔

اللہ روح ہے۔ اُس کا جوہر روحانی ہے۔ کیا کچھ ایسا ہے جو اللہ سے نکلتا ہے؟ یقیناً یہ بڑے ہی عمیق اَسرار ہیں۔ لیکن کیا اللہ کی مرضی یہی ہے کہ ہم اندھیرے میں ہی رہیں کیونکہ کوئی راز بڑا ہی گہرا ہے؟ نور کی وضاحت کر پانا مشکل ہے، مگر جب ہمیں اندھیری رات میں راستہ تلاش کرنا ہو تو ہم اِس کے اِستعمال میں کوئی عار محسوس نہیں کرتے۔ یقیناً اللہ کو کامل طور پر اپنی ذات کا فہم ہے اور وہ اپنے آپ کو خوب جانتا ہے۔ وہ خود باخبر ہے اور کوئی ایسی شے نہیں جو اللہ سے پوشیدہ ہے۔ "اللہ پر زمین اور آسمان میں کوئی چیز چھپی نہیں" (سورہ ۳:۵)۔

اللہ کائنات نہیں ہے اور نہ ہی کائنات اللہ ہے۔ سورہ ۳:۲ میں آیا ہے کہ، "اللہ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، زندہ ہے، نظامِ کائنات کا سنبھالنے والا ہے۔"

مجھ سمیت، ہر یہودی اور مسیحی اِس سے اِتفاق کرے گا۔ اللہ کی نہ تو کوئی ابتداء ہے اور نہ ہی کوئی اِنتہا۔ زمان و مکاں کی ایک ابتداء ہے اور اگر اللہ چاہے تو ایک دِن یہ سب فنا ہو جائے گا۔ زمین، پانی، ہوا اور آگ کو اللہ نے پیدا کیا ہے۔ اِنجیلِ مقدس میں بیان ہوا ہے کہ، "وہ تو جان بُوجھ کر یہ بھول گئے کہ خُدا کے کلام کے ذریعہ سے آسمان قدیم سے موجود ہیں اور زمین پانی میں سے بنی اور پانی میں قائم ہے۔"[۵] ([۵] اِنجیلِ مقدس، ۲۔ پطرس ۳:۵ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور)) توراۃ کا آغاز ہی اِن الفاظ سے ہوتا ہے، "خدا نے ابتداء میں زمین اور آسمان کو پیدا

کیا۔"[6] (۶ توراۃ شریف، پیدائش ۱:۱ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور))

کائنات مطلقاً اللہ کی ذات سے نہیں نکلی۔ یہ اللہ کی تخلیق ہے اور اِس کی اِبتداء بھی ہے۔ کائنات اپنے وجود کے لئے اللہ تعالیٰ پر منحصر ہے۔ لیکن وہ اپنے وجود کے لئے کائنات پر منحصر نہیں ہے۔

سورہ ۳:۴۵ میں عیسیٰؑ کو اللہ کا کلمہ (کلمۃ اللہ) پکارا گیا ہے۔ کیا اللہ کا کلام تخلیق کیا گیا ہے یا وہ اُسے اپنی فطرت سے صادِر کرتا ہے؟ یہ وہ سوال ہے جو کہ لوگوں کو اُس موڑ پر لا کر کھڑا دیتا ہے جہاں اُن کے عقائد کے راستے جدا ہو جاتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ کلمۃ اللہ کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ نے عیسیٰؑ المسیح کو محض ایک معجزانہ نشانی بنا کر بھیجا تھا۔

المسیح

دیگر کا خیال ہے کہ عیسیٰؑ کو کلمۃ اللہ شاید اِس لئے کہا جاتا ہے کیونکہ آپ اللہ تعالیٰ کا پیغام لے کر آئے تھے۔

سورہ ۳:۴۵ پہلا بیان نہیں جس میں عیسیٰؑ المسیح کو اللہ کا کلمہ کہا گیا ہے۔ اہلِ عرب کے پاس قرآن آنے سے پانچ سو سال قبل اللہ تعالیٰ نے عیسیٰؑ کے محبوب دوست اور حواری یوحنّا رسول کو یہ ہدایت دی کہ آپ اِس بات کو قلمبند کریں کہ،

"اِبتدا میں کلمہ تھا۔ اور کلمہ خدا کے ساتھ تھا۔ یہی اِبتدا میں خدا کے ساتھ تھا۔ اِسی سے سب کچھ پیدا ہوا۔ ایک بھی چیز جو پیدا ہوئی اُس کے بغیر پیدا نہیں ہوئی۔ اُس میں زندگی تھی اور زندگی اِنسانوں کا نور تھی۔ اور نور تاریکی میں چمکتا ہے۔ اور تاریکی نے اُسے قبول نہ کیا۔"[7] (۷ انجیلِ مقدس، یوحنا ۱:۱-۵ (کاتھولک بائبل کمیشن، پاکستان))

دراصل یوحنّا نے عیسیٰؑ کے متعلق لکھتے وقت یونانی زبان کا اِستعمال کیا تھا۔ اصل یونانی میں عیسیٰؑ کو لوگوس (Logos) کہا گیا ہے۔ آیت ۱۴ میں یوحنّا بیان کرتے ہیں، "اور کلمہ مجسم ہوا اور ہم میں سکونت پذیر ہوا۔"

اگر میرے مسلمان دوست اب تک اِس کتاب کا مطالعہ کر رہے ہیں تو ہمیں اِنتہائی دیانتداری اور عقلمندی کے ساتھ اِسے جاری رکھنا پڑے گا۔ آخر یہ کلام، لوگوس (Logos) یا کلمہ کون ہے؟ یہ ایک اِنتہائی گہرا بھید ہے۔ ایک کلمہ جو اللہ کی ذات سے صادِر ہوتا ہے۔ وہ اُس کے اِتنا قریب ہے کہ اُسے اُس سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔ جوہری طور پر اللہ کا کلمہ ابدی ہے، کامل ہے، محبت کرنے والا ہے، زندگی ہے، وہ ایسا نور ہے جسے تاریکیاں مغلوب نہیں کر سکتیں۔

آگے چل کر سورہ ۳:۵۹ میں عیسیٰؑ کا موازنہ حضرت آدمؑ سے کیا گیا ہے۔ اللہ نے فرمایا کہ "ہو جا" اور عیسیٰؑ معجزانہ طور پر مریمؑ کے بطن میں ٹھہر گئے۔ دُنیا کے آغاز میں اللہ تعالیٰ فرمایا کہ "ہو جا" اور آدمؑ نے معجزانہ طور پر مٹی سے اِنسان بن کر پہلی سانس لی۔

مسیحیوں کا ماننا ہے کہ آدمؑ اور عیسیٰؑ کافی حد تک ایک دوسرے کے مشابہ ہیں۔ درحقیقت انجیلِ مقدس میں عیسیٰؑ کو آدمِ ثانی پکارا گیا ہے۔ لیکن مشابہ ہونے کا معنی یکساں ہونا نہیں ہے۔ مثلاً حضرت آدمؑ کو تو مٹی سے پیدا کیا گیا تھا لیکن عیسیٰؑ اُسی طرح پیدا ہوئے جس طرح اربوں بچوں کی پیدائش ہوا کرتی ہے۔ حضرت آدمؑ کا کوئی بچپن نہیں تھا مگر عیسیٰؑ نے ایک عام اِنسانی شیرخوار کی طرح مقدسہ مریمؑ کا دودھ پی کر

پرورِش پائی۔ باقی چھوٹے لڑکوں کی طرح آپ بھی نے کھیل کود ہی بچپن سے تندرست جوانی کی دہلیز پر قدم رکھا۔ حضرت آدمؑ نے حضرت حوّاؑ سے شادی کی آپ دونوں علیہم السّلام کے کئی بچے بھی ہوئے۔ عیسیٰؑ نے نہ تو کبھی شادی کی اور نہ ہی آپ کی کوئی اولاد تھی کیونکہ آپ کو ایک اِنتہائی مشکل اور تکلیف دہ کام کے لئے منتخب کیا گیا تھا۔

پس کس لحاظ سے حضرت آدمؑ اور عیسیٰؑ ایک جیسے ہیں؟ مسیحیوں قطعاً یہ عقیدہ نہیں رکھتے کہ عیسیٰؑ کا جسم کسی بھی عام اِنسانی جسم سے کچھ زیادہ تھا، آپ کی رگوں میں بھی خون اُسی طرح گردِش کرتا تھا جس طرح حضرت آدمؑ اور اُن کی نسل کی رگوں میں کرتا تھا۔ طبعی جوہر کے لحاظ سے عیسیٰؑ و آدمؑ دونوں پورے طور پر اِنسان ہی تھے۔

یہ وہ نکتہ ہے جہاں آ کر بعض لوگ اپنا راستہ تبدیل کر لیتے ہیں۔ کیا اِنسان کے لئے اُس کے طبعی وجود سے بڑھ کر بھی کچھ ہے؟ چارلس ڈارونؔ کے زمانے سے یہ مفروضہ اِنتہائی مقبول ہو رہا ہے کہ تمام جاندار بشمول مرد اور عورت، حیات کے انتہائی ابتدائی درجات سے اِرتقائی مراحل طے کر کے آہستہ آہستہ اپنی موجودہ صورت اور حالت تک پہنچے ہیں۔ قیاس کیا جاتا ہے کہ بندر اور اِنسان، مکڑیاں اور پالک سب ایک ہی مورثِ اعلیٰ کی اصل سے آئے تھے۔ دَورِ جدید کے، اکثر اِنسانوں نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ اِنسان بنیادی طور پر کسی جیلی فش یا کیچوے سے منفرد نہیں ہیں۔ پس مرنے کے بعد ہم سب کا وجود مکمل طور پر فنا ہو جاتا ہے، ہمارے جسم خاک میں مل کر ہمیشہ کے لئے فراموش ہو جاتے ہیں۔

یہودی، مسیحی اور مسلمان اللہ تعالیٰ، یومِ آخرت، جنت اور جہنم پر ایمان رکھتے ہیں۔ ہمارا عقیدہ ہے کہ گو جسم مر کر تحلیل بھی ہو جائے مگر روح زندہ رہتی ہے۔ اب یہاں یہ سوال اُٹھتا ہے کہ جسم کے مُردوں میں سے جی اُٹھنے کے بعد کیا ہوتا ہے، یہ ہم یہ مانتے ہیں کہ اِنسان محض ایک کیمیائی مادہ سے بڑھ کر کچھ اور بھی ہے۔ ہم حقیقی ارواح رکھتے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے خلق کیا ہے اور یہ روحیں مادی جسم کے ساتھ یا اِس کے بغیر رہتی ہیں۔

جسم اور روح۔ یہی عیسیٰؑ کا بھید ہے جنہیں اِبنِ آدم بھی پکارا جاتا ہے اور اِبنُ اللہ بھی۔ اللہ تعالیٰ کے ''کُـــنْ'' کہنے سے مقدسہ مریمؑ کے بطن میں عیسیٰؑ کا مادی جسم تو وجود میں آ گیا، مگر آپ کی روح کہاں سے آئی تھی؟ کیا آپ کی روح کو بھی حضرت آدمؑ کی طرح تخلیق کیا گیا تھا؟ یا پھر وہ اَزل سے تھی؟ کیا عیسیٰؑ اللہ تعالیٰ کی ذات سے نکل کر کلمۃ اللہ کے طور پر زمین پر جلوہ افروز ہوئے تھے؟

معمار سنان پاشاؔ مسلم دُنیا کے عظیم ماہرِ تعمیرات تھے جو اپنی اعلیٰ و ارفع مساجد کی وجہ سے مشہور ہیں۔ یہ مساجد اُن کی وفات کے سیکڑوں برس بعد بھی قائم رہیں۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ محترم معمار سنان پاشاؔ اپنے کاموں کی بدولت زندہ ہیں۔ معمار سنانؔ کا ہر ایک شاہکار اُن کے ذہن اور روح کی گہرائیوں سے شروع ہوا۔ اُن کے کلام کرنے یا نقشہ کھینچنے سے پیشتر، اُن کی سوچنے، استدلال کرنے اور تصور کرنے کی صلاحیت اُن کی ذات میں کارفرما تھی۔ کہانیاں سنانے اور مستقبلِ بعید کی منصوبہ بندی کرنے کی صلاحیت وہ بنیادی جزو ہیں جو ہمیں اِنسان بناتے ہیں۔

معمار سنان پاشاؔ محض ایک اِنسان تھے، بے شک وہ یقیناً ایک غیر معمولی اور شاندار شخصیت تھے۔ وہ فی الواقع خود کو (اپنے لوگوں کو) اپنی

عمارتوں میں منتقل نہیں کر سکتے تھے۔آج جدید صنعت وحرفت کی مدد سے سائنسدانوں نے اِنسانی دِماغ کو کمپیوٹر یا اِس سے بھی بڑھ کر کسی روبوٹ یا کسی دوسرے اِنسان میں منتقل کرنے کے تصور کو عملی جامہ پہنانے کے لئے تجربات کا آغاز کر دِیا ہے۔صاحبِ تدبیر سائنسدان اِنسان کو ہمیشہ تک زندہ رکھنے کے خواب دیکھ رہے ہیں۔

اگر اِنسان کسی اِنسانی ذہن (کلمہ) کو لے کر اُسے مشین یا کسی دوسرے اِنسان میں تحمیل [8] (ڈاؤنلوڈ - Download) کرنے کا تصور کرسکتا ہے،تو کیا یہ سوال کرنا غیر معقول ہے کہ اللہ تعالیٰ کا خود ایسا عمل کرنے کا کوئی محبت آمیز اور عظیم مقصد ہوسکتا ہے؟

''ناممکن''، میرے دوست احتیاط سے اپنی چائے کی پیالی میز پر واپس رکھتے ہوئے کہا۔اللہ کبھی بھی ایسا کام کیوں کرنا چاہے گا؟ لا فانی ہونے کے لئے اُسے کبھی بھی اپنے آپ کو کسی نئے اِنسانی جسم میں منتقل کرنے کی حاجت نہیں ہوگی کیونکہ اللہ ابدی ہے۔زیادہ طاقت کے حصول کے لئے اُسے ہرگز اپنے آپ کو مخلوق کی شکل میں ڈھالنے کی ضرورت نہیں ہے۔کیونکہ وہ تو پہلے ہی اَلْعَزِيزُ و اَلْقَادِرُ ہے۔ایسا سوچنا بھی کتنا قابلِ نفرت ہے۔مجھ تو ایسا سوچ کر ہی گھن آرہی ہے۔اللہ کو کسی چیز کی حاجت نہیں ہے۔

ایسے عجیب وغریب سوال کا جواب اِنجیلِ مقدس میں موجود ہے۔

''کیونکہ خدا نے دُنیا سے ایسی محبت رکھی کہ اُس نے اپنا اِکلوتا بیٹا بخش دِیا،تا کہ جو کوئی اُس پر ایمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے۔'' [9] (اِنجیلِ مقدس، یوحنا ۳:‏۱۶ (پاکستان بائبل سوسائٹی،انارکلی،لاہور))

یہ محبت ہی ہے جس کی بدولت لوگ عجیب اور حیران کُن کام کر گزرتے ہیں۔وطن کی محبت لوگوں کو میدانِ جنگ میں اُترنے اور اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے کا جوش دِلاتی ہے، بیوی اور بچوں کی محبت ایک اِتنی باپ کو تقویت دیتی ہے کہ کسی بھی حالت میں کام کرنے اور تکلیف اُٹھانے کے لئے تیار ہوجاتا ہے تا کہ وہ اپنے بچوں کو ایک آرام دہ گھر اور خوراک مہیا کر پائے۔ایک مرد کسی عورت کے لئے اپنی محبت کو ثابت کرنے کے لئے سمندروں اور پہاڑوں کو بھی پار کرسکتا ہے۔

محبت نے ہی عیسیٰؑ کو آمادہ کیا۔عیسیٰؑ نے اپنی زمینی زندگی کے دوران کیا کِیا؟ سورہ ۳:‏۴۹ میں ہم عیسیٰؑ کو اندھوں کو بینائی دیتے،کوڑھیوں کو شفا دیتے اور مُردوں کو زِندہ کرتے دیکھتے ہیں۔آپ اللہ کی قدرت سے یہ کام کیا کرتے تھے۔اِس کے علاوہ آپ ایسا کیسے کرسکتے تھے؟ صرف اللہ ہی ناممکن کو ممکن کرسکتا ہے اور عیسیٰ اللہ کا کلام ہیں۔اللہ کلام جہاں جائے گا وہاں معجزے ہوں گے،وہاں زندگی آئے گی۔

آیت ۵۴ میں قرآن یہ تصدیق کرتا ہے کہ اللہ کے دُشمنوں نے عیسیٰؑ کے خلاف سازِش کی۔اِنجیل تصدیق کرتی ہے کہ یہ دُشمن آپ کو رُومیوں کے ہاتھوں مصلوب کروانا چاہتے تھے۔لیکن کیا وہ کامیاب ہوئے؟ وہ اللہ کے خلاف لڑ کر کیسے جیت سکتے تھے؟ سورہ ۳:‏۵۵ ''جس وقت اللہ نے فرمایا اے عیسیٰؑ! بے شک میں تمہیں وفات دینے والا ہوں اور تمہیں اپنی طرف اٹھانے والا ہوں اور تمہیں کافروں سے پاک کرنے والا ہوں اور جو لوگ تیرے تابعدار ہوں گے انہیں ان لوگوں پر قیامت کے دن تک غالب رکھنے والا ہوں، جو تیرے منکر ہیں پھر تم سب کو میری طرف لوٹ کر آنا ہوگا پھر میں تم میں فیصلہ کروں گا جس بات میں تم جھگڑتے تھے۔''

ایک دوپہر میرا پڑوسی کافی پریشان ہوگیا۔''عیسیٰؑ کی وفات نہیں ہوئی!''

بظاہر اُس نے پہلے کبھی سورہ ۳:۵۵ پر دھیان نہیں دِیا تھا۔ "مَیں جاننا چاہتا ہوں،" مَیں نے پوچھا، "کیا قرآنِ مجید میں کوئی ایسی آیت ہے جو یہ کہتی ہے کہ عیسیٰؑ کی وفات نہیں ہوئی؟"

وہ خاموش ہو گیا۔

محبت نے ہی عیسیٰؑ کو آمادہ کیا۔

مَیں بات کو آگے بڑھایا۔ "مَیں ۴:۱۵۷ کے بارے میں جانتا ہوں، لیکن یہ آیت بھی یہ نہیں کہتی کہ اللہ نے عیسیٰؑ کو موت سے بچا لیا تھا، بلکہ کہتی ہے کہ یہودیوں نے آپ کو قتل نہیں کیا۔"

جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا ہے، قرآنِ مجید نہ صرف عیسیٰؑ کی پیدائش کا ذِکر کرتا ہے بلکہ آپ کی وفات کے متعلق بھی بیان کرتا ہے۔ بعض یہ خیال کرتے ہیں آخری وقت میں اللہ تعالیٰ نے عیسیٰؑ کو صلیب پر مرنے سے بچا لیا اور آپ کی جگہ کسی اور کو مصلوب کر دِیا گیا۔ لیکن یہاں یہ کیوں کہا گیا ہے کہ اللہ نے عیسیٰؑ کو وفات دی اور پھر اُٹھا دِیا۔ (عِیسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ)۔

میرے ایک دوست نے مجھ سے پوچھا کیا اِنجیل میں ایسا کوئی بیان موجود ہے جو یہ کہتا ہے کہ عیسیٰؑ کی وفات ہوئی؟

"جی ہاں،" میں نے جواب دِیا، "اِنجیل میں ایسے کئی حوالے ہیں جن میں آپ کی وفات کا تفصیلی بیان موجود ہے۔"

اول، عیسیٰؑ نے خود اپنی صلیبی موت کے بارے میں پیش گوئی فرمائی۔ ایک شام آپ نے حوارین نے فرمایا کہ،

"اِبنِ آدم آدمیوں کے حوالہ کیا جائے گا اور وہ اُسے قتل کریں گے اور وہ قتل ہونے کے تین دِن بعد جی اُٹھے گا۔" [۱۰] ([۱۰] اِنجیلِ مقدس، مرقس ۹:۳۱ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور))

عیسیٰؑ کے رُومیوں کے ہاتھوں سفاکانہ طور پر مصلوب کئے جانے کے بعد، گورنر پیلاطسؔ نے خود اپنے افسران کو یہ حکم دِیا کہ وہ صلیب پر عیسیٰؑ کی موت کی تصدیق کریں۔

اور پیلاطسؔ نے تعجب کِیا کہ وہ ایسا جلد مر گیا اور صوبہ دار کو بلا کر اُس سے پوچھا کہ اُس کو مرے ہوئے دیر ہو گئی؟ جب صوبہ دار سے حال معلوم کر لیا تو لاش یُوسفؔ کو دِلا دی۔ اُس نے ایک مہین چادر مول لی اور لاش کو اُتار کر اُس چادر میں کفنایا اور ایک قبر کے اندر جو چٹان میں کھودی گئی تھی رکھا اور قبر کے منہ پر ایک پتھر لُڑھکا دِیا۔[۱۱] ([۱۱] اِنجیلِ مقدس، مرقس ۱۵:۴۴-۴۶ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور))

یوحنّا نے عیسیٰؑ کی موت کو تاریخی طور پر قلمبند کیا ہے، "لیکن جب اُنہوں نے یسوعؔ کے پاس آکر دیکھا کہ وہ مر چُکا ہے تو اُس کی ٹانگیں نہ توڑیں۔"[۱۲] ([۱۲] اِنجیلِ مقدس، یوحنّا ۱۹:۳۳ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور))

تصلیب و قیامت کے چند ہفتے بعد، پطرسؔ اور دیگر حوارین نے آلِ ابرا ہیمؑ کے ایک بڑے گروہ سے خطاب فرمایا اور یہ گواہی دی،

تم نے اُس قدوس اور راست باز کا اِنکار کیا اور درخواست کی کہ ایک خونی تمہاری خاطر چھوڑ دِیا جائے۔[۱۳] ([۱۳] اِنجیلِ مقدس، اعمال ۳:۱۴ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور))

اِنجیلِ مقدس میں بیان ہوا ہے، "کیونکہ جب ہم کمزور ہی تھے تو عین وقت پر مسیحؔ بے دِینوں کی خاطر موَا۔" اور یہ، "لیکن خدا اپنی محبت کی

خوبی ہم پر یُوں ظاہر کرتا ہے کہ جب ہم گنہگار ہی تھے تو مسیح ہماری خاطِر مؤا۔"
باقی تمام مقدس کتابوں کی طرح، سورہ ۳:۵۵ کو سمجھنے کے لئے بھی اصل زبان کی طرف رجوع کرنا پڑے گا۔ تفاسیر مفید تو ہیں لیکن وہ ہر بار ایک دوسرے کے ساتھ اِتفاق نہیں کرتیں۔ اِنٹرنیٹ کی مدد سے ہم عربی زبان کے لفظ مُتَــــــــوَفِّيْكَ کا ترجمہ کسی بھی زبان میں کر سکتے ہیں۔ مَیں قازق، اُزبک، رُوسی، ترکی سمیت دیگر زبانوں میں بھی اِسے دیکھا اور یہ تصدیق کی کہ مُتَـــوَفِّيْكَ کے معنی "مَیں مر گیا تھا" یا "مَیں مرا" ہی نکلتے ہیں۔
اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا کہ وہ عیسیٰؑ کو قبر میں نہیں چھوڑے گا۔ "کیونکہ تو نہ میری جان کو پاتال میں رہنے دے گا نہ اپنے مقدس کو سڑنے دے گا۔"[۱۴] ([۱۴] زبور ۱۶:۱۰ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور))
جب عیسیٰؑ کی پیروکار خواتین آپ کے جسم پر قیمتی تیل ملنے آئیں، تو اُنہوں نے قبر کو خالی پایا۔ وہاں اُن پر ایک فرشتہ ظاہر جس نے کہا کہ "زندہ کو مُردوں میں کیوں ڈھونڈتی ہو؟"[۱۵] ([۱۵] اِنجیلِ مقدس، لوقا ۲۴:۵ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور))
آیت ۵۵ میں مُتَوَفِّيْكَ کے معنی اُوپر اُٹھانا آئے ہیں۔ قدیم رسوم کے مطابق قبر میں دفنائے جانے کے بعد موت کے کفن میں لپٹی عیسیٰؑ کی بے حس وحرکت لاش تین دِن تک اللہ تعالیٰ کے ایک اور معجزے کی منتظر رہی۔ یہی مایوس کُن صورتحال اللہ تعالیٰ کے لئے شیطان، گناہ اور موت پر اپنی پوری قدرت کے ساتھ غالب آنے کا ذریعہ بنی۔

حضرت ابراہیمؑ یہودی یا مسیحی نہیں تھے

حضرت ابراہیمؑ کا نام اقوام کی بنیادوں میں درج ہے۔ آپؑ کے نام کا مطلب ہے "جتھوں کا باپ۔" ایک بے اولاد شخص سے لاکھوں کے باپ تک، اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کو ایک بے مثال وعدہ کے لئے برگزیدہ فرمایا تھا۔
وہ کیا چیز ہے جو کسی شخص کو یہودی بناتی ہے؟ آسان الفاظ میں یہودی لوگ یہوداؔہ کے قبیلہ اور اولاد سے ہی۔ یہوداؔہ حضرت ابراہیمؑ کی اولاد سے تھے اور بادشاہ اور المسیح بھی مطلقاً آپ ہی کی اولاد میں سے ہوئے ہیں۔
بعدازاں اِنجیل میں، یہودی کی اِصطلاح ایک ایسے شخص کے لئے اِستعمال کی گئی جو گناہوں کی معافی کے لئے اللہ تعالیٰ پر سچا بھروسہ کرتا ہے۔ وہاں بیان ہے کہ "بلکہ یہودی وہی ہے جو باطن میں ہے اور ختنہ وہی ہے جو دِل کا اور روحانی ہے نہ کہ لفظی۔ ایسے کی تعریف آدمیوں کی طرف سے نہیں بلکہ خدا کی طرف سے ہوتی ہے۔"[۱۶] ([۱۶] اِنجیلِ مقدس، رُومیوں ۲:۲۹ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور)) یہ بیان عیسیٰؑ کے اُس بیان کی تائید کرتا ہے کہ منافقت سفیدی پھری ہوئی قبر کی مانند ہے جو باہر سے تو اچھی دِکھتی ہے مگر اُس کے اندر موت بھری ہوئی ہے۔ حقیقی زندگی اندر سے شروع ہو کر باہر کی طرف جاتی ہے۔
جی ہاں، ایک لحاظ سے ابراہیمؑ یہودی نہیں تھے کیونکہ وہ یہودیوں سے اور بہت سے لوگوں کے باپ ہیں۔ لیکن اِس معنی میں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے دِل کو پاک کیا تھا، آپ نے گہرے طور پر اِس اصطلاح کی نمائندگی کی۔

مذہبی پیشواؤں سے ایک دلچسپ مکالمہ کے دوران عیسیٰؑ نے بیان فرمایا، ”تمہارا باپ ابرہامؑ میرا دِن دیکھنے کی اُمید پر بہت خوش تھا چنانچہ اُس نے دیکھا اور خوش ہوا۔“[17] ([17] انجیلِ مقدس، یوحنا ۸:۵۶ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور))

حضرت ابراہیمؑ نے عیسیٰؑ کی آمد کی پیش بینی کی!؟ جی ہاں، کیونکہ آپؑ ایک نبی تھے، اللہ تعالیٰ کے منتخب اور محبوب۔ حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش سے ہزاروں سال قبل اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ سے وعدہ فرمایا کہ ایک دِن وہ اُن ہی کی نسل سے المسیح کو معبوث کرے گا۔ گو عیسیٰؑ کا کوئی زمینی باپ نہیں تھا، لیکن مقدسہ مریمؑ حضرت ابراہیمؑ کی نسل سے تھیں۔ ابراہیمؑ کو عیسیٰؑ کی آمد کے متعلق تفصیلات کا مکمل علم تو نہیں تھا، تاہم آپ اُس دِن کے متعلق سوچ کر خوش ہوئے۔

بت پرستی کا گناہ (سورہ ۳:۸۰)

قرآن بارہا بت پرستی کے خلاف خبردار کرتا ہے۔ سورہ ۳:۸۰ کہتی ہے، ”اور نہ یہ جائز ہے کہ تمہیں حکم کرے کہ تم فرشتوں اور نبیوں کو رب بنا لو، کیا وہ تمہیں کفر سکھائے گا بعد اِس کے کہ تم مسلمان ہو چکے ہو۔“

توراۃ اور صحائفِ انبیاء علیہم السّلام میں درج آلِ ابراہیمؑ کی تاریخ بتاتی ہے کہ بار بار واحد اور سچے اللہ کی عبادت سے ہٹ کر بتوں بتا کر اُن کی پرستش شروع کر دیتے تھے۔ بعض مرتبہ وہ اپنے آس پاس کے ممالک کے بتوں کی پوجا شروع کر دیتے تھے۔ زیادہ تر وہ ایک جھوٹے دیوتا کی پرستش کیا کرتے تھے جسے وہ بعل پکارتے تھے۔ حضرت اِلیاسؑ[18] ([18] ایلیاہ نبی) نے بعل کے پجاریوں کو للکارا کہ وہ ثابت کریں کہ آیا بعل حقیقی خدا ہے یا اللہ۔ آپؑ نے اُن سے کہا ایک ایک بیل قربان کرو، اُسے قربانگاہ پر رکھو اور بعل سے اُس پر آگ بھیجنے کے لئے دُعا کرو۔ بعل کے پجاریوں نے آپؑ کے کہنے کے مطابق کیا اور دُعا کرنا شروع کی۔ اُنھوں اِنتظار کیا لیکن آگ نازل نہیں ہوئی۔ وہ روتے اور چلاتے رہے یہاں تک کہ خود کو اِس قدر زخمی کر لیا کہ اُن کے بدنوں سے خون بہنے لگا اس لئے کہ بعل اُن کی دُعا کا جواب دے دے۔ لیکن آگ نازل نہ ہوئی۔

اُسی شام حضرت اِلیاسؑ نے بارہ پتھروں سے ایک قربانگاہ تیار کی۔ آپؑ اُس قربانگاہ کے گرد ایک خندق کھودی اور پھر اُس بیل پر اِتنا پانی ڈالا کہ وہ خندق بھی بھر گئی۔ حضرت اِلیاسؑ نے بلند آواز سے دُعا کی ”میری سُن اے خداوند میری سُن تا کہ یہ لوگ جان جائیں کہ اے خداوند تُو ہی خدا ہے اور تُو نے پھر اِن کے دِلوں کو پھیر دِیا ہے۔“[19] ([19] ۱۔سلاطین ۱۸:۳۷ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور)) اللہ تعالیٰ نے آپؑ کی دُعا قبول فرمائی آسمان سے آگ نازِل ہوئی اور قربانی سمیت خندق میں موجود پانی اور ہر چیز کو بھسم کر دِیا۔ تمام شکوک وشبہات دُور ہو گئے۔ حقیقی اللہ نے اپنے آپ کو ظاہر فرمایا اور لوگوں نے بت پرستی سے توبہ کی۔

غلط راہ کا اِنتخاب (سورہ ۳:۱۰۰)

ایمان کا کھو جانا ایک انتہائی خوفناک عمل ہے۔ آج دُنیا میں بہت سے لوگ خالقِ واحد پر ایمان رکھتے ہیں۔ آلِ ابراہیمؑ نے خالق کو اُس کے خاص نام یہوواہ سے پکارا۔ یونانیوں نے اُس کے لئے تھیوس (Theos) کی اِصطلاح اِستعمال کی۔ عرب کے مسیحی آج بھی خالق کے لئے اللہ کا لفظ ہی اِستعمال کرتے ہیں۔ اہلِ فارس اُس کے لئے **خدا** کا لفظ اِستعمال کرتے ہیں۔

جیسا کہ بیان ہوا ہے، قرآن کہتا ہے کہ اُن لوگوں کے لئے اجر ہے جو واحد اللہ کو ہر چیز کا خالق اور رب مانتے ہیں۔

کیا جنت میں اِنعام حاصل کرنے کے لئے سچے اور واحد اللہ پر اِیمان لانا کافی ہے؟ اللہ پر ایمان لانا اور اُس کا خوف ماننا کتنا ضروری ہے؟ سورہ ۳:۱۰۰ بیان کرتی ہے، ''اے اِیمان والو! اگر تم اہلِ کتاب کی کسی جماعت کا بھی کہا مانو گے تو وہ تمہیں اِیمان لانے کے بعد کافر کر دیں گے!''

اہلِ کتاب کی جماعت کے وہ کون لوگ تھے؟ وہ نیک مسلمانوں کو کس طرح سے مرتد بنا رہے تھے؟ وہ اللہ پر اُن کے اِیمان کو ڈانواں ڈول کیوں کر رہے تھے؟ میرے لئے یہ تصور کر پانا مشکل ہے کہ وہ کس طور پر مسلمانوں کو گمراہ کر رہے تھے۔ جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا ہے کہ یہودی خالقِ واحد اللہ پر ایمان رکھتے تھے۔ حضرت موسیٰؑ نے بڑی مفصل انداز میں بیان کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کس طرح زمین اور آسمان کو پیدا کیا۔ یہودی اِنتہائی دِیانتداری کے ساتھ شیماع کا وِرد کیا کرتے تھے۔ ''سُن اے اِسرائیل، خداوند تیرا اللہ واحد ہے۔'' مسیحی بھی واحد الاحد اللہ پر اِیمان رکھتے تھے۔ وہ عیسیٰؑ اور مقدسہ مریمؑ کو دوسرا اور تیسرا خدا نہیں مانتے تھے۔ مسلمانوں کی طرح، مسیحی بھی اِسے شرک مانتے ہیں۔

کیا سورہ ۳:۱۰۰ کا مطلب یہ ہے کہ اہلِ کتاب میں سے کچھ لوگ بت پرستی کیا کرتے تھے، جو کہ نومسلموں کو واپس بت پرستی کی طرف مائل کرنے کی کوشش کر رہے تھے؟ ہم یقینی طور پر نہیں جانتے۔ ہم یہ جانتے ہیں کہ اِحکامِ عشرہ واضح طور پر بت پرستی سے منع فرماتے ہیں۔ عیسیٰؑ نے بھی بیابان میں اپنے ۴۰ دِن کے روزہ کے دوران بت پرستی کی مذمت فرمائی۔ ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ قرآنِ مجید کچھ اہلِ کتاب کا احترام کرتا ہے۔ سورہ ۳:۱۱۰ میں ذِکر ہوا ہے، ''اور اگر اہل کتاب ایمان لے آتے تو ان کے لیے بہتر تھا، کچھ ان میں سے ایماندار ہیں۔'' سورہ ۳:۷۵ اِس بات سے اِتفاق کرتی ہے کہ اُن میں کچھ اچھے لوگ موجود ہیں، ''اور اہل کتاب میں بعض ایسے ہیں کہ اگر تو ان کے پاس ایک ڈھیر مال کا امانت رکھے تو وہ تجھ کو ادا کریں۔''

ہوسکتا ہے کہ کچھ اہلِ کتاب نے واقعی پہلی کتب کی تعلیمات کو رد کر دِیا ہو۔ مگر وہ لوگ اللہ تعالیٰ کی ہدایت کے وفادار نہیں تھے۔ توراۃ صحائفِ انبیاء علیہم السّلام اور اِنجیل کو دیانتداری سے ماننے والا کوئی بھی یہودی یا مسیحی اُس وقت کا یا آج کا، کبھی بھی کسی کو بت پرستی کی ترغیب کیسے دے سکتا ہے؟

خطرناک دُشمن (سورہ ۳:۱۱۱)

قرآن اُن اہلِ کتاب کے لئے سخت سزا کی تنبیہ کرتا ہے جنھوں نے اِیمان سے اِنکار کیا اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ معاہدہ توڑا۔ مگر وہ کس

قدر خطرناک تھے؟ کیا اُنہوں نے کوئی سنگین دھمکی دی؟ سورہ ۳:۱۱۱ نشاندہی کرتی ہے کہ ایسا نہیں تھا، کم از کم ہر وقت تو نہیں۔ ''وہ زبان سے ستانے کے سوا تمہارا اور کچھ نہ بگاڑ سکیں گے، اور اگر تم سے لڑیں گے تو پیٹھ پھیر دیں گے، پھر مدد نہیں دیے جائیں گے۔''

یہ بات دَورِ حاضر کی رائے عامہ کے خلاف معلوم ہوتی ہے۔ بعض مذہبی گرہوں کے خلاف سازشی نظریات بہت زیادہ ہیں۔ ہٹلر کی قیادت میں جرمن نازیوں نے تمام یورپؔ کے یہودیوں اور مسیحیوں دیگر اقلیتوں کو اپنی تہذیب کے لئے ایک مہلک خطرہ قرار دِیا۔ اپنی سلطنت کے خاتمہ سے قبل رُوسی زار نے بڑے ہی منظّم طریقے سے یہودی کسانوں کو اپنے علاقے سے باہر نکال دِیا۔ پھر بھی یہ آیت یہودیوں کو غیر مضر اور غصہ دِلانے والا کہتی ہے جن سے ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

اچھا کون ہے؟ (سورہ ۳:۱۳۳-۱۳۴)

ہم سب کسی نہ کسی طور پر کسی عظیم شخصیت یا کسی اور فرد کی تعریف کرتے ہیں۔ فٹ بال سے محبت کرنے والے ہر نوجوان کی کوئی نہ کوئی پسندیدہ ٹیم یا خصوصاً پسندید کھلاڑی ہوتا ہے۔ اُن کا پسندیدہ کھلاڑی سب سے بہتر ہے۔ لڑکیاں ٹی وی کے سامنے مسحور بیٹھ کر اپنی پسندیدہ موسیقار کو دیکھتی ہیں۔ اور انتہائی رعنائی کے ساتھ رقص کرتی ہوئی محبت بھرے رومانوی گانے سُنا سکتی ہیں۔ نوجوان لڑکی اپنی پسندیدہ فنکارہ سے وابستہ ہر اُس چیز کو نقل کرنے کی کوشش کرتی ہے جس نے جاذبیت، کشش اور جنسیت کے اعلیٰ ترین مقام کو قائم رکھا ہے۔

سورہ ۳:۱۳۳-۱۳۴ حتمی جزا اور اُسے حاصل کرنے کے معیار کی بات کرتی ہیں۔ یہ ایک مرد یا عورت کی بہترین قسم، ایک مثالی مسلمان کا بیان کرتی ہیں۔

اور اپنے رب کی بخشش کی طرف دوڑو اور بہشت کی طرف جس کا عرض (وسعت) آسمان اور زمین ہے جو پرہیزگاروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔ جو خوشی اور تکلیف میں خرچ کرتے ہیں اور غصہ ضبط کرنے والے ہیں اور لوگوں کو معاف کرنے والے ہیں، اور اللہ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

اگلے جہان کو ایک بہت وسیع باغ قرار دِیا گیا ہے جو کہ کائنات سے بھی بڑا ہے۔ یقیناً یہ بہت ہی وسیع ہوگا اب یہ پتہ لگایا جا چُکا ہے کہ کائنات اِس قدر وسیع ہے کہ اِس کے ایک حصہ سے دوسرے حصہ تک پہنچنے میں اربوں سال درکار ہیں۔ قرآن کہتا ہے کہ نیک لوگ اُس باغ تک رسائی حاصل کر پائیں گے۔ نوعِ آدم کی تاریخ اِس بات کی آرزومند رہی ہے کہ ہم باغِ عدنؔ کے اُس خوبصورت دُنیا میں واپس لوٹ سکیں۔

آج اگر ہم پوری دُنیا کا جائزہ لیں تو سوال اُٹھتا ہے۔ جنت کا حقدار کون ہے؟ مثالی ستارہ کون ہے؟ جب اپنے اندر جھانک کر دیکھتا ہوں تو مجھے اچھائی کی خواہش تو نظر آتی ہے لیکن طاقت نہیں۔ اِردگرد نظر کرتا ہوں تو مجھے جنگ اور جنگوں کی افواہیں، غداری، بے وفائی، لالچ اور خودغرضی دِکھائی نظر آتی ہے۔

اللہ کی بھلائی کے مقابلہ میں، مَیں افسوناک طور پر زمین گرے ستارے کی مانند ہوں۔

اگر مَیں ایک پل کے لئے کسی کونیکی کے ستارہ کی مثل بلند پایہ پہ رکھتا بھی ہوں تو اگلے ہی لمحے اُنہیں ناکامی کے ساتھ منہدم ہوتے بھی دیکھتا ہوں۔

اِنجیلِ مقدس ایک ماہر طبیب کی طرح اِنسانی دِل کی صحیح حالت کی تشخیص کرتی ہے۔

''پس کیا ہوا؟ کیا ہم کچھ فضیلت رکھتے ہیں؟ بالکل نہیں کیونکہ ہم یہودیوں اور یونانیوں دونوں پر پیشتر ہی یہ اِلزام لگا چکے ہیں کہ وہ سب کے سب گناہ کے ماتحت ہیں۔ چنانچہ لکھا ہے کہ کوئی راست باز نہیں۔ ایک بھی نہیں۔ کوئی سمجھ دار نہیں۔''[20] ([20] زبور ۵:۹ اور رُومیوں ۳:۹۔۱۱ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور))

''مَیں خود، یارب؟ کیا مَیں تیرے کمال کے معیار سے کمتر ہوں؟'' مَیں آئینے میں دیکھ کر یہی جواب دیتا ہوں: ''ایسا ہی ہے۔''

یہاں ایک مسئلہ ہے۔ مَیں اِس بات سے اِتفاق کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ میری زندگی میں سخاوت، ضبطِ نفس اور رحم کو دیکھنا پسند کرتا ہے۔ پھر مجھے یہ ماننا پڑے گا کہ مَیں خودغرض، سرکش اور بے رحم اور بے رحم ہوں۔ ہوسکتا ہے کہ مَیں اپنے پڑوسی کے مقابلہ میں ایک ستارہ ہوں مگر اللہ کی بھلائی کے مقابلہ میں، مَیں افسوناک طور پر زمین گرے ستارے کی مانند ہوں۔

ایک رسول سے زیادہ نہیں (سورہ ۳:۱۴۴)

کیا نبی اور رسول میں کوئی فرق ہے؟ یہودیوں، مسیحیوں اور مسلمانوں کی نظر میں نبی کیا ہے؟ اِن میں سے ہر گروہ رسول کو کس طور سے پیش کرتا ہے؟ سب اِس بات سے اِتفاق کرتے ہیں اللہ نے جو کہ خالقِ برحق ہے نسلِ انسانی کو پیغامات دینے کے لئے وقتاً فوقتاً کسی کو منتخب کیا ہے۔

توراۃ میں نبی کا ایک اَہم کام مستقبل کے بارے میں صحیح طور پر آگاہ کرنا ہے، وہاں لکھا ہے،

اور اگر تو اپنے دِل میں کہے کہ جو بات خداوند نے نہیں کہی ہے اُسے ہم کیونکر پہچانیں؟ تو پہچان یہ ہے کہ جب وہ نبی خداوند کے نام سے کچھ کہے اور اُس کے کہے کے مطابق کچھ واقع یا پورا نہ ہو تو وہ بات خداوند کی کہی ہوئی نہیں بلکہ اُس نبی نے وہ بات خود گستاخ بن کر کہی ہے تو اُس سے خوف نہ کرنا۔[21] ([21] اِستثنا ۱۸:۲۱۔۲۲ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور))

مزید برآں، توراۃ جھوٹے نبیوں کے متعلق بڑی سختی سے متنبہ کرتی ہے۔ کیا ہوا گر کوئی نبوت کا دعویدار آ کر اُن سے یہ کہے، ''آؤ ہم دوسروں معبودوں کی پیروی کریں، آؤ اُن کی عبادت کریں، جن تم تا حال ناواقف ہو''؟ اِنتباہ واضح ہے۔ ''اور وہ نشان یا عجیب بات جس کی اُس نے تجھ کو خبر دی وقوع میں آئے اور وہ تجھ سے کہے کہ آ ہم اَور معبودوں کی جن سے تُو واقف نہیں پیروی کر کے اُن کی پوجا کریں۔ تو تُو ہرگز اُس نبی یا خواب دیکھنے والے کی بات کو نہ سُننا کیونکہ خداوند تمہارا خدا تم کو آزمائے گا تاکہ جان لے کہ تم خداوند اپنے خدا سے اپنے سارے دِل اور اپنی ساری جان سے محبت رکھتے ہو یا نہیں۔''[22] ([22] اِستثنا ۱۳:۲۔۳ (پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی، لاہور))

قدیم انبیاء علیہم السّلام بہت سی باتوں کے متعلق نبوت کی تھی۔ اُنہوں مستقبل کی جنگوں، قحط، مشکل وقتوں، باشاہوں اور سلطنتوں کے عروج و

زوال اور المسیح کی زندگی کے بارے میں پیش گوئی کی۔ مثلاً، حضرت دانیالؑ نے سکندرِ اعظم اور رُومی سلطنت کے عروج کے متعلق پیش گوئی فرمائی۔[۲۳] (۲۳ صحائفِ انبیاء علیہم السّلام، دانی ایل ۲) بعدازاں آپؑ نے یومِ آخرت سے قبل کی جنگ اور مُردوں کے جی اُٹھنے کی بھی پیش گوئی فرمائی۔

حضرت میکاہؑ نے نبوت کی تھی کہ عیسیٰ المسیح بیت لحم کے چھوٹے سے گاؤں میں پیدا ہوں گے۔ حضرت اِشعیاؑ نے پیش گوئی کی کہ المسیح اس طرح پکڑ کر لے جایا جائے گا "جس طرح برّہ جسے ذبح کرنے کو لے جاتے ہیں اور جس طرح بھیڑ اپنے بال کترنے والوں کے سامنے بے زبان رہتی ہے۔"[۲۴] (۲۴ صحائفِ انبیاء علیہم السّلام، اِشعیا ۵۳: ۷)

حضرت موسیٰؑ نے اپنی قوم کے سامنے نبوت کی کہ ایک دِن ایک عظیم نبی برپا ہوگا۔ "خداوند تیرا خدا تیرے لئے تیرے ہی درمیان سے یعنی تیرے ہی بھائیوں میں سے میری مانند ایک نبی برپا کرے گا — تم اُس کی سُننا —"[۲۵] (۲۵ توراۃ شریف، اِستثناء ۱۸: ۱۵) تقریباً ایک ہزار سال کے بعد عیسیٰ کے حواری پطرسؓ مذہبی رہنماؤں کے سامنے کھڑے ہوئے اور یہ اعلان کیا حضرت موسیٰؑ کی پیش گوئی عیسیٰ المسیح کی صورت میں پوری ہوئی۔

قرآن سورہ ۳: ۱۴۴ میں کہتا ہے کہ، "اور محمد ﷺ تو ایک رسول ہے، اس سے پہلے بہت رسول گزرے، پھر کیا اگر وہ مرجائے یا مارا جائے تو تم الٹے پاؤں پھر جاؤ گے، اور جو کوئی الٹے پاؤں پھر جائے گا تو اللہ کا کچھ بھی نہیں بگاڑے گا اور اللہ شکر گزاروں کو ثواب دے گا۔" سبھی رسول فانی تھے۔ حضرت آدمؑ کی وفات ہوئی اور حضرت موسیٰؑ بھی مرگئے۔ قرآن مسلمانوں سے پوچھتا ہے کہ کیا وہ حضرت محمد ﷺ کی وفات کی صورت میں "واپس پلٹ جائیں گے"؟ تاریخ کے مطابق حضرت محمد ﷺ کا انتقال ۸ جون ۶۳۲ء کو ہوا۔ بالکل دوسروں مردوں اور عورتوں کی طرح۔ آپ ﷺ کے پیروکاروں نے سعودی عرب کے شہر مدینہ کی مسجدِ نبوی میں آپ کی تدفین کی۔

قرآن رسولوں یا نبیوں کے لئے کسی طرح کی الوہیت یا مافوق الفطرت حیثیت کا دعویٰ نہیں کرتا ہے۔ اُنہیں ایک خاص کام سونپا گیا تھا، لیکن باقی اِنسانوں کی طرح وہ پیدا ہوئے، اپنی عمر کی معیاد پوری کی اور پھر مر کر دفن ہوئے اور اُن کے جسم قیامت تک وہیں رہیں گے۔ بہت سے رسول جئے اور پھر مرگئے، لیکن صرف مسیح تھے جنہوں نے زمین پر زندگی گزاری مر کر زندہ ہوئے اور واپس آسمان پہ لوٹ گئے۔

غزوۂ اُحد (سورہ ۳: ۱۳۰ ـ ۱۸۰)

سورہ ۳: ۱۳۰ ـ ۱۸۰ کا اگلا حصہ غزوۂ اُحد سے متعلق ہے۔ روایت بتاتی ہے کہ غزوہ میں حضرت محمد ﷺ زخمی ہو گئے تھے، لیکن فوج اکٹھی تھی۔ تاہم، اِس غزوہ میں تمام مسلمان وفادار نہیں تھے۔ سورہ ۳: ۱۶۷ سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن میں کچھ منافق بھی تھے جنہوں نے لڑنے سے اِنکار کر دیا۔

اور تاکہ منافقوں کو ظاہر کردے، اور انہیں کہا گیا تھا کہ آؤ اللہ کی راہ میں لڑو یا دشمنوں کو دفع کرو، تو انہوں نے کہا اگر ہمیں علم ہوتا کہ آج جنگ ہوگی تو ہم ضرور تمہارے ساتھ چلتے، وہ اس وقت بہ نسبت ایمان کے کفر سے زیادہ قریب تھے، وہ اپنے مونہوں سے وہ باتیں کہتے ہیں جو ان

کے دلوں میں نہیں ہیں، اور جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اللہ اس کو خوب جانتا ہے۔

کیا سبب تھا کہ اللہ کی راہ میں نہیں لڑے خوف؟ کاہلی؟ یا بے اعتباری؟

دوسرے جنگجوؤں کو اُمید دِلائی گئی اگر وہ زخمی ہوئے یا مر گئے تو بھی اُنہیں اجر ملے گا۔ سورہ ۳:۱۷۲ میں بیان ہوا ہے، "جن لوگوں نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا حکم مانا بعد اس کے کہ انہیں زخم پہنچ چکے تھے، جو ان میں سے نیک ہیں اور پرہیزگار رہوئے ان کے لیے بڑا اجر ہے۔" اور سورہ ۳:۱۶۹، "اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے ہیں انہیں مُردے نہ سمجھو، بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے رب کے ہاں سے رزق دیے جاتے ہیں۔"

غزوۂ اُحد کا مقصد کیا تھا؟ بظاہر یہ مسلمانوں اور غیر مسلموں کی جنگ تھی کہ عرب میں کون برسرِ اقتدار رہے گا۔ عموماً طبعی جنگ میں فتح اِس بات کی نشانی تھی کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت مسلمان فوج کے ساتھ تھی۔ سورہ ۳:۱۶۰ کہتی ہے، "اگر اللہ تمہاری مدد کرے گا تو تم پر کوئی غالب نہ ہو سکے گا، اور اگر اس نے مدد چھوڑ دی تو پھر ایسا کون ہے جو اس کے بعد تمہاری مدد کر سکے، اور مسلمانوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔" اِسی لئے طبعی جنگ کی ہر فتح کو اِس بات کی تصدیق کے طور پر دیکھا گیا ہے کہ وہ واقعی اللہ کی راہ میں لڑ رہے ہیں۔ اگرچہ غزوۂ اُحد میں بہت سے مسلمان مارے گئے، لیکن بعد کے معرکوں میں اُنہوں عربؔ، شمالی افریقہؔ، اور یورپؔ میں اپنے دشمنوں پر بڑے پیمانے پر فتوحات حاصل کیں۔

تلوار سے دُوری

قدیم دَور میں آلِ ابراہیمؑ کنعانؔ کی سرزمین کے حصول کے لئے لڑی تھی۔ "اور خُداوند نے ابرامؔ سے کہا کہ تُو اپنے وطن اور اپنے ناتے داروں کے بیچ سے اور اپنے باپ کے گھر سے نکل کر اُس مُلک میں جا جو مَیں تجھے دِکھاؤں گا۔"[۲۶] (۲۶ پیدائش ۱۲:۱) حضرت ابراہیمؑ اور آپؑ کی قوم کی لئے یہ ایک طویل اور مشکل سفر تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اُنہیں کنعانؔ تک پہنچایا، لیکن قحط کی بدولت بنی یعقوبؑ کو مصرؔ ہجرت کرنی پڑی۔ آپؑ کے بیٹے یوسفؑ ایک عظیم رہنما تھا۔ لیکن آپؑ وفات کے بعد فراعنہ نے ظلم کا راستہ اِختیار کرتے ہوئے آلِ ابراہیمؑ کو غلام بنالیا۔ ۴۰۰ سال تک وہ اللہ کی طرف سے ایک نجات دہندہ کا اِنتظار کرتے رہے۔ آخر کار اُس نے موسیٰؑ کو معبوث فرمایا، آپؑ نے فرعون سے کہا، "اللہ فرماتا ہے کہ میرے لوگوں کو جانے دے تاکہ وہ بیابان میں میرے لئے عید کریں۔"[۲۷] (۲۷ خروج ۵:۱) فرعون نے اپنی بُرائی کی بدولت اِنکار کر دِیا۔ اللہ تعالیٰ نے مصرؔ پر ۱۰ آفتیں بھیجیں یہاں تک کہ فرعون میں مزید مزاحمت کی سکت باقی نہ رہی۔

آلِ ابراہیمؑ بحیرۂ قلزم کو پار کر کے بیابان میں پہنچے۔ لیکن اُنہوں وہاں شکایت اور بغاوت کی، جس کی وجہ سے وہ فوری طور پر اُس ملک میں داخل نہ ہو پائے جس کا حضرت ابراہیمؑ سے وعدہ کیا گیا تھا۔

یہ زمین کہاں تھی؟ توراۃ اِس کی درست نشاندہی کرتی ہے۔ "مَیں بحرِ قلزم سے لے کر فلستیوں کے سمندر تک اور بیابان سے لے کر نہرِ فرات تک تیری حدیں باندھوں گا"[۲۸] (۲۸ خروج ۲۳:۳۰-۳۱)

حضرت موسیٰؑ کی وفات کے بعد حضرت یوشعؑ [۲۹] (۲۹ یشوع) نے آلِ ابراہیمؑ کی قیادت سنبھالی اور ارضِ موعودہ کو فتح کرنے کے بعد اُنہیں وہاں بسایا۔ وہ یریحوؔ کے فصیل دار شہر کے سامنے آئے، فوج نے اُس کی دیواروں پر حملہ نہیں کیا، بلکہ اللہ تعالیٰ نے اُسے گرا دِیا۔ اِس کے بعد کئی لڑائیاں ہوتی رہیں مگر اللہ تعالیٰ نے آہستہ آہستہ لوگوں کو ارضِ موعودہ عطا کی۔ بعد کی نسلوں میں اللہ تعالیٰ نے حضرت شموئیلؔ [۳۰] (۱۔سموئیل نبی) اور سمسونؔ جیسے انبیاء اور قضاۃ کو برپا کیا۔ آگے چل کر بنی اِسرائیلؔ نے ایک بادشاہ کا مطالبہ کیا۔ گو اللہ تعالیٰ نے اُنہیں خبردار کیا کہ ایک اُن زندگی کو مشکل بنا دیگا۔ ساؤلؔ پہلے بادشاہ ہوئے، داؤدؔ اور پھر سلیمانؑ۔ اِن کے بعد بھی کئی بادشاہ برپا ہوئے۔

عیسیٰؔ المسیح کے دَور سے قبل آلِ ابراہیمؑ نے ارضِ موعودہ میں کئی جنگیں لڑیں۔ کبھی تو اللہ نے اُنہیں تلوار کے دم پر لڑنے کا حکم دِیا اور کبھی اُن کے دشمنوں کو معجزانہ طور پر شکست دی۔

سلیمانؔ بادشاہ کے دورِ میں وہ وعدہ پورا ہوا کہ آلِ ابراہیم اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ حدود کے اندر امن اور خوشحالی سے لطف اندوز ہوں گے۔ جنگ کبھی بھی اُن حدود سے آگے نہیں بڑھی۔

عیسیٰؔ کی آمد کے بعد اللہ کی بخشش کا وعدہ حضرت ابراہیمؑ کی طبعی اولاد سے بھی آگے بڑھ گیا۔ اب اللہ اپنی حضوری کی محض حضرت ابراہیمؑ کی طبعی اولاد تک محدود نہیں رکھے گا۔ اُس کا عظیم مقصد تمام نسلوں، زبانوں اور ملکوں کے لوگوں کو گناہ کی معافی کی پیشکش کرنا تھا۔

اللہ کی بادشاہت روحانی ہے۔ عیسیٰؔ نے فرمایا، ”میری بادشاہی اِس دُنیا کی نہیں۔ اگر میری بادشاہی دُنیا کی ہوتی تو میرے خادِم لڑتے تا کہ مَیں یہودیوں کے حوالہ نہ کِیا جاتا۔ مگر اب میری بادشاہی یہاں کی نہیں۔“ [۳۱] (۳۱ یوحنا ۱۸:۳۶) انجیل کے مطابق اللہ کی بادشاہی کی کوئی سیاسی یا جغرافیائی سرحدیں نہیں ہیں۔ اُس کے پاس فوج اور ہتھیار بھی نہیں ہیں۔ زمین پر اُن کے کوئی بھی موعودہ سرزمین نہیں ہے۔ عیسیٰؔ نے اِسے اِس طرح سے بیان کیا، ”۔۔۔ نہ کہیں گے کہ دیکھو یہاں ہے یا وہاں ہے! کیونکہ دیکھو خدا کی بادشاہی تمہارے درمیان ہے۔“ [۳۲] (۳۲ لوقا ۱۷:۲۱)

عیسیٰؔ کے اِس بنیادی خیال نے مذہبی رہنماؤں کو چونکا دِیا۔ سیکڑوں سالوں سے وہ بحیرۂ رومؔ سے لے کر صحرا تک اپنی ارضِ موعود کا تصور ہی کر پائے تھے۔ اُن میں سے کچھ تلوار کے ذریعے بھی اپنی سرزمین کا دِفاع کرنے کو تیار تھے۔ کچھ بنیاد پرست چاہتے تھے کہ دہشت گرد حملوں سمیت کسی بھی طرح سے رُومیوں کو باہر کر دیں۔

اِنجیل میں اِس بات کا کوئی ثبوت نہیں ملتا کہ عیسیٰؔ یہودی یا رُومی حکومت کا تختہ اُلٹنے کی کوشش کر رہے تھے۔ اِس کے برعکس۔ جب آپ سے پوچھا گیا کہ کیا یہودیوں کو جزیہ ادا کرنا چاہیے یا نہیں تو آپ نے جواب دِیا، ”یہ صورت اور نام کس کا ہے؟ اُنہوں نے اُس سے کہا قیصر کا۔ اس پر اُس نے اُن سے کہا پس جو قیصر کا ہے قیصر کو اور جو خدا کا ہے خدا کو ادا کرو۔“

اِنجیل کہیں بھی مسیحیوں کو طبعی ہتھیار اُٹھانے اور صلیب کے نشان کے تحت لڑنے کی ہدایت نہیں دیتی۔

عیسیٰؔ کی گرفتاری کی رات آپ کے دوست پطرسؔ نے تلوار کے ذریعے آپ کا دِفاع کرنے کی کوشش کی اور ایک آدمی کا کان کاٹ دِیا۔ عیسیٰؔ

نے معجزانہ طور پر اُس آدمی کے کان کو دوبارہ ٹھیک کر دیا اور پطرسؔ کو حکم دِیا کہ، ''تلوار کو میان میں رکھ۔''[۳۳] ([۳۳] یوحنا ۱۸: ۱۰) یہاں رُکنے کا کوئی جواز نہیں تھا۔ یہ ایک فیصلہ ساز نکتہ تھا۔ عیسیٰؔ کی سرزنش کے بعد آپ کے کسی بھی ساتھی نے عقیدے کی حفاظت کے لئے تشدد کا استعمال نہیں کیا۔

صلیبی جنگوں کا کیا؟

عیسیٰؔ المسیح کے آمد کے ایک ہزار سال بعد رُومؔ میں مذہبی سیاست کا ایک نظام رائج ہوا جسے پاپائیت کہا جاتا ہے۔ رومن کیتھولک پوپ ایک بین الاقوامی جماعت کے سربراہ بن گئے۔ اُن کے نظام میں اِنجیل کی تعلیمات سے تجاوز کر کے اِنسانی سیاست وروایات کو شامل کیا گیا۔ جیسے ہی اِسلام شمالی افریقہؔ، فلسطینؔ اور مشرقِ وسطیٰ میں پھیلنا شروع ہوا، یورپ کے لوگ پریشان ہونے لگے۔ اگر مشرقِ وسطیٰ میں خلافت کے ماتحت مسلم افواج مرکزی رومن کیتھولک علاقوں کو دھمکانے لگیں تو کیا ہوگا؟ مزید برآں پوپ اور اُن کے حکام مقدس مقامات کو زِیارت کے لئے کھلا رکھنا چاہتے تھے۔ اُس وقت مذہبی اور سیاسی قوتیں ایک خوفناک طوفان کی طرح اُبھرنے لگیں جس نے اپنے راستے میں آنے والے ہر چیز کو تہس نہس کر دیا۔

مَیں عیسیٰؔ اور اِنجیل کے پیروکار کے طور پر رقمطراز ہوں، نہ کہ پوپ یا مذہبی حکومت کے پیروکار کے طور پر۔ ۱۰۹۵ء سے ۱۲۹۱ء کے درمیان ایک دوسرے سے برسرِ پیکار رہنے والے کیتھولک اور مسلمانوں کے طرزِ عمل پر تنقید کرنے کے بجائے، مَیں ایک سادہ سی سچائی کی جانب توجہ مبذول کروانا چاہتا ہوں۔ اِنجیل کہیں بھی مسیحیوں کو طبعی ہتھیار اُٹھانے اور صلیب کے نشان کے تحت لڑنے کی ہدایت نہیں دیتی۔ جبکہ انفرادی حکومتوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے تمام شہریوں کو برے خطرات سے یکساں طور پر محفوظ رکھیں، اللہ کی بادشاہی قومی حدود سے کہیں بڑھ کر ہے۔ عیسیٰؔ کی کوئی زمینی فوج نہیں ہے۔ عیسیٰؔ کی خوشخبری کلام اور محبت کے ذریعے ایک سے دوسرے شخص میں منتقل ہوتی ہے۔

دوم، چونکہ رُومی صلیبیوں نے القدسؔ کو اپنی زِیارتوں کے لئے ایک مقدس شہر کے طور پر محفوظ رکھنا اِنتہائی ضروری سمجھا، خود عیسیٰؔ نے اِس خیال کو مسترد کیا۔ جیسا کہ ہم نے پہلے دیکھا آپ نے فرمایا کہ حقیقی روحانی عبادت کسی خاص شہر یا پہاڑ پر منحصر نہیں ہے۔

افسوس کی بات ہے کہ صلیبی جنگوں نے نہ صرف زندگیوں اور شہروں کو تباہ کیا بلکہ مسلمانوں میں عیسیٰؔ کی ساکھ کو بھی داغدار اور کلیسا کو بہت رُسوا کیا۔

تمام مسیحی غلط نہیں تھے۔ فرانسسؔ اسیسیؔ نے مصرؔ کا سفر کیا جہاں اُس نے اِس اُمید پر خلیفہ سے ملاقات کی کہ میدان جنگ کے شدید تصادم کے بجائے پرامن مذاکرات سے کام لیا جائے۔

سولہویں صدی میں مارٹن لوتھرؔ نے لکھا: ''اگر مَیں ایک سپاہی ہوتا اور میدانِ جنگ میں کسی پادری کا جھنڈا یا صلیب دیکھتا، چاہے اُس پر عیسیٰؔ کی شبیہ ہی کیوں نہ ہوتی، مَیں اسے دیکھ کر ایسے بھاگتا جیسے شیطان میرا تعاقب کر رہا ہے۔''[۳۴] ([۳۴] Martin Luther, *On War Against the Turk*, 1528.)

وہ صلیبی جنگوں کو اللہ تعالیٰ کی توہین سمجھتے تھے۔ اُن کا خیال تھا کہ فوجیوں کو صلیبی جنگوں میں لڑنے سے اِنکار کرنے کا حق ہے کیونکہ روحانیت اور لادینیت کا غلط مرکب ہیں۔

منصفانہ طور پر، مَیں یہ بتانا چاہوں گا حال ہی میں یعنی اکیسویں صدی میں، پوپ جان پاؔل دوم چرچ کے نام پر ہونے والے تمام تشدد کے لئے معافی مانگی ہے۔''

ہم معاف کرتے ہیں اور معافی کے خواستگار ہیں۔ ہم مسیحیوں کے درمیان تفریق، تشدد کے اِستعمال جو کچھ لوگوں نے سچائی کی خدمت کے لئے کیا، اور دیگر مذاہب کے پیروکاروں کے ساتھ بداعتمادی اور دُشمنی کے رویوں کے لئے معافی چاہتے ہیں۔[۳۵]

([۳۵] "Homily of the Holy Father", "Day of Pardon", Sunday, 12 March 2000, https://w2.vatican.va/content/john-paul-ii/en/homilies/2000/documents/hf_jp-ii_hom_20000312_pardon.html, accessed February 2018.)

اِس معذرت کو پڑھنے کے بعد مَیں رومن کیتھولک کے مظالم ڈھانے کے اعتراف کی تعریف کرتا ہوں۔ مَیں اُن کی معافی کی درخواست کا بھی معترف ہوں۔ تاہم مجھے زیادہ خوشی ہوگی اگر ایک دیانتدارانہ اعتراف سامنے آئے کہ رومن کیتھولک نصاب اِنجیل سے بھٹک گیا ہے اور اِس کے بجائے روایات کو مقدس تصانیف کے ساتھ برابری کے بنیاد پر جاری رکھے ہوئے ہے۔

چوتھا باب

النساء سورہ ۴

یتیم اور بیویاں (سورہ ۴:۳)

جنگ میں صرف فوجی ہی ہلاک نہیں ہوتے ۔میدان جنگ میں مارے جانے والے باپ شوہر اور اپنے پیچھے بچے اور بیویاں چھوڑ جاتے ہیں۔مزید برآں ،بعض اوقات فاتحین جنگ میں اپنے قیدی یا مقتول دُشمنوں سے اُن کی عورتوں اور بچوں کو چھین لیا کرتے تھے۔قرآن میں طرح کے لوگوں کی دیکھ بھال کا حل پیش کیا گیا ہے۔

اور اگر تم یتیم لڑکیوں سے بے انصافی کرنے سے ڈرتے ہو تو جو عورتیں تمہیں پسند آئیں ان میں سے دو دو تین تین چار چار سے نکاح کرلو، اگر تمہیں خطرہ ہو کہ انصاف نہ کرسکو گے تو پھر ایک ہی سے نکاح کرو یا جو لونڈی تمہارے ملِک میں ہو وہی سہی ، یہ طریقہ بے انصافی سے بچنے کے لیے زیادہ قریب ہے۔

تعدادِ ازدواج (دو سے زیادہ افراد کے مابین شادی) کی قرآنی شرائط چار بیویوں سے زیادہ نہیں ہے اور ہر ایک کے ساتھ یکساں اور منصفانہ سلوک کیا جانا چاہیے۔

آج بھی کچھ سوالات اُٹھائے جاتے ہیں کیا مسلمان مرد لونڈیاں رکھ سکتا ہے۔غلام رکھنے کے امکان کے متعلق بھی سوالات سر اُٹھاتے ہیں۔ مرد اور عورتیں فطری طور پر ایک دوسرے کے لئے کشش رکھتے ہیں۔ دُنیا کے آغاز سے ایسا ہی ہوتا آیا ہے۔مزید برآں اللہ تعالیٰ نے پہلی شادی کا حکم باغِ عدن میں دِیا جس میں اُس کا ''ہدایت نامہ'' بھی شامل کیا گیا تھا۔

اِس واسطے مرد اپنے ماں باپ کو چھوڑے گا اور اپنی بیوی سے مِلا رہے گا اور وہ ایک تن ہوں گے۔اور آدم اور اُس کی بیوی دونوں ننگے تھے اور شرماتے نہ تھے۔[1] (توراۃ شریف، پیدائش ۲:۲۴۔۲۵)

دَور اول کی پاکی کے متعلق ایک انتہائی خوبصورت بات یہ ہے کہ آدمؑ اور حواؑ ایک دوسرے کو قریب سے دیکھ سکتے تھے۔اور ہر کوئی شرم محسوس نہیں کرتے تھے۔بالکل بھی نہیں۔

حضرت آدمؑ اور حواؑ علیہم السّلام یگانہ شریکِ حیات تھے۔آپ علیہم السّلام کے کئی بچے تھے لیکن توراۃ میں ایسا کہیں نہیں آیا کہ حضرت آدمؑ نے کوئی دوسری بیویاں یا لونڈیاں رکھی تھیں۔ یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ اِس کی وجہ شاید یہ تھی کے اردگرد کی تمام عورتیں تو آپؑ کی بیٹیاں تھیں۔ لیکن اللہ کی طرف سے حضرت آدمؑ وحواؑ علیہم السّلام کو دی گئی ہدایات ایک شوہر اور ایک بیوی کا ذِکر کرتی ہیں۔

آدمؑ اور حواؑ علیہم السّلام نے بعد میں ہونے والی شادیوں کے لئے ایک نمونہ قائم کیا۔حضرت نوحؑ ایک پہ بیوی کو لے کر کشتی میں داخل ہوئے ۔حضرت ابراہیمؑ تاحیات اپنی بیوی حضرت سارہؑ سے محبت کرتے رہے جب تک کہ موت نے اُنہیں جدا کر دِیا۔حضرت یعقوبؑ کے ساتھ دھوکہ ہوا جس کی وجہ سے آپؑ حضرت لیاہؑ کے ساتھ رشتہ اَزدواج میں منسلک ہوگئے ۔آپؑ نالاں ہوئے اور بعد میں آپؑ نے

اُن کی بہن حضرت راخلؔ سے نکاح کیا جن وہ سچی محبت کرتے اور پہلے شادی کرنا چاہتے تھے۔ آپؑ کے بیٹے یوسفؑ کو اُن کے بھائیوں نے بطورِ غلام مصرؔ میں بیچ دِیا۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسفؑ کو برکت بخشی اور آپؑ فرعون کے ماتحت ایک اعلیٰ سرکاری عہدہ پر فائض کئے گئے۔ توراۃ بیان کرتی ہے کہ حضرت یوسفؑ نے بھی مصرؔ میں ایک خاتون سے شادی کی۔

یک زوجیت سے کثیر ازدواج کی طرف ایک بڑی تبدیلی حضرت سلیمانؑ کے ساتھ آئی۔ آپؑ نے اپنے ملک سمیت پڑوسی ممالک سے سات سو بیویاں اور تین سو لونڈیاں کیں۔[۲] (۲صحائفِ انبیاء علیہم السّلام، ا۔سلاطین ۱۱:۳) غالباً آپؑ ہر لمحہ اپنی زندگی سے لطف اندوز ہوئے، لیکن یہ سب آپؑ کو اِنتہائی مہنگا پڑا کیونکہ اُنہوں نے آپؑ کے دِل کو آپؑ کے ربّ سے پھیر دِیا۔

سلیمانؑ کے بعد بنی اِسرائیل کے بہت سے بادشاہوں نے ایک سے زیادہ بیویاں کیں۔ آخرکار بیرونی قوتوں نے اُن کی سرزمین پر قبضہ کر کے اُنہیں فتح کر لیا۔ بیت لحم میں عیسیٰؑ کی پیدائش کے وقت تک، رُومی بحیرۂ رُومؔ کی تقریباً تمام زمین پر قابض ہو چکے تھے۔ شاہی سلسلہء سلاطین ہمیشہ کے لئے اِختتام پذیر ہوا اور ساتھ ہی اُن کے متعدد بیویاں رکھنے کے ایام بھی ختم ہو گئے۔

یہ سوچ کر کہ عیسیٰؑ شادی کے بارے میں کیا فرمائیں گے، یہودی رہنما آپ کے پاس ایک سوال لے کر آئے۔ ''کیا ہر ایک سبب سے اپنی بیوی کو طلاق دینا روا ہے؟''[۳] (۳اِنجیلِ مقدس، متی ۱۹:۳) یہ مذہبی رہنما عیسیٰؑ کو اپنے دام میں پھنسانا چاہتے تھے۔ اگر آپ یہ کہتے کہ جائز ہے تو وہ آپ پر طلاق کی حمایت کا اِلزام لگا دیتے، اگر آپ کہتے کہ جائز نہیں ہے، تو وہ آپ پر اِلزام لگاتے کہ آپ حضرت موسیٰؑ کی مخالفت کر رہے ہیں۔ اُنہیں سچائی جاننے میں کوئی دلچسپی نہیں تھی، وہ صرف عیسیٰؑ کو لوگوں کے سامنے نیچا دِکھانا چاہتے تھے۔

عیسیٰؑ نے اُن کے جال سے بچتے ہوئے فرمایا،

تُم نے نہیں پڑھا کہ جس نے اُنہیں بنایا اُس نے اِبتدا ہی سے اُنہیں مرد اور عورت بنا کر کہا کہ اِس سبب سے مرد باپ سے اور ماں سے جدا ہو کر اپنی بیوی کے ساتھ رہے گا اور وہ دونوں ایک جسم ہوں گے؟ پس وہ دو نہیں بلکہ ایک جسم ہیں۔ اِس لئے جسے خدا نے جوڑا ہے اُسے آدمی جدا نہ کرے۔ (۴اِنجیلِ مقدس، متی ۱۹:۴۔۶)

غور کیجیے عیسیٰؑ اللہ تعالیٰ کی جانب سے آدمؔ و حواؔ علیہم السّلام دی گئی شادی اولین ہدایت کا اِقتباس کیا۔ ایک آدمی ایک عورت سے شادی کرتا ہے۔ جیسے کسی خراب کمپیوٹر کو دوبار شروع کرتے ہیں، ایسے ہی عیسیٰؑ نے بھی شادی کے سوال کو دوبارہ شروع کیا؟ طلاق؟ اچھی نہیں کثرتِ ازواج؟ اصل نمونہ میں موجود نہیں۔ دو افراد اکٹھے ہو کر ایک دوسرے کو مکمل بناتے ہیں۔ تصور کیجیے یہ تصویر کتنی خوبصورت ہو گی۔ تعجب نہیں کہ ہر سال محبت کے گیتوں، رومانوی فلموں اور کتابوں اور (بے شک) مَردوں اور اُن کی خوبصورت دلہنوں کے مابین شادیوں میں اربوں ڈالر خرچ کئے جاتے ہیں۔

ضرورتمندوں کے ساتھ اِنصاف (سورہ ۴:۹۔۱۰)

قرآن مجید نے یتیموں کی ضروریات پر خصوصی توجہ دی ہے۔ سورہ ۴:۹۔۱۰ کہتی ہے:

اور ایسے لوگوں کو ڈرنا چاہیے جو اپنے بعد چھوٹے چھوٹے ایسے بچے چھوڑنے والے ہوں جن کی انہیں فکر ہو تو پھر ان لوگوں کو چاہیے کہ اللہ سے ڈریں اور سیدھی بات کہیں۔ بے شک جو لوگ یتیموں کا مال ناحق کھاتے ہیں وہ اپنے پیٹ آگ سے بھرتے ہیں، اور عنقریب آگ میں داخل ہوں گے۔

قرونِ اولیٰ کے مسلمانوں کے دَور میں مدینہ میں، عورتوں اور بچوں کی ایک بڑی تعداد کو بے سہارا چھوڑ دِیا گیا تھا کیونکہ اُن کے مَرد جنگ میں مارے گئے تھے۔ اُن تمام ضرورتمند عورتوں اور بچوں کا کیا ہوا؟ قرآن نے اُن کی دیکھ بھال کے لئے اُصول قائم کئے ہیں۔ اُنہیں بھوکا چھوڑنے کے بجائے، معاشرہ (اُمت) کو اُن کے ساتھ منصفانہ برتاؤ کرنا چاہیے، اور اُنہیں اُن کے صلبی باپوں سے وراثت حاصل کرنے کی اجازت ہونی چاہیے۔ تاہم، اِسلام ہرگز یتیموں کو گود لینے کی اِجازت نہیں دیتا۔ یہاں تک کہ اگر کوئی خاندان کسی بچے کو اپنے ساتھ لے بھی جائے، وہ بچہ اُس کے خاص مہمانوں میں سے ہوگا، لیکن صلبی بچوں کے برابر ہرگز نہیں سمجھا جائے گا۔

جنسی بے حیائی کی سزا (سورہ ۴: ۱۵۔۱۶)

قرآن میں بہت سے حوالے ہیں جو معاشرے میں شرعی قانون نافذ کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ سورہ ۴: ۱۵۔۱۶ جنسی بدسلوکی سے نمٹنے کے لئے واضح ہدایات دیتی ہے۔

اور تمہاری عورتوں میں سے جو کوئی بدکاری کرے ان پر اپنوں میں سے چار مرد گواہ لاؤ، پھر اگر وہ گواہی دے دیں تو ان عورتوں کو گھروں میں بند رکھو یہاں تک کہ انہیں موت آجائے یا پھر اللہ ان کے لیے کوئی راستہ نکال دے۔ اور تم میں سے جو دو اشخاص بدکاری کریں، تو ان کو تکلیف دو پھر اگر وہ توبہ کریں اور اپنی اصلاح کر لیں تو انہیں چھوڑ دو بے شک اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

اِتنے سال ایشیا میں قیام کے دوران، مَیں نے جانا کہ اکثر لوگ مغربی ثقافت کو فحش، بے حیائی کی اجازت دینے والی ایک اِنتہائی غیر اخلاقی ثقافت مانتے ہیں۔ مَیں یقینی طور پر سمجھ سکتا ہوں کہ ایسا کیوں ہے۔ مغرب میں آنے والی جنسی انقلاب نے لوگوں کو اپنی مرضی کے مطابق زندگی گزارنے کی اجازت دے کر اَخلاقی پابندیوں کو پامال کیا ہے۔ پیدائش روکنے کے طریقوں اور اِسقاطِ حمل نے حاملہ ہونے کے ڈر کو بھی ختم کر دِیا ہے۔ ٹیلی ویژن، فلمیں اور گانوں میں اِس قسم کے کاموں کی تشہیر کر کے اُنہیں قابل تعریف بتاتی ہیں۔ ہالی ووڈ میں زیادہ تر لوگ ہم جنس پرستی، طلاق، زِنا شادی سے پہلے جنسی تعلقات، جنسی بے راہ روی اور نشے کی لت کو سراہتے ہیں۔ ایک اَخلاقی شخص مغرب کے بارے میں کیا سوچتا ہے جب وہ اُس کے جنسی طور پر بگڑی ہوئی ثقافت پر نظر کرتا ہے؟ میرے مسلمان دوست ایسے معاشرے میں جنسی اخلاقیات کے نقصان کی بجا طور ہر مذمت کرتے ہیں جسے وہ تاریخی طور پر ''مسیحی'' مانتے ہیں۔

جیسے جیسے مغربی پہناوے، تفریحی سرگرمیاں اور طرزِ عمل مسلم دُنیا میں سرایت کرتے جا رہے ہیں، پرہیزگار لوگ زیادہ سے زیادہ پریشان ہوتے چلے جا رہے ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ جنسی بے راہروی مہلک سرطان کی طرح پھیل کر، ہر ایک کو اپنی لپیٹ میں لے رہا ہے اور اللہ سے دُور کرتا جا رہا ہے۔

اِن دوآیا میں قرآن جنسی بے حیائی کی سزا کے بارے میں بیان کرتا ہے،لیکن سزا کی طریقے کے بارے میں تفاصیل فراہم نہیں کرتا۔توراۃ پر نظر کریں تو وہ ایک قدیم سزا کا ذِکر ملتا ہے۔

اور جو شخص دوسرے کی بیوی سے یعنی اپنے ہمسایہ کی بیوی سے زِنا کرے وہ زانی اور زانیہ دونوں ضرور جان سے مار دیے جائیں۔[۵] (توراۃ شریف،احبار۲۰:۱۰)

اللہ کے اِنصاف کے مطابق زِنا کی سزا موت ہے۔ ہر طرح کی جنسی بے حیائی بڑے نقصان دہ گناہ کے زمرے میں آتی ہے۔ یہ گھرانوں اور آنے والی نسلوں کو تباہ و برباد کر سکتا ہے۔تو بھی لوگ اپنے آپ پر قابو نہ رکھتے ہوئے چند لمحوں کی لذت کی خاطر شہوت کے اِس جال میں پھنس جاتے ہیں اور اپنی دہائیوں کو برباد کر بیٹھتے ہیں۔کیا کوئی اُمید ہے؟ توراۃ یا قرآن کے زمانہ سے اِنسانی فطرت میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔اکیسویں صدی کے اِنسان بُری طرح سے ناکام ہو رہے ہیں۔

اِنجیل کیا بیان کرتی ہے؟ ہمیں یہاں اب تک کی سب سے غیر معمولی کہانی دیکھنے کو ملتی ہے۔ایک صبح عیسیٰؔ حسب عادت لوگوں کو تعلیم دینے کے لئے ہیکل میں گئے،مذہبی رہنما اُس دِن بھی عیسیٰؔ کو کسی طور سے پھنسانے کے درپے تھے۔وہ صحن میں سب کی آنکھوں کے سامنے ایک عورت کو پکڑ کر لائے۔

اِس منظر کو آسانی سے تصور کیا جا سکتا ہے۔باریش بزرگ جو اُسے گھیرے کھڑے تھے آنکھوں میں غصہ اور جذبات لئے،خون دیکھنے کے لئے تیار کھڑے تھے۔وہ عورت گھٹنوں کے بل بیٹھی ہوئی تھی،اُس کا سر جھکا ہوا تھا اور خوفزدہ آنکھوں سے زمین کو گھور رہی تھی۔سارا ہجوم خاموشی سے اُس کے اِردگرد اکٹھا ہو گیا۔وہ دم بخود تھے کہ عیسیٰؔ اِس معاملے پر کیا کہیں گے۔

"ہم نے اِسے عین فعل کے وقت پکڑا ہے!" رہنماؤں نے اِصرار کیا۔"شریعتِ موسوی تو اُسے سنگسار کرنے کا حکم دیتی ہے۔"

عیسیٰؔ چپ چاپ زمین پر بیٹھے رہے۔آپ اُنگلی سے زمین پر کچھ لکھنے لگے۔ہجوم منتظر کھڑا تھا۔عورت سزا کا اِنتظار کر رہی تھی۔

تعجب کی بات تھی کہ مذہبی رہنما ایک اہم شخص کو لانا بھول گئے تھے۔ زِنا تو دو لوگ کرتے ہیں۔لیکن زِنا میں ملوث آدمی کہاں تھا؟ کیا شریعتِ موسوی نے دونوں مجرمان کو سزا دینے کا حکم نہیں دِیا؟ شاید کسی نے اِس بات کو نظر انداز کر دیا تھا۔

چند لمحوں کے بعد عیسیٰؔ نے اُس عورت پر اِلزام لگانے والوں پر نظر کی اور فرمایا،"جو تم میں بے گناہ ہو وہ پہلے اُس کے پتھر مارے"۔[۶] (اِنجیلِ مقدس،یوحنا۸:۷)

مذہبی رہنماؤں کی بولتی بند ہو گئی بڑوں سے لے کر چھوٹوں تک سب وہاں منہ چھپا کر نکل گئے۔

کیا کوئی باقی بچا ہے جو تجھ پر اِلزام لگائے؟ عیسیٰؔ نے پوچھا۔عورت نے جواب دِیا کہ کوئی نہیں۔عیسیٰؔ نے جواب دِیا،مَیں بھی تجھ پر حکم نہیں لگاتا جا پھر گناہ نہ کرنا۔

مسلمان دوستوں سے بات چیت کے دوران مجھ سے اکثر یہ سوال کیا جاتا ہے کہ،"کیا مسیحیت بہت آسان نہیں ہے؟ بس گناہوں کا اعتراف کر لو اور باہر جا کر پھر سے گناہ کر لو۔"

اِس کے برعکس عیسیٰؔ نے اُس زانیہ کو صحیح جواب دیا۔

''جا پھر گناہ نہ کرنا''۔

یہاں ہم ایک نازک موڑ پر آ کھڑے ہوتے ہیں۔ کیا عیسیٰؔ جنسی برائی کو نظر انداز کرتے ہیں؟ ہرگز نہیں! ایک اور موقع پر عیسیٰؔ نے فرمایا کہ کسی دوسرے کی طرف بُری خواہش سے دیکھنا بھی بالکل زِنا کرنے کے مترادِف ہی ہے۔ دوسرے لفظوں میں، خالق برحق کی نظر میں پوشیدہ خیال بھی اُتنا ہی بُرا ہے جتنا کہ ظاہری عمل۔ عیسیٰؔ کی پاکیزگی کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی۔

تو کیا وجہ تھی کہ آپ نے عورت کو بغیر سزا دیے ہی جانے دِیا؟ کیا آپ اُسے سنگسار نہیں کر سکتے تھے؟ کیونکہ آپ ہی تو بے گناہ تھے؟ اِشعیاہؔ نبی گناہ کی سزا کے حل کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے بنیادی وضاحت پیش کرتے ہیں۔

حالانکہ وہ ہماری خطاؤں کے سبب سے گھایل کیا گیا اور ہماری بدکرداری کے باعث کچلا گیا۔ ہماری ہی سلامتی کے لئے اُس پر سیاست ہوئی تا کہ اُس کے مار کھانے سے ہم شفا پائیں۔ [۷](اشعیاہ ۵۳:۵)

گویا اللہ کے برّہ عیسیٰؔ المسیح نے اُس سنگلاخ راہ پر قدم رکھ دِیا جس سے کے پتھروں سے اُس گنہگار عورت کو سنگسار کیا جانا تھا۔ اُس عورت کے زخم آپ کے زخم ہوئے اور اُس کی سزا آپ نے سہی۔

تو کیا یہ راہ جنسی بے راہروی کی اِجازت دیتی ہے؟ کیا یہ ایک جنسی بیمہ نامہ خریدنے کی طرح ہے تا کہ ہم بِنا کسی درد یا تکلیف کے جنسی تعلقات کو جاری رکھ سکیں؟ کیا یہ کسی بچے کو یہ بتانے کے مترادِف ہے کہ وہ آگ سے کھیل سکتا ہے وہ اُسے ہرگز نہیں جلائے گی۔ کیا یہی وجہ ہے کہ ''مسیحی مغرب'' اِتنا زیادہ بگڑ چکا ہے؟

نہیں۔ جنسی گناہ کے نتائج اِسی زندگی میں بھگتنا پڑتے ہیں۔ اِس کے نتائج جنسی امراض، اِسقاطِ حمل، ناپسندیدہ بچے، خود اعتمادی کا کھونا اور تباہ شدہ ساکھ ہو سکتے ہیں۔ مزید برآں اِنجیل محبت کے ساتھ لوگوں کو خبردار کرتی ہے کہ جنسی گناہ — اور اِس سے وابستہ تمام گناہ — کا انجام بلآخر اللہ تعالیٰ سے علیحدگی ہی ہے۔ ہمیں آزادی کی وہ اُمید تلاش کرنے کی ضرورت ہے جو اللہ تعالیٰ ہمیں دینا چاہتا ہے۔

شوہروں کو بیویوں کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے (سورہ ۴:۳۴)

شادی کی تعریف کیا ہونی چاہیے؟ کیا یہ کوئی کاروباری شراکت ہے، بچے بنانے کا کارخانہ ہے؟ لوگوں کے ایک ساتھ رہنے کے لئے کوئی سرائے ہے؟ شادی میں حاکمیت کس کی ہے؟ سورہ ۴:۳۴ کہتی ہے۔

مرد عورتوں پر حاکم ہیں اس لیے کہ اللہ نے ایک کو دوسرے پر فضیلت دی ہے اور اس لیے کہ انہوں نے اپنے مال خرچ کیے ہیں، پھر نیک عورتیں تابعدار ہوتی ہیں کہ مردوں کی غیر موجودگی میں اللہ کی مدد سے (ان کے حقوق کی) حفاظت کرتی ہیں، اور جن عورتوں سے تمہیں سرکشی کا خطرہ ہو تو انہیں سمجھاؤ اور بستر میں انہیں جدا کر دو اور مارو، پھر اگر تمہارا کہا مان جائیں تو ان پر الزام لگانے کے لیے بہانے مت تلاش کرو، بے شک اللہ سب سے اوپر بڑا ہے۔

یہ آیت گھر میں مرد کی مضبوط حیثیت کو بیان کرتی ہے۔ اُسے ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنی بیوی کو اپنے اِختیار میں رکھے، یہاں تک کہ کبھی کبھار اُسے اُس کی نافرمانی کی سزا پیار سے باز رہ کر یا پیٹ کر ہی کیوں نہ دینی پڑے۔

جب مَیں دُنیا کی شادیوں پر نظر کرتا ہوں تو سوچتا ہوں کیا محبت کا شادی کوئی تعلق ہے؟ گزشتہ صفحات میں ہم نے عیسیٰؑ کی جانب سے پیش کردہ ایک پیار کرنے والے شوہر اور بیوی کے متعلق دیکھا۔ اللہ تعالیٰ نے شوہر اور بیویوں کو حکم دِیا ہے کہ وہ عیسیٰؑ المسیح کی تعظیم کرتے ہوئے ایک دوسرے سے وفادار رہیں۔ وہ شوہروں کو ایک انتہائی عزت دار اور بے لوث محبت کرنے کا حکم دیتا ہے۔ بے غرض محبت کے تحت شوہر اپنی بیویوں کے لئے جان دینی چاہیے۔ محض رہائش اور خوراک کی فراہمی سے کہیں بڑھ کر شوہر کو اپنی بیوں کی ضروریات کو اپنی ضروریات کی طرح پورا کرنا چاہیے۔[۸] ([۸] اِفسیوں ۵:۲۲-۳۳)

نا قابلِ یقین!؟ نا قابل عمل!؟ ایک مرتبہ مَیں نے فلم دیکھی جس میں ایک شوہر اپنے لئے ایک کشتی خریدنے کی غرض سے بیس ہزار ڈالر کی بچت کرتا ہے۔ اُس نے محسوس کیا کہ اِس کے لئے وہ خود کا ہی مقروض ہے کیونکہ اُس نے بطور فائر مین سخت محنت اور جان لیوا خطرے کا سامنا کیا تھا۔ اِسی دوران اُس کی بیوی کے بوڑھے باپ کو اپنے گھر کے لئے ایک طبی بستر کی ضرورت پڑ گئی۔ جس کی قیمت بھی بیس ہزار ڈالر ہی تھی۔ مہینوں تک اُس کے شوہر نے خودغرضی کے ساتھ اپنی نئی کشتی کا خواب دیکھا اور ایک بار بھی اُس رقم کو نیا بستر خریدنے کے لئے اِستعمال کرنے کے بارے میں نہیں سوچا۔ اُس کے اپنی ذات کو اولیت دینے کی وجہ سے اُس کی بیوی غمزدہ ہوگئی۔ آخرکار اُس نے کام پر ایک شخص کے ساتھ دوستی کرلی اور اپنے شوہر کو چھوڑنے کے متعلق سوچنے لگی۔ جب اُسے احساس ہوا کہ اُس کی شادی کس قدر متاثر ہوگئی ہے تو اُس نے توبہ کی۔ اُس نے سب پہلے جا کر چپکے سے اپنے سسر کے لئے بیس ہزار ڈالر سے نیا بستر خریدا۔ جب اُس عورت کو اپنے شوہر کی محبت بھری قربانی کے بارے میں پتا چلا تو اُس کے دِل میں بھی اُس کے لئے دوبارہ محبت جاگ اُٹھی۔

گمراہی میں تجارت (سورہ ۴:۴۴)

جس دور میں محمدﷺ عرب میں رہتے تھے، اُسی دور میں ہندو اور بدھ مت کے پیروکار وہاں سے ہزاروں کلومیٹر دُور مشرق میں رہتے تھے۔ چھٹی صدی میں اُن کا عربوں سے بہت ہی کم رابطہ تھا۔ لیکن بہت سے اہلِ کتاب (یہودی اور مسیحی) مشرقِ وسطیٰ اور شمالی افریقہ میں آباد تھے۔ وہ قافلوں کے ساتھ باقاعدہ رابطے میں رہتے تھے۔ وہ صحراؤں اور ساحلی خطوں میں پھیلے دیہاتوں میں آباد تھے۔ قرآن کہتا ہے کہ بعض لوگ گمراہی کو فروغ دے رہے تھے۔ سورہ ۴:۴۴ ''کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں کچھ حصہ کتاب سے ملا ہے وہ گمراہی خریدتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ تم بھی راستہ گم کردو۔''

یقیناً کچھ واقعی ایسے ہی تھے! تاریخ بتاتی ہے کہ توراۃ، صحائفِ انبیاء علیہم السّلام اور اِنجیل کے برخلاف بہت سے لوگ طرح طرح کے عجیب وغریب خیالات میں بھٹک گئے تھے۔ مثلاً بعض نے یہ تعلیم دی کہ عیسیٰؑ المسیح نے شادی کی تھی اور آپ کے بچے بھی تھے۔ دوسروں نے مقدسہ مریمؑ کو ولیہء فائقہ کے درجے پر پہنچا دِیا اور آپ سے اور دیگر مردہ مقدسین سے دُعائیں مانگنا شروع کردیں۔

غلطیاں تب ہی ہوتی ہیں جب سچائی موجود ہوتی ہے۔ اگر اصلی پیسہ نہ ہوتا تو جعلی پیسے کا کوئی وجود ہی نہ ہوتا۔ ریاضی میں ایسی کوئی غلطی نہ ہوتی، جیسے ۲ اور ۲ مل کر ۵ ہوتے ہیں، جب تک کہ یہ سچائی وجود نہ رکھتی کہ ۲ اور ۲ مل کر ۴ ہوتے ہیں۔ غلطیاں سچائی کے وجود کو ثابت کرتی ہیں۔ اگر چہ یہودیوں اور مسیحیوں میں مختلف خامیاں موجود ہیں لیکن اِس سے توراۃ، صحائفِ انبیاء علیہم السّلام اور اِنجیل کی صحت میں کوئی تبدیلی نہیں آتی۔ ورنہ قرآن اہلِ کتاب کو یہ ہدایت کیوں دیتا کہ وہ اپنی کتاب پر بھروسہ کریں۔

نا قابلِ معافی گناہ (سورہ ۴:۴۸)

نا قابلِ معافی گناہ کیا ہے؟ نہ تو قتل۔ نہ زِنا۔ نہ چوری۔ نہ کسی کے اِنسانی حقوق کی خلاف ورزی۔ اِس قرآنی آیت کے مطابق بت پرستی یا اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا ایک نا قابلِ معافی گناہ ہے۔

بے شک اللہ اسے نہیں بخشتا جو اس کا شریک ٹھہرائے اور شرک کے علاوہ دوسرے گناہ جسے چاہے بخشتا ہے، اور جس نے اللہ کا شریک ٹھہرایا اس نے بڑا ہی گناہ کیا۔

یہودی اور مسیحی اِس بات سے اِتفاق کرتے ہیں کہ بت پرستی ایک کبیرہ گناہ ہے۔ آخر اِس بھیانک گناہ کا مرتکب کون ہے؟

ہم جانتے ہیں کہ مکّہ کے لوگ محمد ﷺ کی پیدائش سے پہلے بھی اللہ سے واقف تھے۔ حضرت محمد ﷺ کے والد کا نام عبداللہ تھا اللہ کی اِصطلاح حضرت محمد ﷺ کی آمد سے سیکڑوں سال پہلے کی دستاویز میں بھی موجود ہے۔[۹] (۹ "The Arabic & Islamic Inscriptions: Examples Of Arabic Epigraphy", http://www.islamic-awareness.org/History/Islam/Inscriptions/, accessed February 2018.) مشرکینِ عرب کا ماننا تھا کہ اللہ سب سے بڑا معبود ہے۔

حضرت محمد ﷺ نے خود یہ تعلیم دی کہ کعبہ کو حضرت ابراہیم اور اِسماعیل علیہم السّلام نے مکّہ کے عین وسط میں تعمیر کیا تھا، جو کہ عربوں کا مرکزی علاقہ ہے۔ اگر ایسا تھا، تو عرب زمانہءقدیم سے اللہ کے بارے جانتے تھے۔ پھر بھی اُنہوں کعبہ کو بتوں سے بھر دِیا۔ اگر وہ بارے میں جانتے ہوئے بھی بت پرستی کرتے تھے تو کیا وہ نا قابلِ معافی گناہ کے مرتکب نہیں تھے؟

آیئے ذرا اِس پر غور کرتے ہیں۔ اگر مکّہ والوں نے اللہ کی عبادت کے ساتھ ساتھ دوسرے معبود بھی بنا رکھے تھے تو اللہ اُنہیں کیسے معاف کر سکتا تھا؟

شاید اِس آیت کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی مشرک کو معاف نہیں کرے گا جو حضرت محمد ﷺ کا پیغام سننے کے بعد بھی بتوں کی پیروی کرتا ہے۔ لیکن اِس صورت میں قرآن بت پرستوں کو توبہ کرنے کے لئے کیوں کہتا ہے اگر اُنہوں نے حضرت محمد ﷺ کی تنبیہ سننے کے بعد بھی یہ نا قابلِ معافی گناہ کیا ہے؟

اُن مسیحیوں کا کیا جن پر عیسیٰ کو اللہ کے ساتھ دوسرا خدا بنانے کا الزام ہے؟ اگر کچھ مسیحی واقعی دو یا تین یا اِس سے بھی زیادہ معبودوں کی پرستش کرتے ہیں تو کیا اِس مطلب یہ ہے کہ اُنہیں کبھی معاف نہیں کیا جا سکتا؟ اگر ایسا ہے تو پھر اُنہیں بار بار توبہ کی طرف کیوں بلایا جاتا ہے؟

یہ آیت یہ سمجھ پانا بہت مشکل بنا دیتی ہے کہ کون معافی کے قابل ہے۔ اگر کسی نے کبھی کوئی جھوٹا معبود بنا کر اُسے اللہ کے برابر یا اُس سے بھی بلند درجہ کیا ہو، تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ سیدھا جہنم میں جائے گا چاہے وہ کتنی بھی توبہ کرنے کی کوشش کرے۔

مسیحیوں کا بھی ماننا ہے کہ ایک ایسا گناہ ہے جس کی کوئی معافی نہیں ہے۔ عیسیٰؑ نے اِس کے متعلق بیان فرمایا، ''اِس لئے مَیں تم سے کہتا ہوں کہ آدمیوں کا ہر گناہ اور کفر تو معاف کیا جائے گا مگر جو کفر روح کے حق میں ہو وہ معاف نہ کیا جائے گا۔''[۹۱] (۹ اِنجیلِ مقدس، متی ۱۲:۳۱) یہاں عیسیٰؑ نے ایک آدمی سے بدروحیں نکالیں اور مذہبی رہنماؤں نے آپ پر شیطان کی طاقت سے بدروحیں نکالنے کا اِلزام لگایا۔ اُنہوں نے عیسیٰؑ میں اللہ کی روح کو معجزات کرتے دیکھنے سے اِنکار کر دِیا۔ اُنہوں نے اللہ کی روح کی مخالفت کی جس نے اُنہیں عیسیٰؑ پر ایمان لانے کی دعوت دی۔ لہٰذا عیسیٰؑ فرما رہے ہیں کہ اللہ ایسے لوگوں پر اپنا فضل جاری نہیں کر سکتا جو اُس کی روح کے خلاف ہیں۔ ایک سنگدل شخص معافی سے اِنکار کرتا ہے۔ ایک منکسر دِل کبھی اللہ کو ''نہ'' نہیں کرے گا بلکہ اللہ کی آواز پر ہمیشہ اُس کا جواب ''ہاں'' ہی ہوگا۔

شفاعت کرنے والے (سورہ ۴:۶۴)

کیا کوئی کسی دوسرے کے لئے اللہ تعالیٰ سے معافی مانگ سکتا ہے؟ قرآن کئی مقامات پر سفارش کرنے والوں سے خبردار کرتا ہے۔ تاہم سورہ ۴:۶۴ اِس اِمکان کو کھول دیتی ہے۔

اور ہم نے کبھی کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اسی واسطے کہ اللہ کے حکم سے اس کی تابعداری کی جائے، اور جب انہوں نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا تھا تو تیرے پاس آتے پھر اللہ سے معافی مانگتے اور رسول بھی ان کی معافی کی درخواست کرتا تو یقیناً یہ اللہ کو بخشنے والا رحم کرنے والا پاتے۔

کس طرح کا اِنسان مقدس ترین خالقِ کائنات کے حضور حاضر ہو سکتا ہے؟ ایسا کون ہے جو جنت میں اُس کے پایہءتخت کے قریب جا سکتا ہے؟ کیا ایک مکمل طور پر معصوم اِنسان کسی دوسرے کی طرف سے التجا کر سکتا ہے؟ لیکن اگر وہ شفاعت کرنے والا اپنے گناہ کا بوجھ اُٹھاتا ہے اور اُسے بھی کسی شفاعت کرنے والے کی ضرورت ہو؟ مثال کے طور پر اگر حضرت آدمؑ رجوع کرنے اور اپنے بیٹے قابیلؑ کے لئے شفاعت کرنے کی کوشش کرتے جس نے اپنے بھائی ہابیلؑ کو قتل کیا تو اللہ کیا کہے گا؟ آدمؑ کیا آپ کو وہ ممنوعہ پھل یاد ہے؟ کیا آپ نے اُسے کھایا تھا؟ حضرت آدمؑ کسی طور بھی بے جھجک اللہ پاک کے حضور نہیں جا سکتے۔ سوائے ایک کے ہر اِنسان آخری وقت تک احساسِ جرم کے سایہ تلے دبا رہے گا۔ اُن سبھی اِنسانوں کے ساتھ یہی مسئلہ ہے جو دوسروں کو معاف کروانے کی غرض سے اللہ سے فریاد کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

منکرینِ قتال (سورہ ۴:۷۷-۷۸)

اگر کوئی شخص سگریٹ چھوڑنے کی سعی کرتا ہے، تو وہ درد اور تکلیف محسوس کر سکتا ہے کیونکہ اُس کا جسم صرف ایک مرتبہ اور سگریٹ کو اپنے ہونٹوں سے لگانے کی خواہش کرتا ہے۔ وہ آدمی اپنے نفس سے جنگ کرتا ہے۔

اِسلام کے ابتدائی دِنوں میں مسلمانوں نے مختلف قسم کی جنگیں لڑیں ۔ وہ عرب کے تپتے صحراؤں کے پار اُن لوگوں سے لڑے جنہیں وہ شیطان کے دوست مانتے تھے۔ تاہم کچھ ابتدائی ایمانداروں نے طبعی زخموں اور موت کا سامنا نہ کرنے کو ترجیح دی۔ اُن میں سے کچھ لوگ ''اللہ سے زیادہ اُن اِنسانوں سے خوفزدہ تھے۔'' قرآن اُن بزدلوں کی سرزنش کرتے ہوئے کہتا ہے کہ وہ جنگ سے بھاگ کر دُور اپنے میناروں میں چھپ کر نہیں بیٹھ سکتے کیونکہ اللہ وہاں بھی اُن کی جان لے سکتا ہے۔

آگے چل کر آیت ۹۵ کہتی ہے کہ اللہ کی راہ میں لڑنے والا مومن گھر میں بیٹھنے والے مومن سے افضل ہے۔ لڑنے والے کو خاص اجر ملتا ہے۔ مومنوں کو تاکید کی گئی ہے کہ وہ لڑائی کو جاری رکھیں چاہے راستہ مزید مشکل ہی کیوں نہ ہو جائے۔ آیت ۱۰۴: ''اوران (دشمن) لوگوں کا تعاقب کرنے سے ہمت نہ ہارو، اگر تم تکلیف اٹھاتے ہو تو وہ بھی تمہاری طرح تکلیف اٹھاتے ہیں، حالانکہ تم اللہ سے جس چیز کے امیدوار ہو وہ نہیں ہیں، اور اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے۔''

ہر اِنسان آخری وقت تک احساسِ جرم کے سایہ تلے دبہ رہے گا

مَیں دیکھ سکتا ہوں کہ اِن آیات کو سگریٹ پینے سے روکنے کی کوشش کرنے والے شخص کی علامتی کشمکش کے طور پر کیسے لیا جا سکتا ہے، لیکن اصل مقصد کا تعلق فوجیوں کے مابین جسمانی لڑائی سے ہے۔

ابراہیمؑ خلیلُ اللہ (سورہ۴:۱۲۵)

حضرت ابراہیمؑ کو کس بات نے اِتنا خاص بنایا تھا؟ قرآن میں آپؑ کو ''اللہ کا دوست'' کہا گیا ہے۔ اللہ خود آپ کو بلایا اور آپ کو خاص انعام دینے کا وعدہ فرمایا۔ اِنجیل بیان کرتی ہے کہ ''ابراہیمؑ خدا پر ایمان لایا اور یہ اُس کے لئے راست بازی گنا گیا۔''[10] (۱۰ اِنجیلِ مقدس، رومیوں ۴:۳) اِس سے قبل کہ آپ نے کوئی نیک کام کیا، اِس سے قبل کہ آپؑ نے اپنی پہلی قربانی گزرانی، اِس سے قبل کہ آپؑ ارضِ موعودہ میں داخل ہوئے، آپؑ نے سب سے پہلے اللہ پر بھروسہ کیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی نیکی حضرت ابراہیمؑ پر اُنڈیل دی۔ کیونکہ حضرت ابراہیمؑ نے مستقبل میں اللہ کی جانب سے دیے جانے والے اِنعام پر نظر کی۔ آپؑ نے اُفق پر المسیح کو دیکھا، المسیح پر بھروسہ کیا اور خوش ہوئے۔

یہودیوں نے عیسیٰؑ کو قتل نہیں کیا (سورہ۴:۱۵۳۔۱۶۱)

یہ سطور دکھاتی ہیں آلِ ابراہیمؑ نے کس طرح خود کو مصیبتوں میں پھنسایا ہے۔ یہاں بیان ہوا ہے کہ اُنہوں نے عہد کو توڑا، آیات کو جھٹلایا اور اللہ کے رسولوں کو قتل کیا۔ ہمیں پچھلی کتب سے یہ پتہ چلتا ہے کہ آلِ ابراہیمؑ نے بعض انبیاء کو جھٹلایا اور قتل کیا۔ عیسیٰؑ نے مذہبی رہنماؤں کی مذمت کی کہ وہ آپ کو بھی قتل کرنے کے درپے تھے جیسے اُن کے آباواجداد نے دوسرے پیغمبروں کو قتل کیا تھا۔[11] (۱۱ اِنجیلِ مقدس، لوقا ۱۱:۴۷، ''تم پر

افسوس! کہ تم تو نبیوں کی قبروں کو بناتے ہو اور تمہارے باپ دادا نے اُن کو قتل کیا تھا۔")

مسیحیوں کے لئے، سورہ ۴: ۱۵۷۔۱۵۸ قرآن کی سب سے دلچسپ بیانات میں سے ایک ہے۔

اوران کے یہ کہنے پر کہ ہم نے مریم کے بیٹے مسیح عیسیٰ کو قتل کیا جو اللہ کا رسول تھا حالانکہ انہوں نے نہ اسے قتل کیا اور نہ سولی پر چڑھایا لیکن ان کو اشتباہ ہو گیا، اور جن لوگوں نے اس کے بارے میں اختلاف کیا ہے وہ بھی دراصل شک میں مبتلا ہیں، ان کے پاس بھی اس معاملہ میں کوئی یقین نہیں ہے محض گمان ہی کی پیروی ہے، انہوں نے یقیناً مسیح کو قتل نہیں کیا۔ بلکہ اللہ نے اسے اپنی طرف اٹھا لیا، اور اللہ زبردست حکمت والا ہے۔

فرض کیجیے کہ مَیں اِس آیت کو پہلی بار تمام تر تفاسیر اور آراء سنے بغیر پڑھ رہا ہوں۔ اگر مَیں ایک معصوم بچے کی طرح اِسے پڑھوں تو مَیں کیا سوچوں گا؟

ایک پل کے لئے پیچھے ہٹتے ہوئے مَیں نے دیکھا کہ اِنجیل یہ نہیں سکھاتی کہ آلِ ابراہیمؑ نے خود عیسیٰؑ کو قتل کیا یا مصلوب کیا۔ مجرم کو لکڑی کی صلیب پر کیلوں سے جڑ کر مصلوب کرنا رُومیوں کا وتیرہ تھا۔ یہودی لوگوں کو سنگسار کر کے قتل کیا کرتے تھے۔ حضرت داؤدؑ نے نبوت کی کہ مسیح کی موت پر اُن ایک بھی ہڈی نہیں توڑی جائے گی۔[12] ([12] زبور ۳۴: ۲۰: "وہ اُس کی سب ہڈیوں کو محفوظ رکھتا ہے۔ اُن میں سے ایک بھی توڑی نہیں جاتی۔")

اپنے پہلے خطبہ میں پطرسؔ نے یہ اعلان کیا کہ،

جب وہ خدا کے مقررہ اِنتظام اور علمِ سابق کے مُوافق پکڑوایا گیا تو تم نے بے شرع لوگوں کے ہاتھ سے اُسے مصلوب کروا کر مار ڈالا۔ لیکن خدا نے موت کے بند کھول کر اُسے جلایا کیونکہ ممکن نہ تھا کہ وہ اُس کے قبضہ میں رہتا۔[13] ([13] اِنجیلِ مقدس، اعمال ۲: ۲۳۔۲۴)

مذہبی رہنماؤں نے خود عیسیٰؑ کو قتل نہیں کیا، گو اُنہوں نے آپ کی موت کا مطالبہ کیا۔ بت پرست رومیوں نے عیسیٰؑ کو مصلوب کیا تھا۔ بالآخر اللہ تعالیٰ نے عیسیٰؑ کو قربانی کے بے داغ بّرہ کے طور پر قربان گاہ تک پہنچایا۔

قرآن کے مشکل جملوں میں سے ایک یہ ہو سکتا ہے کہ "لیکن ان کو اشتباہ ہو گیا" کیا اِس کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ اللہ نے عیسیٰؑ کی جگہ کسی اور کو صلیب پر چڑھا کر اُنہیں دھوکہ دیا؟ لیکن کیا یہ بات اللہ کو جھوٹا قرار نہیں دے گی؟ عیسیٰؑ کی جگہ کون لیتا؟ غدار یہوداہؔ اِسکریوتی؟ کوئی دوسرا شخص؟ کوئی فرشتہ؟ یا کوئی جن؟ یہ سراسر قیاس آرائیاں ہیں۔ قرآن اِس بارے میں خاموش ہے۔

جہاں قرآن خاموش ہے وہاں اِنجیل بولتی ہے۔ وہاں ذِکر ہوا ہے کہ عیسیٰؑ مر گئے اور آپ دوستوں نے تین دِن تک آپ کو دفن کئے رکھا۔ اِس دوران یہودی مذہبی رہنماؤں کو ایسا لگتا تھا کہ اُنہوں نے بالآخر آپ سے چھٹکارا حاصل کر لیا ہے۔ عیسیٰؑ مرے اور تین دِن تک دفن رہے لیکن آپ وہاں کے ہی ہو کے نہیں رہ گئے۔ بڑے دُکھ کے بعد بڑا اجلال بھی آیا۔ تیسرے دِن آپ قبر سے زندہ ہوئے۔ اور زندہ ہیں!

ہم اِس کا جائزہ سادہ ترتیب سے لے سکتے ہیں:

۱۔ یہودی رہنما عیسیٰؑ کو قتل کرنا چاہتے تھے۔

